باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED — بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 242

پیر 26 اکتوبر 2026ء | 14 جمادی الاول | 1448ھ | رجسٹرڈ ڈبی سی پی-10

قلعہ سیف اللہ و ڈیرہ اسماعیل خان میں آپریشن، اہم کمانڈر سمیت 7 ہلاک، 2 جوان شہید

سکیورٹی فورسز نے ردالفتنہ 3 کے تحت قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش کو ہلاک کردیا 2024 سے مالی معاملات کی نگرانی غیر مقامی دہشت گردوں کو ژوب، شیرانی اور شعبان میں رہائش فراہم کرنے میں مدد کرتا تھا، سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر تھی

ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں بھارتی حمایت یافتہ 6 خارجیوں کو ہلاک کردیا گیا، شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران نائک اور سپاہی شہید، عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بلوچستان نیوز) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اسماعیل خان (بلوچستان نیوز) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں بھارتی حمایت یافتہ 6 خارجیوں کو ہلاک کر دیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

او آئی سی کا مکہ اور مدینہ پر حملوں کی مذمت

سعودی عرب کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار، مکمل حمایت کی یقین دہانی

صنعاء (بلوچستان نیوز) او آئی سی کے سیکریٹری جنرل نے مکہ اور مدینہ پر حوثی شدت پسندوں کے گھناؤنے حملوں کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ مسلم دنیا کو حوثی باغیوں کی سرکوبی کے لیے ایک مضبوط موقف اپنانا ہوگا۔ اسلامی تعاون تنظیم کے سیکریٹری

بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی ملٹری ڈرون مقابلے میں پاکستان نے دوسری پوزیشن حاصل کرلی

انقرہ (آئی این پی) ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں منعقدہ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی ٹیم مستقبل میں بھی ملک کا نام روشن کرے گی، وزیراعلیٰ

قومی کرکٹ ٹیم کی سنسنی خیز فتح کھلاڑیوں کے عزم اور صلاحیتوں کا مظہر ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ایک وکٹ سے کامیابی حاصل کرنے پر قومی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے مشکل صورتحال میں غیر معمولی حوصلے، مہارت اور آخری

بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مسجد الحرام کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام

ایران پر حملہ کسی بھی وقت ہو سکتا ہے، ٹرمپ

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علاقوں کی طرف داغے گئے دو بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کیے جانے کے بعد ٹکڑوں کے کچھ حصے مقدس دارالحکومت کے علاقے وادی المغمس میں جنوبی علاقے میں 10 بیلسٹک میزائلوں جبکہ خمیس مشیط کی جانب آنے والا ایک کروز میزائل کو بھی فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ

ایران کے معاملے کو بہت اچھے طریقے سے نمٹایا، امریکی صدر، سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کی عدلیہ کے سربراہ سے اہم ملاقات، ایرانی قوم امریکا سے مرعوب نہیں ہوگی، باقر قالیباف، بندر عباس کے قریب ایک اور امریکی ساختہ ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

ریاض (این این آئی) سعودی سول ڈیفنس نے دہشت گرد حوثی ملیشیا کی جانب سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علاقوں کی طرف داغے گئے دو بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کیے جانے کے بعد ان کے ٹکڑے گرنے کے واقعے پر کارروائی کی ہے۔ سول ڈیفنس نے بتایا کہ دونوں بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کرنے کے عمل کے نتیجے میں ان کے کچھ حصے مقدس دارالحکومت کے علاقے وادی المغمس میں گرے، جو مسجد حرام سے صرف ایکس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ تباہ شدہ میزائلوں کے کچھ ٹکڑے جدہ گورنری کے النزہہ محلے، طائف گورنری کی وادی جلیل اور رابغ گورنری کے مستورہ مرکز میں گرے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں معمول کے مطابق طے شدہ طریقہ کار پر عمل

بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سرکاری اسکولوں و مدارس کے طالبعلموں کو کروم بکس کی فراہمی کا اجراء کر رہے ہیں

راولپنڈی، دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان

وزیراعظم کا سکولوں و مدارس کے 5 لاکھ طلباء کو کروم بکس دینے کا اعلان

جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر طلبا و طالبات پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، شہباز شریف

تعلیم انسان کو معاشرے میں ممتاز بناتی ہے، دو سال میں پانچ لاکھ طالب علموں تک یہ کروم بکس پہنچائیں گے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طالب علموں کو کروم بکس کی فراہمی کا اجرا کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر یہ طلبا و طالبات پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، قوم کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کیلئے جس قدر وسائل درکار ہوئے، وہ فراہم کریں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردوں، مالی معاونین و سہولت کاروں کیخلاف کارروائیاں ناگزیر ہیں

سرفراز بگٹی

قلعہ سیف اللہ میں اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے غیر متزلزل ارادے کی عکاس ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سے منسلک سرحد بند کی نہ ایل این جی کی برآمدات پر پابندی، ایرانی سفیر

ایرانی اشیا کی برآمد پر کوئی پابندی نہیں، تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ سرحدیں کھلی ہیں، موجودہ حالات میں پاکستان کیساتھ سرحدیں بند کرنا ایران کے مفاد میں نہیں، ای فارم طریقہ کار میں تبدیلی سے سامان کی ترسیل متاثر ہوئی

پاکستان سامان بھیجنے میں تاجروں کو مشکلات کا سامنا، ای فارم طریقہ کار سے متعلق مسئلے کے حل کے لیے مشاورت جاری، ایل پی جی سے لدے ٹرک کئی ہفتوں سے کلیئرنس کے منتظر ہیں، رضا امیری مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے پاکستان کے لیے سرحدیں بند کرنے کی خبریں درست نہیں، ایران کی جانب سے پاکستان کو ایرانی اشیا کی برآمد پر کوئی پابندی نہیں۔ اپنے بیان میں رضا امیری مقدم نے کہا کہ ایل پی جی سمیت ایرانی اشیا کی پاکستان برآمد پر کوئی پابندی نہیں، ایران کی تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ سرحدیں کھلی ہیں، موجودہ حالات میں پاکستان کیساتھ سرحدیں بند کرنا ایران کے مفاد میں نہیں۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ پاکستان کے ای فارم طریقہ کار میں تبدیلی سے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دوحہ سے وفد تہران پہنچ گیا، ایرانی عہدیدار کی تصدیق

دورہ ایران اور قطر کے درمیان معمول کے سفارتی روابط اور تبادلوں کا حصہ ہے

تہران (بلوچستان نیوز) قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ نے ایک سینئر ایرانی عہدیدار کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ دوحہ سے ایک وفد آج

بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارے اڑنے کیلئے تیار

قومی ایئر لائن 31 اکتوبر کو لندن سے اسلام آباد کے لیے پہلی پرواز چلائے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) نے اپنے فضائی آپریشن میں اہم سنگ میل عبور کرلیا، پہلی بار بوئنگ 787 ڈریم

بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کے جاری اجلاس میں 30 اکتوبر تک توسیع کا فیصلہ

بعض معاشی و قانونی اصلاحات سے متعلق قوانین میں تبدیلیاں بھی متوقع

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے اہم قانون سازی کو حتمی شکل دینے کی غرض سے قومی اسمبلی کے جاری اجلاس میں 30 اکتوبر تک توسیع

بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایل پی جی کے 2 جہاز پہنچ گئے، قیمتوں میں کمی کا امکان

دونوں جہاز 7 ہزار 603 میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچے

کراچی (آئی این پی) اومان سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) لے کر آنے والے 2 بحری جہاز پاکستان پہنچ گئے، جس کے بعد ایل پی جی کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپ مہنگائی کیخلاف احتجاج، فرانس میں 4 لاکھ افراد کا مارچ

سپین میں احتجاج کے دوران لوٹ مار کی گئی۔ پولیس نے 100 افراد کو گرفتار کرلیا، پیرس اور مارسائی میں زیادہ تر پرامن ریلیاں جھڑپوں میں تبدیل

پولیس نے نقاب پوش نوجوانوں کے گروپ پر آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا

پیرس (بلوچستان نیوز) مہنگائی کے خلاف فرانس سمیت یورپ کے مختلف ملکوں میں احتجاج کیا گیا۔ فرانس بھر میں لاکھوں مظاہرین نے مارچ کیا۔ سپین میں ہونے والے احتجاج کے دوران لوٹ مار کی گئی۔ پولیس نے 100 افراد کو گرفتار کرلیا۔ اگرچہ گزشتہ ہفتے کی ہنگامہ آرائی کو دہرائے جانے سے روکنے کے لیے فرانس میں بڑا سکیورٹی آپریشن کیا گیا لیکن رات گئے پیرس اور مارسائی میں زیادہ تر پرامن ریلیاں جھڑپوں میں تبدیل ہو گئیں۔ روئٹرز

بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، جنسی استحصال کے متاثرین کو 80 کروڑ ڈالر دینے اتفاق

ہر ایک کو 2 لاکھ 50 ہزار ڈالر ملیں گے، سنگینی کے لحاظ سے یہ رقم زیادہ بھی ہو سکتی ہے

نیویارک (بلوچستان نیوز) نیویارک کے کیتھولک آرچ ڈائیوسیس نے سیٹلمنٹ کو اعلان کیا ہے کہ وہ پادریوں کے ہاتھوں جنسی استحصال کا نشانہ بننے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

امن، استحکام اور اقتصادیات لازم و ملزوم ہیں، خرم شہزاد

پاکستان کی اہم ریٹنگز اب ''مستحکم آؤٹ لک'' کے ساتھ وسیع تر بی کیٹیگری میں واپس آ چکی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی اہم ریٹنگز اب مستحکم آؤٹ لک کے ساتھ وسیع تر بی کیٹیگری میں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار سے چینی سفیر کی ملاقات، سٹریٹجک تعاون میں پیشرفت پر اطمینان

ملاقات میں سی پیک، علاقائی روابط، تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون پر تبادلہ خیال، اعلیٰ سطح کے تبادلوں پر بھی گفتگو

پائیدار امن اور استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر جیانگ ژی ڈونگ نے ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک تعاون میں مسلسل پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں سی پیک، علاقائی روابط، تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے حنا چوہدری ملاقات کر رہی ہیں

فیصلہ سازی میں کور اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر درست نہیں، بیرسٹر گوہر

کور سیاسی کمیٹی اور پارلیمانی پارٹی الگ الگ باڈیز ہیں، تجاویز اور سفارشات کو ہمیشہ اہمیت دی جاتی ہے

پی ٹی آئی میں فیصلوں کا حتمی اختیار عمران خان کے پاس متعلقہ کمیٹیوں کو اختیارات تفویض کیے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے فیصلہ سازی میں کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلہ سازی میں کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر درست نہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق بیرسٹر گوہر نے تردید کی کہ فیصلہ سازی میں کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر درست نہیں، کمیٹیوں کو مائنس کرنے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاض، حوثیوں کے میزائل حملے سے ہونے والی تباہی کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں

بلوچستان اور کے پی میں آپریشنز، دہشتگرد حملوں میں 66 فیصد کمی

18 سے 24 ستمبر کے 61 حملے 16 سے 22 اکتوبر تک 21 رہ گئے، انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کی نئی رپورٹ

عسکریت پسندوں کے حملوں میں گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 38 فیصد کمی، زخمی افراد کی تعداد بھی کم ہو کر 11 رہ گئی

اسلام آباد (این این آئی) خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں دہشت گرد حملوں میں واضح کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کی نئی رپورٹ کے مطابق پانچ ہفتوں میں دہشت گرد حملے تقریباً 66 فیصد کم ہوئے، 18 سے 24 ستمبر کے 61 حملے 16 سے 22 اکتوبر تک 21 رہ گئے۔ رپورٹ کے مطابق

بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یو اے ای کی سفارتکار گریٹر اسرائیل منصوبے کو آگے بڑھا رہی ہیں، محمد باقر

پیشہ ورانہ ریکارڈ میں غزہ کی تباہی کا دفاع کرنے کے سوا کچھ نظر نہیں آتا

تہران (بلوچستان نیوز) ایران کی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے متحدہ عرب امارات کی سفارتکار لانا نسیبہ پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ اقوام

بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

خضدار، پل کو دھماکے سے اڑا دیا گیا

خضدار (آن لائن) خضدار شہداد کوٹ روڈ پر تحصیل کرخ کے علاقے لاکھارو میں نامعلوم افراد نے ایک پل کو دھماکے سے اڑا دیا۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف طالبان کی تابعداری اور حمایت کرنا چاہتی تھی، پرویز خٹک

ابھی آزاد ہوں، کسی دوسری سیاسی جماعت میں شامل ہونے کا ارادہ نہیں، گورنر راج کا فیصلہ مشکل تھا، سابق وزیراعلیٰ

پرویز خٹک نے سیاست میں طویل اننگز کھیلی ہیں، ملاقاتوں کا مقصد وفاق کے ساتھ مسائل کے حل کی راہیں تلاش کرنا ہے، مل کر ایک پیج پر کام کریں گے، گورنر

نوشہرہ (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے داخلہ پرویز خٹک نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف طالبان اور افغانستان کی تابعداری اور حمایت کرنا چاہتی تھی۔ نوشہرہ میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک سے ملاقات کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ پرویز خٹک نے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس کی فراہمی کے لیے درخواستیں طلب

200 بیچز بنائے جائیں گے، ہر بیچ میں 500 بائیکس شامل ہوں گی

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں الیکٹرک بائیکس کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے 90 روز میں ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس فراہم کرنے کا

بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا

محسن نقوی کی جانب سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم

لاہور (این این آئی) پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا، تاریخی قذافی سٹیڈیم میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک پراجیکٹ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسمبلی قرارداد سے سرداری نظام کو ختم نہیں کیا جا سکتا، سرداران سراوان

سرداروں نے لوگوں کی جانیں اور عزتیں بچائی ہیں، اگر کوئی گھناؤنا فعل کرتا تو یہ اس کا ذاتی اقدام ہو سکتا ہے

اسمبلی میں بیٹھے ہوئے نمائندگان کسی نہ کسی قبیلے سے تعلق رکھتے، رٹ قائم کرنا سرداروں کا نہیں، حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے، نواب شاہوانی، سردار کمال خان و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) سرداران سراوان اور قبائلی معتبرین و عمائدین نواب محمد خان شاہوانی، سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا ہے کہ قبائلی سرداروں نے لوگوں کی جانیں اور عزتیں بچائی ہیں۔ اگر کوئی گھناؤنا فعل کرتا ہے تو یہ اس کا ذاتی اقدام ہو سکتا ہے اسمبلی قرارداد لا کر سرداری نظام کو ختم نہیں کیا جا سکتا یہ کام کم عقلی کا ہو سکتا ہے کیونکہ اسمبلی میں بیٹھے ہوئے نمائندگان کسی نہ کسی قبیلے سے تعلق

بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان و قطر کا تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس، پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ، دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ

معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا، حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی

دوحہ (آئی این پی) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یوٹیوبرز کے بیانیے کا تحریک انصاف سے تعلق نہیں، شوکت یوسفزئی

بیرون ملک مقیم یوٹیوبرز کو اب مشورے دینے سے باز رہنے کا کہہ دیا ہے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کو 14 روز گزر چکے ہیں تاہم حکومت کا کوئی واضح وژن سامنے نہیں آیا، اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کے کسی بیانیے کا تحریک انصاف

بقیہ نمبر 29 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سکینڈل: اپنے ہی کم عمر بچوں سے فحش مواد بنوانے والا باپ گرفتار

بچوں کی نازیبا ویڈیوز ٹیلی گرام کے ذریعے فروخت کی جاتی تھیں، ساتھ جانوروں پر تشدد اور زیادتی کی ویڈیوز بنانے کا معاملہ بھی سامنے آیا

جو والدین بچوں کے جرائم معلوم ہونے پر بھی رپورٹ نہیں کر رہے ان کے خلاف بھی کارروائی کی جائیگی، این سی سی آئی اے

اسلام آباد (بلوچستان نیوز) اپنے ہی بچوں کی نازیبا ویڈیوز بنانے اور بیچنے کے الزام میں باپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے محمد شعیب خان نے انکشاف کیا کہ چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث گینگ میں ایک ملزم خود ہی اپنے بچوں کی ویڈیوز بیچ رہا تھا، بچوں کی عمریں پانچ سے چھ سال کے درمیان تھیں، پاکستان کی تاریخ میں بھی اس

بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان بلیو اکانومی میں علاقائی تعاون بڑھانے کا خواہاں

چین پاکستانی سمندری خوراک کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی بن گیا

ہائیکو (این این آئی) پاکستان ایشیا پیسفک خطے میں بلیو اکانومی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے اس سلسلے میں پاکستانی کمرشل قونصلر نے چین کے صوبہ ہائی نان میں منعقدہ ایک اہم صنعتی کانفرنس کے دوران پاکستان کے سمندری خوراک کے وافر وسائل اور برآمدات کی کارکردگی کو اجاگر کیا۔ گوادر پرو کے مطابق گوانگو میں پاکستان کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسپورٹس سٹی بنانے پر مجھے جیل بھیجا گیا، احسن اقبال

یونیورسٹی آف نارووال کے تحت مختلف کھیلوں کے تربیتی کیمپ لگائے جائیں گے

نارووال (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسپورٹس سٹی بنانے پر مجھے جیل بھیجا گیا، ڈھائی ماہ قید بھگتی۔ احسن اقبال نے نارووال اسپورٹس سٹی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اجڑے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ کشمیر میں ہندوتوا نظریہ مسلط کرنے کی مذموم سازش

بھارت میں ریاستی اداروں کی نام نہاد غیر جانب داری کا پول کھل چکا ہے

نئی دہلی (این این آئی) مودی راج میں بھارت میں ہندوتوا نظریے کا پھیلاؤ اور آر ایس ایس کا بڑھتا اثرورسوخ اقلیتوں کیلئے سنگین خطرہ بن گیا۔ بھارتی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وسط مدتی انتخابات، ٹرمپ نے قبل از وقت ووٹ کاسٹ کر دیا

فلوریڈا (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے لیے ریاست فلوریڈا میں قبل از وقت ووٹ ڈال دیا جہاں ان کی ریپبلکن پارٹی کو کانگریس میں اپنی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوباما نے ٹرمپ کا ایران جنگ کا بیانیہ مسترد کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر بارک اوباما نے امریکی صدر ٹرمپ کا ایران جنگ کا بیانیہ مسترد کر دیا۔ بارک اوباما نے ڈونلڈ ٹرمپ کو تاریخی نااہل اور مہنگائی کا ذمے دار قرار دے دیا۔ انتخابی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل میں انتخابات سے قبل نیتن یاہو کیخلاف بڑا مظاہرہ

ہزاروں افراد سڑکوں پر نکل آئے، 7 اکتوبر کے حملے سے جڑی ناکامیوں کی تحقیقات کے لیے آزاد تحقیقاتی کمیشن بنانے کا مطالبہ

اسرائیل پر پابندیاں لگ سکتی ہیں، کرپٹو کرنسی اور بلاک چین استعمال کریں، نیتن یاہو، اب ملک کی قیادت کے اہل نہیں رہے، اپوزیشن رہنما

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل میں انتخابات سے قبل ہزاروں افراد نیتن یاہو حکومت کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تل ابیب میں شہری حکومت کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور وزیراعظم نیتن یاہو کیخلاف مظاہرے کیے۔ رپورٹ کے مطابق تل ابیب میں مظاہرین نے 7 اکتوبر 2023 کے حماس حملے سے جڑی نیتن یاہو حکومت کی ناکامیوں کی تحقیقات کے لیے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، نواب محمد خان شاہوانی، سردار کمال خان بنگلزئی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پشاور، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک سے ملاقات کر رہے ہیں

بقیہ بلوچستان نیوز 1

ہلاک دہشت گرد کمانڈر دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، دہشت گرد 2024 سے دہشت گرد گروہ کے مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد غیر مقامی دہشت گردوں کو ژوب، شیرانی اور شعبان میں رہائش فراہم کرنے میں مدد کرتا تھا اور 2022اور2023 سے سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور اغوا برائے تاوان میں ملوث رہا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خارجی کمانڈر کے خلاف انسداد دہشت گردی عدالتوں میں 19 مقدمات درج ہیں اور خارجی کمانڈر کے سر کی قیمت 25لاکھ روپے مقرر تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 2

گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران 36سالہ نائیک غلام مرتضیٰ اور 30سالہ سپاہی تاثیر احمد شہید ہوگئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک خوارج سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں اور معصوم شہریوں کے قتل سمیت دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے۔عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں مزید خوارج کی موجودگی کے خاتمے کیلیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، ملک سے غیرملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کیلیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔شہید نائیک غلام مرتضیٰ کا تعلق ضلع گجرات اور سپاہی تاثیر احمد کا تعلق ضلع تلہ گنگ سے تھا۔وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ قوم اپنے بہادر شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہدا نے جانوں کا نذرانہ دے کر دشمن کے عزائم ناکام بنائے قوم کو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات پر فخر ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 3

در آمد کر دیا گیا ہے۔عالمی رابطہ اسلامی نے حوثی دہشت گرد گروہ کے طرز عمل اور مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی حرمت کو نشانہ بنانے کی جرات کو دو ارب سے زائد مسلمانوں کے جذبات کے لیے خطرناک اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔رابطہ نے اسے دین اسلام کی اقدار اور بنیادی انسانی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی پر مبنی اس طرز عمل کو فروغ دیا جا رہا ہے، جو مذہبی مقدسات، ایمانی جذبات اور انسانی احساسات کی حرمت پامال کرتا ہے۔رابطہ کے مطابق یہ طرز عمل اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات اور اسلام و مسلمانوں سے غداری کے مترادف ہے۔سعودی عرب کی فضائی دفاعی فورسز نے جنوبی علاقے میں حوثی باغیوں کے 10بیلسٹک میزائلوں جبکہ خمیس مشیط کی جانب آنے والا ایک کروز میزائل کو بھی فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔سعودی پریس ایجنسی کے مطابق یہ دعویٰ یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف سعودی قیادت میں سرگرم فوجی اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے اتوار 25اکتوبر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کیا۔دوسری جانب سعودی عرب کے محکمہ شہری دفاع نے بتایا کہ اتوار کے روز دو بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کیے جانے کے بعد ان کا ملبہ خمیس مشیط اور احد رفیدہ کے علاقوں میں گرا، جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے۔شہری دفاع کے مطابق زخمیوں میں ایک سعودی شہری اور ایک ایشیائی باشندہ شامل ہے۔میزائلوں کے ملبے سے تین رہائشی عمارتوں اور سات گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ہنگامی امدادی ٹیمیں متاثرہ مقامات پر پہنچ گئیں اور مقررہ حفاظتی طریقہ کار کے تحت کارروائی کی گئی۔سعودی حکام نے میزائل حملوں کا ذمہ دار یمن کی حوثی ملیشیا کو قرار دیا ہے تاہم ان حملوں کے حوالے سے حوثی حکام کا مؤقف فراہم کردہ اطلاعات میں شامل نہیں ہے۔واضح رہے کہ یمن میں جاری تنازع کے تناظر میں حوثی باغیوں اور سعودی عرب کے درمیان کشیدگی خطے کی سلامتی کے لیے ایک اہم مسئلہ رہی ہے۔حالیہ واقعے میں میزائلوں کو روکنے کے باوجود ان کا ملبہ گرنے سے شہری آبادی اور املاک کو نقصان پہنچا ہے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر حملہ کل ہی ہوسکتا ہے، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کوئی بڑا معاہدہ طے پا جائے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے سے متعلق سوال پر جواب میں کہا کہ میں کسی بھی ممکنہ فوجی کارروائی کے وقت کا نہیں بتاؤں گا۔انہوں نے کہا کہ ایران کے معاملے کو بہت اچھے طریقے سے نمٹایا ہے، اب ممکن ہے کہ باقی کام بھی مکمل کرنا پڑے۔ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے ملک کے چیف جسٹس غلام حسین محسنی اژہ ای سے اہم ملاقات کی ہے۔ایرانی خبر رساں ادارے کی ویب سائٹ کے مطابق یہ ملاقات گزشتہ روز ہوئی تاہم حکام نے اس کے مقام اور وقت کی تفصیلات جاری نہیں کیں۔دونوں رہنماؤں نے عوامی حقوق کے تحفظ، بدعنوانی کے خلاف مؤثر کارروائی اور اس عمل میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے پر گفتگو کی۔اس کے علاوہ امریکا اور اسرائیل کی کارروائیوں کے نتیجے میں ہونے والے مالی اور اخلاقی نقصانات کے ازالے اور متاثرین کے حقوق کی بحالی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔مجتبیٰ خامنہ ای نے مارچ 2026 میں اپنے والد آیت اللہ علی خامنہ ای کی جگہ ایران کی قیادت سنبھالی تھی۔ان کے والد امریکا اور اسرائیل کے حملوں میں شہید ہوئے تھے۔نئے سپریم لیڈر کے بارے میں ایرانی ذرائع ابلاغ نے بتایا تھا کہ وہ بھی اسی حملے میں زخمی ہوئے تھے۔ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایرانی قوم امریکا سے مرعوب نہیں ہوگی۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایرانی عوام امریکی فوجی دھمکیوں یا دباؤ کے سامنے نہیں جھکے گی، جب تک امریکا اپنا رویہ تبدیل نہیں کرتا اور دھونس و دھمکیاں بند نہیں کرتا، وہ ناقابل اعتبار رہے گا۔باقر قالیباف نے کہا ہے کہ جب تک امریکا اپنے توڑے ہوئے وعدے پورے نہیں کرتا، امریکی دعووں پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا، ایران کی علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کا ناقابل تصور جواب دیا جائے گا۔دوسری جانب ایران نے امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔اس حوالے سے ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ ایرانی شہر بندر عباس کی فضائی حدود میں امریکی ڈرون مار گرایا ہے۔ایران کی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے جنوبی ایران کے ساحلی شہر بندر عباس کے اوپر ایک امریکی ڈرون مار گرایا ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ایرانی فوج کا یہ بیان نیم سرکاری خبر رساں ادارے تسنیم کے ذریعے سامنے آیا۔ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ مار گرایا گیا ڈرون امریکی ساختہ ایل یو سی اے ایس (LUCAS) تھا، جو نسبتاً کم لاگت والا بغیر پائلٹ طیارہ ہے اور فوجی کارروائیوں میں حملوں کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔تاہم ایرانی فوج نے واقعے کی مزید تکنیکی تفصیلات، ڈرون کے مشن یا اسے نشانہ بنانے کے طریق کار کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کیں۔واضح رہے کہ ڈرون مار گرانے کا یہ دعویٰ ایرانی فوج کی جانب سے کیا گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 4

گے تعلیم ایک ایسی دولت ہے جسے چوری نہیں کیا جاسکتا، تعلیم انسان کو معاشرے میں ممتاز بناتی ہے، دوسال میں پانچ لاکھ طالب علموں تک یہ کروم بکس پہنچ جائیں گے۔اتوار کو یہاں کونشن سنٹر اسلام آباد میں ملک بھر کے سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلبا و طالبات کو کروم بکس اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے اجرا کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تقریب میں غیر ملکی مہمان بھی موجود ہیں جن کا خیر مقدم کرتے ہیں جو نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی اس تقریب میں شریک ہوئے۔وزیراعظم نے کہا کہ صرف اور صرف قابلیت اور محنت کی بنیاد پر تعلیمی اداروں اور مدارس کے طلبا و طالبات میں یہ کروم بکس تقسیم کی جا رہی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ انہیں کروم بکس اور کتابوں کیلیے بیگ اور انٹرنیٹ مائی فائی بھی دیا جا رہا ہے تاکہ گھر کے اندر بیٹھ کر بھی وہ ای لائبریری سے استفادہ حاصل کر سکیں اور دنیا سے جہاں چاہیں علم کے حصول کیلیے اس کروم بک کے ذریعے مستفید ہو سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ ان جدید آلات کی مدد سے یہ طالب علم ممتاز اور قابل ترین افراد میں شمار ہوں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ ماضی میں مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو قابلیت اور میرٹ کی بنیاد لیپ ٹاپ دیئے گئے۔وزیراعظم نے کہا کہ اس پروگرام سے مستحق اور یتیم بچے مستفید ہوئے کیونکہ ذہانت اور محنت کسی امارت یا غربت کی پابند نہیں ہونی چاہئے، اس کی بنیاد صرف اور صرف محنت ہونی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال میں تقسیم کئے گئے، اب یہ کروم بکس پانچ لاکھ ہونہار طالب علموں کو دو سال کے قلیل عرصہ میں فراہم کی جائیں گی، اس شاندار ڈیوائس کی بدولت پاکستان کے طلبا و طالبات دنیا میں قابلیت اور ذہانت میں کسی سے پیچھے نہیں ہوں گے۔انہوں نے نوکیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان بچوں کیلیے یہ کروم بکس عطیہ کیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ان عطیات سے ثابت ہوتا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کو جو دن رات محنت کر کے پاکستان کا نام بلند کرتے ہیں، انہیں اپنے بچوں کی قابلیت اور ذہانت کا احساس اور حکومت پاکستان پر اعتماد ہے جس پر میں ان کا مشکور ہوں۔انہوں نے کہا کہ ابھی چند دن پہلے ہم نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کیا، ملک بھر میں اس وقت 27دانش سکول زیر تعمیر ہیں، یہ سکول معیاری تعلیم کے حوالہ سے نمایاں مقام رکھیں گے، تدریس، اساتذہ کے حوالہ سے یہ ادارے ممتاز ہوں گے جہاں پر کلاس روم میں سمارٹ بورڈ اور سکولوں میں ای لائبریریز کی سہولت ہوگی، تعلیم کے ساتھ ساتھ انہیں غیر نصابی سرگرمیوں کیلیے کھیل کے میدانوں سمیت دیگر سہولیات میسر ہوں گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 5

میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد کمانڈر کے خلاف کارروائی سے دہشت گرد نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر اقدامات کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دہشت گردوں، ان کے مالی معاونین اور سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں ناگزیر ہیں۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے اور پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 6

ایران سے سامان کی ترسیل متاثر ہوئی، ایران سے پاکستان سامان بھیجنے میں تاجروں کو مشکلات کا سامنا ہے، ای فارم طریقہ کار سے متعلق مسئلے کے حل کے لیے پاکستان سے مشاورت جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ ایل پی جی لے جانے والے کئی سو ٹرک ردان بارڈر سے گبد میں داخل ہوئے، ایل پی جی سے لدے ٹرک کئی ہفتوں سے پاکستان کی طرف سے کلیئرنس کے منتظر ہیں، ایل پی جی ٹرکوں کی کلیئرنس نہ ہونے سے دوطرفہ تجارت متاثر ہو رہی ہے۔رضا امیری مقدم نے کہا کہ ایران پاکستان سرحدی تجارت اعلیٰ سطح پر طے پانے والے دوطرفہ معاہدوں کا حصہ ہے، ایران دوطرفہ تجارت کے فروغ اور مشکلات کے حل کے لیے پرعزم ہے، پاکستان کے ساتھ قریبی رابطوں سے تجارتی رکاوٹیں دور کرنے کی کوششیں جاری ہیں، ایران پاکستان کے درمیان تجارت دونوں ممالک اور عوام کے مفاد میں ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 7

گیا۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ملاقات میں زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عوامی روابط کے فروغ، دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ملاقات میں پاکستان اور چین کے درمیان مشترکہ مستقبل کی کمیونٹی کے وژن کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال، پائیدار امن اور استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 8

کے مطابق فرانسیسی وزارت داخلہ نے کہا کہ ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں چار لاکھ 10 ہزار افراد نے حصہ لیا، تاہم یونینز کا کہنا تھا کہ اصل تعداد اس سے دوگنی ہے۔مرکزی مظاہرہ پیرس کے جنوب مشرقی مضافات میں ہوا جہاں مہنگائی اور بڑھتی ہوئی عدم مساوات کی مذمت کے لیے کم از کم ایک لاکھ 10 ہزار افراد جمع ہوئے۔ریلی ختم ہونے کے بعد صورت حال تیزی سے خراب ہوگئی۔پولیس نے تقریباً 500 نقاب پوش نوجوانوں کے گروپ پر آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا جس کے بعد سرد اور بارش والی شام کو وہ بالآخر منتشر ہو گئے۔فرانس کے دوسرے بڑے شہر مارسیائی میں نوجوانوں نے سڑکیں بلاک کرنے کے لیے کوڑے دانوں کو آگ لگا دی اور سیکیورٹی فورسز پر پتھراؤ کیا اور بوتلیں پھینکیں۔پولیس نے بتایا کہ زیورات کی دو دکانوں سمیت کئی سٹورز کو لوٹ لیا گیا۔لیوں، بوردو، گرینوبل، کلرمونٹ فیراند، لیل، رین، نانت اور تولوز میں بھی جھڑپیں ہوئیں۔وزیر داخلہ لارینٹ نونیز نے انتہائی بائیں بازو کے کارکنوں اور جرائم پیشہ گروہوں پر گڑبڑ پھیلانے کی کوشش کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ تقریباً ہر مارچ میں ہم نے ان انتہائی خطرناک گروہوں کو بنتے دیکھا۔وہ مرکزی ہجوم سے الگ ہو گئے اور انہوں نے پرتشدد کارروائیاں کرنے کی کوشش کی۔حکام نے 17اکتوبر کو ہونے والی ہنگامہ آرائی کے دائرہ کار کا کم اندازہ لگانے کا اعتراف کرنے کے بعد 70ہزار پولیس اہلکاروں اور نیم فوجی اہلکاروں کو تعینات کیا، جو ایک ہفتہ قبل کے مقابلے میں 10ہزار زیادہ تھے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 9

سے متعلق کوئی اجلاس نہیں ہوا۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ کور کمیٹی، سیاسی کمیٹی اور پارلیمانی پارٹی الگ الگ باڈیز ہیں، پارٹی کے تمام فیصلے کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی ہی کر رہی ہے، دوکمیٹیوں کی تجاویز پارلیمانی پارٹی کے سامنے رکھتے ہیں، پارلیمانی پارٹی پارلیمانی معاملات سے متعلق فیصلے کرتی ہے، اس کی تجاویز اور سفارشات کو ہمیشہ اہمیت دی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں فیصلوں کا حتمی اختیار بانی پی ٹی آئی عمران خان کے پاس ہے، انہوں نے متعلقہ کمیٹیوں کو اختیارات تفویض کیے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 10

پاکستان میں عسکریت پسندوں کے حملوں میں گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 38فیصد کمی ہوئی، 16سے 22اکتوبر تک دہشت گرد حملوں میں زخمی افراد کی تعداد بھی گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 20سے کم ہوکر 11رہ گئی۔پی آئی سی ایس ایس کی رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 10آپریشنز کے دوران 33عسکریت پسندوں کو ہلاک کیا۔رپورٹ میں فتنہ الہندوستان میں قیادت کے تنازع اور فتنہ الخوارج کی بدلتی پراپیگنڈ حکمت عملی کے اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 11

کی۔اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اپریل 2026میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں پاکستان نے پاک خلیج تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔پاکستانی حکام نے بتایا کہ معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی۔پاکستان نے قطر سے ہڈی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔پاکستانی حکام کے مطابق گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تکنیکی دستاویزات قطر کو فراہم کر دی گئی ہیں۔اجلاس میں پاکستان سے قطر کو سرکاری سطح پر چاول کی فراہمی کے مجوزہ معاہدے پر بھی بات چیت ہوئی۔ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور قطر کی حساد فوڈ کے درمیان مجوزہ معاہدہ منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوا دیا گیا ہے۔پاکستان نے قطر کو جدید زراعت، اناج ذخیرہ کرنے، کولڈ اسٹوریج اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔دونوں ممالک کے درمیان غذائی تحفظ کے لیے پائیدار سپلائی انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں الیکٹرک گاڑیوں اور نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں کی صنعت میں سرمایہ کاری، مشترکہ تیاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی شراکت داری کے مواقع بھی زیر غور آئے۔پاکستان نے قطر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور آئی ٹی خدمات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔پاکستان اور قطر کے درمیان بحری نقل و حمل اور شپنگ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔پاکستان نے آئل ٹینکرز، ایل این جی کیریئرز اور کنٹینر جہازوں کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پیش کیے۔پاکستان نے مجوزہ نئی کراچی حیدرآباد موٹروے کو قطری سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم منصوبے کے طور پر پیش کیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے بندرگاہوں کے درمیان رابطہ کاری اور وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ علاقائی تجارت کو فروغ ملے گا۔قطر نے پاکستان کے ساتھ سول ایوی ایشن اور فضائی روابط میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا، جبکہ پاکستان نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا۔اجلاس میں مجوزہ سرمایہ کاری فنڈ اور مختلف ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 12

آزاد تحقیقاتی کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا۔اسرائیلی انتخابات سے صرف 3روز پہلے اتنے بڑے حکومت مخالف احتجاج کو نیتن یاہو کے خلاف ریفرنڈم کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل کو مستقبل میں بڑھتی ہوئی عالمی اقتصادی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔جس سے نمٹنے کے لیے ملک کو متبادل مالیاتی نظام اور کرپٹو کرنسی کے استعمال کی تیاری کرنی چاہیے۔غیر ملکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے اسرائیلی وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کو ممکنہ بینکاری پابندیوں کے لیے پہلے سے تیاری کرنا ہوگی اور ایسی معیشت تشکیل دینی ہوگی جو ان پابندیوں کے اثرات سے نمٹ سکے۔انہوں نے کرپٹو کرنسی کے ذریعے مالی لین دین کے امکان پر اتفاق کیا اور کہا کہ بلاک چین ٹیکنالوجی بھی ایک متبادل ہوسکتی ہے۔اسرائیلی اپوزیشن رہنما گادی آئزن کوٹ نے وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اب اسرائیل کی قیادت کے لیے موزوں نہیں رہے۔آئزن کوٹ، جو اپوزیشن جماعت یشار کے سربراہ اور اسرائیلی فوج کے سابق چیف آف اسٹاف ہیں، نے نیتن یاہو کی حالیہ معاشی منصوبوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم اسرائیل کو عالمی مالیاتی نظام سے دور کرنے کی سمت لے جا رہے ہیں۔ان کے مطابق ایسی پالیسی ملک کی معیشت، قومی سلامتی اور عالمی تعلقات کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 13

سیاست میں طویل اننگز کھیلی ہیں، پرویز خٹک اپنے دور میں اپوزیشن کے ساتھ مل کر صوبے کی ترقی کیلیے کام کرتے تھے۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ باہمی مشاورت سے صوبے کو آگے لیجانے اور ترقی کیلیے کام کرنا ہے، مختلف سیاسی قائدین سے ملاقاتوں کا مقصد وفاق کے ساتھ مسائل کے حل کی راہیں تلاش کرنا ہے، وفاق کے ساتھ مل کر ایک پیج پر کام کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پشاور میں اپیکس کمیٹی کا تاریخی اجلاس منعقد ہوا، وزیراعظم نے دورہ پشاور کے موقع پر مختلف مسائل سنے اور حل کے لیے اقدامات بھی کیے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرویز خٹک نے کہا کہ فیصل کریم کنڈی سے دیرینہ تعلقات ہیں، ان سے صوبے کے مسائل پر تفصیلی بات ہوئی، اپنے دور حکومت میں جو کام شروع کیا ان کو آگے لے کر جانا ہے۔پرویز خٹک نے کہا کہ ابھی آزاد ہوں، کسی دوسری سیاسی جماعت میں شامل ہونے کا ارادہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج کا فیصلہ مشکل تھا، سیاسی طور پر ایسا فیصلہ اچھا نہیں ہوتا، حالات ایسے پیدا کیے گئے کہ مجبوری میں گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اگر پی ٹی آئی میں کوئی سوچنے سمجھنے والا ہوتا تو ایسا کبھی نہ ہوتا۔پرویز خٹک نے کہا کہ پی ٹی آئی طالبان اور افغانستان کی تابعداری اور حمایت کرنا چاہتی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 14

رکھتے ہیں رٹ قائم کرنا سرداروں کا نہیں بلکہ حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو تحفظ فراہم کر کے فوری اور سستا انصاف فراہم کریں پھر کسی قبائلی سسٹم کی تبدیلی کے لئے اقدام اٹھائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو بنگلزئی ہاؤس سریاب میں منعقدہ جرگے کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر سردار زادہ میر اشرف خان ساتکزئی، سردار محمد عاصم سرپرہ، سید علی محمد شاہ سمیت دیگر

[continued]

بھی موجود تھے۔نواب محمد خان شاہوانی نے کہا ہے کہ اسمبلی میں سرداری اور نوابی نظام کو ختم کرنے کے حوالے سے قرارداد لائی گئی ہے جو سمجھ سے بالاتر ہے نوابی اور سرداری نظام سینکڑوں سال پرانا نظام ہے قوم کا سربراہ سردار ہے یہ کوئی عہدہ نہیں بلکہ یہ ایک خاندانی نظام ہے جو نسل درنسل چلتا آرہا ہے سینکڑوں سالوں کی تاریخ ہے مسائل کو حل اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لئے فیصلہ کرتے ہیں تاکہ فریقین کو باہمی رضامندی سے فیصلے کرکے لڑائی جھگڑوں سے بچانے کے لئے اپنا کردار ادا کرتے ہیں اس نظام کو ختم نہیں کیا جاسکتا، سارے سردار ظالم نہیں ہیں سرداروں نے قبائلی فیصلوں کے ذریعے ہزاروں لوگوں کو مرنے مارنے سے بچایا ہے اگر کسی ایک یا دو واقعات میں کوئی ذاتی طور پر سردار یا اس کا کارندہ کسی فعل میں شامل ہوتا ہے تو اس اقدام سے نظام کو قصور وار نہیں ٹھہرایا جاسکتا بلکہ یہ کسی ایک شخص کا ذاتی فعل ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ مولوی صاحبان ہمارے لئے قابل احترام ہیں اگر کوئی شخص یا حکومتی نمائندہ مولوی یا مقتدرہ کا افسر انفرادی طور پر کوئی اقدام اٹھاتا ہے تو ہم ادارے یا تمام لوگوں کو غلط نہیں کہہ سکتے اگر کوئی ذاتی غلطی کرتا ہے تو پورے نظام اور برادری کو غلط نہیں کہا جاسکتا ذاتی پسند ناپسند کو سرداری نظام کے کھاتے میں نہیں ڈال سکتے نظام بھی غلط نہیں ہوسکتا اس کو چلانے والے غلط ہوسکتے ہیں یہ ایک عجب ایشو بنایا جا رہا ہے کیا آئندہ بلوچی اور براہوئی پر بھی پابندی لگائی جائے گی۔جو درست عمل نہیں ہے۔جس نے جو قدم اٹھایا ہے اسکے خلاف اقدام ہونا چاہیے رسمی اور رواجی سردار زندگی اور اپنے لوگوں کی عزت بچاتا ہے اور دوسروں کی عزت کا احترام کرتا ہے سردار کے تمام فیصلے دونوں فریقین کی باہمی رضامندی سے کئے جاتے ہیں جس میں لوگوں کو ان کی حیثیت اور لڑائی جھگڑوں کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لئے جرمانے عائد کئے جاتے ہیں تاکہ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید جھگڑا نہ پھیلے۔انہوں نے کہا کہ نئے ڈویژن بنانا کہاں کا انصاف ہے نظام بدلنے والا اس علاقے کا نہیں ہے آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں نواب انگریز کا دیا ہوا ٹائٹل ہے ہر قبیلہ کا اپنا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے ہمیں ختم کرنا ممکن نہیں ہے سرداری نظام کیا ملک کے مفاد میں نہیں ہے سرداری نظام کے خاتمے کا جواز بتایا جائے ہم حالات کی بہتری کے حوالے سے رٹ کے لئے قبائلی نظام نہیں چلا رہے ہیں۔حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی رٹ برقرار رکھ کر لوگوں کو تحفظ، امن اور زندگی کی بنیادی سہولیات فراہم کرے۔موجودہ حالات کی بہتری پر توجہ دیکر پر امن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر سرداری نظام خراب ہے تو ثابت کیا جائے بغیر ثبوت کے کسی چیز کو خراب نہیں کہا جاسکتا ہے۔سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا ہے کہ اسمبلی کی قرارداد سے سرداری یا نوابی نظام ختم نہیں ہوسکتا کیونکہ اسمبلی میں بیٹھے لوگ کسی نہ کسی قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ سرداری نظام نے لوگوں کو فوری اور سستا انصاف فراہم کیا ہے اگر اس نظام کو ختم کرنا ہے تو اس کی وجوہات بتائی جائے اور لوگوں کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنے کے لئے عدالتی نظام کو مضبوط بنایا جائے بلوچستان کے حالات سب کے سامنے ہیں ہم قبائلی سردار اور دیگر شخصیات کوئٹہ سے باہر سفر نہیں کرسکتے ایسی صورتحال میں نو گوایریا کیا ہوتا ہے حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ امن وامان کی بحالی ممکن بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ ایوب خان کے دور میں بھی سرداری نظام کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی لیکن ایسا ممکن نہ ہوسکا ہم اپنے لوگوں اور قوموں کو مستحکم کرکے اس ملک کے جھنڈے کے ساتھ رہتے ہیں بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے یہاں پر بسنے والے تمام قبائل کے اپنے سردار اور نواب ہیں جوان کے فیصلے ان کی باہمی رضا مندی سے کرتے ہیں ہم نے ہمیشہ انصاف کی فراہمی اور لوگوں کے تحفظ کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے اور کرتے رہیں گے کیونکہ لوگ اپنے قبائلی سرداروں اور سفید ریش کی عزت کرتے ہیں جو ان کے بغیر کسی خرچ کے فیصلوں کو کرکے انہیں لڑائی جھگڑوں سے محفوظ رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ بغیر تصدیق کے کسی پر الزام نہیں لگا سکتے آج کی نشست اور میڈیا کے ذریعے سرداری نظام کے خاتمے کے حوالے سے قرار داد لانے اور اس سسٹم کو ختم کرنے کے حوالے سے اپنے لوگوں کو آگاہی دینا چاہتے ہیں کیونکہ ہم انسانی خدمت کے جذبے سے اپنے لوگوں، قوم قبیلوں کی مدد اور خدمت کرتے ہیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے 20سالوں میں جو فیصلے کئے ہیں اور کتنے لوگوں کی جانیں اور عزت بچائی ہیں اس کا ریکارڈ ہمارے پاس موجود ہے ایک سوال کے جواب میں نواب محمد خان شاہوانی نے کہا کہ ارباب اختیار اور مقتدر حلقے بلوچستان کے حالات کی وجہ سے سنجیدہ ہے تو وہ دی گئی تجاویز پر عمل کرکے حالات کو بہتر بنا سکتے ہیں کیونکہ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں اس سے حالات مزید خراب ہوں گے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم اس صوبے کے رہنے والے ہیں اور ہم جانتے ہیں کہ کونسے مسائل کو کس طرح حل کرنا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 15

طرح کا بھیانک کیس سامنے نہیں آیا۔ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے کے مطابق ملزم کا تعلق اسکردو سے تھا جب کہ گینگ کا ٹارگٹ چھ سات سال سے لیکر 15سال تک کے بچے تھے۔بچوں کی نازیبا ویڈیوز ٹیلی گرام کے ذریعے فروخت کی جاتی تھیں۔این سی سی آئی اے کے مطابق اس نیٹ ورک کی تحقیقات میں بچوں کے جنسی استحصال کے ساتھ جانوروں پر تشدد اور زیادتی کی ویڈیوز بنانے کا معاملہ بھی سامنے آیا۔عالمی فورمز کے تعاون سے ایک ماہ تک تحقیقات جاری رہیں، اس حوالے سے ملتان، اسلام آباد اور جنوبی پنجاب میں مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے محمد شعیب خان کا کہنا تھا کہ والدین کو آگاہی دیں کہ بچے موبائل پر جو دیکھ رہے ہیں اس کو مانیٹر کیسے کیا جائے، جو والدین بچوں کے جرائم معلوم ہونے پر بھی رپورٹ نہیں کر رہے ان کے خلاف بھی کارروائی کی جائیگی۔این سی سی آئی اے حکام کے مطابق سائبر جرائم کی شکایات کے لیے ہیلپ لائن 1799 بھی فعال ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 16

جنرل اسماعیل بن شیخ احمد کی حوثیوں کی جانب سے اسلامی مقدس مقامات کی بے حرمتی کی بھی مذمت کی گئی ہے۔اسلامی تعاون تنظیم کے اعلامیے کے مطابق او آئی سی کے سیکریٹری جنرل نے مکہ، مدینہ، طائف اور جدہ سمیت دیگر مقامات پر حوثیوں کے بزدلانہ حملوں کو ناقابل قبول قرار دیا۔اسلامی تعاون تنظیم کے سیکریٹری جنرل اسماعیل بن شیخ احمد نے کہا کہ میدان عرفات کے قریب وادی محسر کو نشانہ بنانا ثبوت ہے کہ حوثیوں کو مقدس مقامات کا احترام اور عام شہریوں کی حفاظت کا کوئی پاس نہیں، مسلم دنیا کو ایک مضبوط اور ذمہ دارانہ موقف اپنانا ہوگا تاکہ حوثی شدت پسندوں کی سرکوبی اور مجرمانہ کارروائیوں کا خاتمہ ہوسکے۔اسماعیل بن شیخ احمد نے کہا کہ اسلامی مقدس مقامات کی بے حرمتی پوری مسلم امت پر حملہ ہے، اسلامی مقدس مقامات پر حملوں کے خلاف عالمی برادری کی

[continued]

جانب سے فوری کارروائی اور ان حملوں کے ذمہ داروں کا محاسبہ ضروری ہے۔او آئی سی کے سیکریٹری جنرل نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ملکی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سلامتی کے اقدامات کی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 17

پاکستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 33ممالک میں دوسری پوزیشن حاصل کرلی، جبکہ انفرادی مقابلے میں کیپٹن طلحہ نے 100سے زائد عالمی پائلٹس کے درمیان دوسری پوزیشن حاصل کرکے چاندی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔مقابلے میں میزبان ملک ترکیہ نے پہلی، پاکستان نے دوسری اور اٹلی نے تیسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ فرانس چوتھے نمبر پر رہا۔انٹرنیشنل ملٹری ڈرون مقابلے میں شریک پائلٹس کی مہارت، رفتار اور رکاوٹوں والے ٹریک پر ڈرون اڑانے کی صلاحیت کا جائزہ لیا گیا، عالمی سطح پر ہونے والے اس مقابلے میں پاکستانی ملٹری ڈرون ٹیم نے اپنی مہارت، درستگی اور مسابقتی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔مقابلے میں پاکستان کی کامیابی کو افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت اور جدید دفاعی ٹیکنالوجی کے میدان میں صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت قرار دیا گیا ہے، ٹیم کی مجموعی کارکردگی اور کیپٹن طلحہ کی انفرادی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 18

لمحے تک مقابلہ کرنے کے جذبے کا مظاہرہ کیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سنسنی خیز مقابلے میں قومی ٹیم کی کامیابی کھلاڑیوں کی محنت، عزم اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔دباؤ کے باوجود اعتماد اور یکسوئی کے ساتھ کھیل جاری رکھنا قومی کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔میر سرفراز بگٹی نے شاداب خان کی شاندار نصف سنچری کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی عمدہ اننگز نے پاکستان کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ حارث رؤف کے ساتھ آخری وکٹ پر فیصلہ کن شراکت نے میچ کا رخ تبدیل کرکے قومی ٹیم کو یادگار فتح سے ہمکنار کیا۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ قومی کرکٹ ٹیم کی اس کامیابی نے ملک بھر میں کرکٹ شائقین کو خوشی کا موقع فراہم کیا ہے۔کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کا جذبہ، ثابت قدمی اور اجتماعی جدوجہد نوجوانوں کے لیے ایک مثبت مثال ہے اور یہ پیغام دیتی ہے کہ مشکل حالات میں حوصلہ برقرار رکھتے ہوئے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔انہوں نے سہ ملکی کرکٹ سیریز میں قومی ٹیم کی مجموعی کارکردگی کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں کی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور باہمی ہم آہنگی پاکستان کرکٹ کے لیے حوصلہ افزا ہے۔امید ہے کہ قومی ٹیم آئندہ مقابلوں میں بھی اسی جذبے اور محنت کے ساتھ اپنی کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھے گی۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی اور قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پاکستانی ٹیم مستقبل میں بھی ملک کا نام روشن کرے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 19

کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔پارلیمانی ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس پہلے 26اکتوبر تک شیڈول تھا، تاہم اب اسے مزید چار دن بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ زیر التوا اور مجوزہ قانونی مسودات کو ایوان سے منظور کرایا جا سکے۔اجلاس کے دوران حکومت بعض اہم قانون سازی کے لیے نئے بلز ایوان میں پیش کرے گی، جبکہ سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلوں کی روشنی میں بعض موجودہ قوانین میں ضروری ترامیم بھی شامل کی جائیں گی۔اس کے علاوہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی عائد کردہ شرائط کو پورا کرنے کے لیے بعض معاشی و قانونی اصلاحات سے متعلق قوانین میں تبدیلیاں بھی متوقع ہیں۔ذرائع کے مطابق حکمران اتحاد نے اس مجوزہ قانون سازی کے حوالے سے اپنی اہم اتحادی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کو مکمل طور پر اعتماد میں لے لیا ہے اور تمام اہم بلز اور ترامیم سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کر دی ہے۔حکومت کو توقع ہے کہ توسیع شدہ اجلاس کے دوران اتحادیوں کی مشاورت سے تمام قانون سازی بلاتعطل مکمل کرلی جائے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 20

قیمتوں میں کمی کے امکانات روشن ہوگئے ہیں۔ذرائع کے مطابق پاکستان پہنچنے والے دونوں بحری جہاز مجموعی طور پر 7ہزار 603 میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچے۔ایس ایس جی سی کے ٹرمینل پر پرپانس نامی جہاز نے 4ہزار 250میٹرک ٹن جبکہ اینگرو ٹرمینل پر الیسا ون نامی جہاز نے 3ہزار 83 میٹرک ٹن ایل پی جی آف لوڈ کی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ایران کے سرحدی راستے سے بھی ایل پی جی کی رکی ہوئی ترسیل شروع ہونے کا امکان ہے۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق ایل پی جی کی سپلائی میں بہتری آنے سے قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 21

تہران پہنچا ہے۔نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر عہدیدار نے بتایا کہ یہ دورہ ایران اور قطر کے درمیان معمول کے سفارتی روابط اور تبادلوں کا حصہ ہے۔اس سے چند گھنٹے قبل خبر رساں ادارے رائٹرز اور قطری اخبار نیو عرب بھی اسی نوعیت کی اطلاعات شائع کر چکے تھے۔تاہم ایران اور قطر کے حکام نے تاحال اس حوالے سے کوئی باضابطہ تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 22

لائنر طیارے پاکستان کے فضائی آپریشن کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق پی آئی اے نے نورس اٹلانٹک ایئر لائن سے حاصل کردہ دونوں طیارے برطانیہ اور یورپ کے فضائی آپریشن کے لیے حاصل کیے ہیں، پاکستان آمد سے قبل پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے طیاروں کی ضروری جانچ پڑتال شروع کی، جبکہ پہلے طیارے کی انسپکشن مکمل کرکے آپریشن کی اجازت دے دی گئی ہے۔پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل نادر شفیع ڈار کی سربراہی میں وفد نے اوسلو ایئرپورٹ پر طیارے کا معائنہ کیا۔جانچ پڑتال مکمل ہونے کے بعد پہلے طیارے کو پاکستان کے لیے آپریشن کی اجازت دے دی گئی، جبکہ دوسرے طیارے کا معائنہ پیر کو اوسلو ایئرپورٹ پر کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق دونوں طیاروں کی انسپکشن مکمل ہونے کے بعد انہیں لندن روانہ کیا جائے گا۔پی آئی اے 31 اکتوبر کو بوئنگ 787ڈریم لائنر کے ذریعے لندن سے اسلام آباد کے لیے پرواز پی کے 786آپریٹ کرے گی، جو یکم نومبر کو مسافروں کو لے کر اسلام آباد پہنچے گی۔بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے میں 358مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے، نئے طیاروں کی شمولیت سے مسافروں کو بہتر اور معیاری سفری سہولتیں فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ذرائع کے مطابق پی آئی اے 31اکتوبر کو جدید طیارے کے ساتھ اپنے نئے یونیفارم بھی متعارف کرائے گی۔قومی ایئرلائن نے یہ دونوں طیارے ابتدائی طور پر چھ ماہ کے لیے ویٹ لیز پر حاصل کیے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 23

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 24

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 25

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 26

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 27

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 28

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 29

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 30

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 31

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 32

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 33

[illegible]

بقیہ بلوچستان نیوز 34

[illegible]

[illegible]

عاق نامہ

[illegible]

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

حاجی ابراہیم زہری کا احمد نواز بلوچ کے بھتیجے کی شہادت پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری نے سابق رکن بلوچستان اسمبلی احمد نواز بلوچ کے بھتیجے جنید منظور منگلزئی کی شہادت پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بلوچستان کی سرزمین پر ملک دشمنوں کیلئے کوئی جگہ نہیں

ضیاء لانگو

قلعہ سیف اللہ میں فورسز کی کامیاب کارروائی موثر حکمت عملی کا ثبوت ہے، سیکیورٹی فورسز نے اپنی عالی شان پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت اقدام سے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا

صوبے میں پائیدار اور دائمی امن کے قیام کے لیے صرف دہشت گردوں ہی نہیں بلکہ ان کے تمام نیٹ ورکس اور سہولت کاروں کے خلاف بھی بلا امتیاز اور موثر کارروائی وقت کی اہم ضرورت اور ناگزیر ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قلعہ سیف اللہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کی جانے والی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن صوبے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ہماری مؤثر حکمت عملی کا روشن ثبوت ہے۔ اپنے ایک اہم بیان میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے اہم کمانڈر کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے لیے ایک واضح اور اثر انگیز پیغام ہے کہ بلوچستان کی سرزمین پر ملک دشمنوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے اپنی عالی شان پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت اقدام سے دہشت گردوں کے شوم و مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی کی بیخ کنی کے لیے سیکیورٹی اداروں کی مسلسل کاوشیں اور قربانیاں انتہائی قابل تحسین ہیں۔ تاہم، صوبے میں پائیدار اور دائمی امن کے قیام کے لیے صرف دہشت گردوں ہی نہیں بلکہ ان کے تمام نیٹ ورکس، معاونین اور سہولت کاروں کے خلاف بھی بلا امتیاز اور مؤثر ترین کارروائی وقت کی اہم ترین ضرورت اور ناگزیر امر بن چکی ہے۔ وزیر داخلہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خلاف اس قومی جنگ میں صوبے کے غیور عوام اور پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بلوچستان کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور سلامتی حکومت بلوچستان کی اولین اور بنیادی ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی دیرپا ترقی، اقتصادی خوشحالی اور سیاسی و انتظامی استحکام کا دارومدار صرف اور صرف دہشت گردی کے مکمل خاتمے پر منحصر ہے، اور حکومت اس مقصد کے حصول تک امن دشمنوں کا پیچھا جاری رکھے گی۔

تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام اسٹال سے لوگ دینی کتابیں خرید رہے ہیں

کوہلو، ڈیموں کی صفائی ومرمت کا کام تیز

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی خصوصی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے زیر انتظام ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل کی زیر نگرانی ضلع کوہستان مری کے مختلف ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد ڈیموں کی بہتری، پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش برقرار رکھنے اور بارشوں کے پانی سے بہتر طور پر استفادہ کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔

سول اسپتال کوئٹہ میں 17 گریڈ کے میڈیکل آفیسر کی ایم ایس تعیناتی ناانصافی ہے

عبدالصمد بلوچ

گریڈ 20 کی آسامی پر قواعد وضوابط، عدالتی فیصلوں اور میرٹ پر دیانت دار، فرض شناس اور اہل افسر تعینات کیا جائے

اگر اس معاملے پر فوری کارروائی نہ کی گئی تو نیشنل پارٹی اپنے وکلاء کے ذریعے متعلقہ عدالتی فورمز سے رجوع کرے گی

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور سابق ناظم حاجی عبدالصمد بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سول اسپتال کوئٹہ میں گریڈ 20 کی آسامی پر گریڈ 17 کے میڈیکل آفیسر کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) تعینات کرنا بلوچستان کے عوام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ مذکورہ تعیناتی بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلوں کی صریح خلاف ورزی ہے، جس کا متعلقہ حکام کو فوری نوٹس لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سول اسپتال کوئٹہ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کے مبینہ متعصبانہ رویے کے باعث بلوچ ملازمین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور بعض ملازمین مبینہ طور پر ملازمت چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ حاجی عبدالصمد بلوچ نے مزید کہا کہ جب بھی کوئی بلوچ ملازم کسی دوسرے ادارے سے اپنا تبادلہ سول اسپتال کوئٹہ کرواتا ہے تو اس کے تبادلے کو قبول کرنے میں غیر ضروری رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں، جو قابل تشویش امر ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت بلوچستان کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ سول اسپتال کوئٹہ میں مبینہ امتیازی سلوک کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور گریڈ 20 کی آسامی پر قواعد وضوابط، عدالتی فیصلوں اور میرٹ کے مطابق ایک دیانت دار، فرض شناس اور اہل افسر تعینات کیا جائے، جو تمام ملازمین کے ساتھ بلاامتیاز یکساں سلوک کرے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر اس معاملے پر فوری کارروائی نہ کی گئی تو نیشنل پارٹی اپنے وکلا کے ذریعے متعلقہ عدالتی فورمز سے رجوع کرے گی اور اپنے پارلیمانی نمائندوں کے ذریعے بلوچستان اسمبلی میں بھی اس مسئلے کو بھرپور انداز میں اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں ملازمین کے ساتھ امتیازی سلوک کسی صورت قابل قبول نہیں۔

دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی

نور محمد دمڑ

سکیورٹی فورسز کی بروقت اور منظم کارروائیاں دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کو محدود کرنے اور صوبے میں امن دشمن منصوبوں کو ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، صوبائی وزیر

بلوچستان کے عوام امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکورٹی اداروں کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، دہشت گردوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا

[illegible]

رکن صوبائی اسمبلی میر عبید گورگیج سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے

عبید گورگیج

صوبے کی تعمیر وترقی کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے، عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے

عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے حلقے کی ترقی اور بلوچستان کی خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

[illegible] اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، کوئٹہ میں اپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے کی تعمیر وترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقے میں [illegible] آئے۔ میر عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 کو ایک مثالی ایریا بنانے کے لیے ترقیاتی منصوبوں، بنیادی شہری سہولیات کی بہتری اور عوامی ضروریات کو ترجیح دی جائے گی۔ علاقے کے مسائل کے حل کے لیے عوامی رابطوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ لوگوں کی شکایات اور ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھ کر ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے [illegible] بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ذریعے ہی ایک خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ میر عبیداللہ گورگیج نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے حلقہ پی بی 44 کی ترقی اور بلوچستان کی خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ عوامی اعتماد کو اپنی طاقت سمجھتے ہیں اور کوشش ہوگی کہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کی امیدوں پر پورا اترا جائے۔

بیگم نصرت بھٹو کو خراج عقیدت پیش

[illegible] خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی بولان کے کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سینئر صحافی محمد اسلم بوبڑ بھی موجود تھے دو پاسی قبیلے کی سرکردہ سیاسی شخصیت و پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل کمیٹی کے ممبر سید نصیر احمد شاہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو جرات، استقامت اور قربانی کی ایسی علامت تھیں جنہوں نے آمریت کے خلاف ڈٹ کر جمہوریت کی بحالی کے لیے تاریخ ساز جدوجہد کی۔

رکھنی، اے سی فدا حسین عمرانی آفیسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قائد جمعیت کے خلاف بیان بازی ناقابل برداشت ہے، نعیم عمرانی

غیر مناسب زبان استعمال کرنا سیاسی اخلاقیات اور جمہوری اقدار کے منافی ہے

[illegible] کونسل کے رکن میر نعیم خان عمرانی نے مولانا فضل الرحمان کے خلاف صوبائی وزرا اور مشیروں کی جانب سے بیان بازی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی قیادت کے احترام اور جمہوری روایات کا تقاضا ہے کہ اختلاف رائے کو شائستگی اور دلیل کے ساتھ بیان کیا جائے، نہ کہ غیر ذمہ دارانہ بیانات کے ذریعے سیاسی ماحول کو کشیدہ بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا [illegible] جنہیں اپنی حب الوطنی ثابت کرنے کے لیے کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ انہوں نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ ان کے خلاف غیر مناسب زبان استعمال کرنا سیاسی اخلاقیات اور جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ متعلقہ وزرا اور مشیروں کو اپنے منصب اور سیاسی حیثیت کے مطابق گفتگو کرنی چاہیے۔

کوئٹہ میں آنکھوں کا مفت طبی کیمپ لگایا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) کرسچن ہسپتال کوئٹہ اور انرویل کلب کے اشتراک سے 26 اور 27 اکتوبر 2026 کو آنکھوں کے معائنے اور علاج کے لیے دو روزہ مفت طبی کیمپ منعقد کیا جائے گا، جس میں مریضوں کو مختلف سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی جائیں گی۔ منتظمین کے مطابق کیمپ کے دوران مریضوں کا آنکھوں کا مفت معائنہ اور علاج کیا جائے گا، جبکہ موتیا کے مریضوں کے لیے فیکو آپریشن، ادویات اور نزدیک کی نظر کے چشمے بھی مفت فراہم کیے جائیں گے کیمپ کے لیے بیرونی مریضوں کے شعبے کے اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر ایک بجے تک مقرر کیے گئے ہیں۔ یہ کیمپ کرسچن ہسپتال، مشن روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔

کوئٹہ، یوتھ ووکیشنل سکلز ٹریننگ پروگرام کے تحت خواتین تربیت حاصل کر رہی ہیں

گوادر کے عوام ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں، تانیہ بازئی

فتنہ ہندوستان کے پیروکار بلوچستان کی ترقی کا سفر نہیں روک سکتے

کوئٹہ (یو این اے) ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے کہا ہے کہ گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی بہادری مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کارروائی کے دوران سات دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کو تباہ کرنے اور ترقی کے سفر میں رکاوٹیں ڈالنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان خصوصاً گوادر معاشی ترقی سرمایہ کاری اور عوامی خوشحالی کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتا ہے دہشت گرد عناصر اپنی تخریبی کارروائیوں کے ذریعے عوام میں خوف وہراس پیدا کر کے ترقیاتی عمل کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، تاہم سکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور بروقت اقدامات ان کے عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان میں پائیدار امن، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور معاشی سرگرمیوں کے تسلسل کے لیے سکیورٹی اداروں کی خدمات اور قربانیاں قابل تحسین ہیں ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے مزید کہا کہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن ترقی اور خوشحالی کے سفر کو نہیں روک سکتے۔ پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لیے متحد ہے اور سکیورٹی اداروں کی حمایت قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں، اس لیے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین سول سوسائٹی اور عوام کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ بلوچستان میں پائیدار امن قائم ہو اور ترقی کا سفر جاری رہے۔

ڈی سی موسیٰ خیل عبدالرزاق نجگ میڈیسن اسٹور کا معائنہ کر رہے ہیں

اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود عوام اور ٹرانسپورٹرز محفوظ نہیں

حکمت لہڑی

خواتین، بچوں، بزرگوں اور دیگر مسافروں کو اس طرح بے یار ومددگار چھوڑ دینا انتہائی افسوسناک ہے، دولت لہڑی

ٹرانسپورٹرز پہلے ہی مالی مشکلات اور بڑھتے ہوئے اخراجات سے دوچار ہیں، واقعات مشکلات میں مزید اضافہ کر رہے ہیں، حبیب بادیزئی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور معروف ٹرانسپورٹرز میر حاجی حکمت لہڑی، حاجی میر دولت لہڑی، ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسیٰ جان اچکزئی اور دیگر نے قلات کے قریب کوئٹہ سے کراچی جانے والی چار مسافر کوچز مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے اپنے ہمراہ لے جانے اور مسافروں کو کھلے میدان میں اتارنے کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین، بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد سمیت مسافروں کو اس طرح بے یار ومددگار چھوڑ دینا انتہائی افسوسناک ہے۔ اس واقعے نے بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال اور عوام کے جان ومال کے تحفظ سے متعلق سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ تین روز قبل بھی چار مسافر کوچ اغوا کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلوچستان کی اہم ترین شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں روزانہ ہزاروں مسافر سفر کرتے ہیں۔ اگر مسافر کوچز میں سفر کرنے والے شہری بھی محفوظ نہیں اور خواتین، بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کو دوران سفر اس قسم کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو عام شہری خود کو محفوظ کیسے تصور کریں؟ ٹرانسپورٹرز پہلے ہی مختلف مسائل، مالی مشکلات اور بڑھتے ہوئے اخراجات سے دوچار ہیں، جبکہ شاہراہوں پر عدم تحفظ کے واقعات ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے دعوے کیے جاتے ہیں، لیکن زمینی صورتحال ان دعوؤں پر سوالات اٹھا رہی ہے۔

ذرائع ابلاغ کے میدان میں کارکن حق وسچ کو فروغ دیں، جمعیت کوئٹہ

سیکرٹریز اطلاعات اپنے علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کریں، مولانا عبدالرحمن

اخبارات میں بیانات کی اشاعت یا ذرائع ابلاغ تک رسائی میں دشواری کی صورت میں ضلعی شعبہ اطلاعات سے رابطہ کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ ذرائع ابلاغ کے میدان میں تمام کارکن حق اور سچ اور تحقیق کو فروغ دیں۔ اسی حوالے سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ماتحت یونٹوں کے سیکرٹریز اطلاعات کا اہم اجلاس ضلعی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد کی زیر صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شعبہ اطلاعات کو فعال بنانے، تنظیمی رابطوں کو مستحکم کرنے اور جماعتی سرگرمیوں کی بھرپور تشہیر سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا، شرکائے اجلاس کی آرا و تجاویز کی روشنی میں شعبے کو مزید منظم اور فعال بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے ضلعی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد ہتیار، مفتی ابوبکر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعتی مؤقف کی بہتر ترجمانی اور تنظیمی سرگرمیوں کی بھرپور تشہیر کے لیے تحصیلوں اور یونٹوں کی سطح پر شعبہ اطلاعات کو فعال بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے تمام سیکرٹریز اطلاعات پر زور دیا کہ وہ پرنٹ اور سوشل میڈیا پر فعال کردار ادا کرتے ہوئے اپنے اپنے یونٹوں کی تنظیمی سرگرمیوں، اجلاسوں اور اجتماعات کے علاوہ ضلعی جماعت کے جاری کردہ اہم پالیسی مؤقف کی تشہیر کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہر یونٹ اپنے اراکین عمومی، مجلس شوریٰ اور مجلس عاملہ پر مشتمل مشترکہ واٹس ایپ گروپ تشکیل دے، تاکہ بالائی جماعت کی ہدایات اور تنظیمی فیصلوں کی بروقت ترسیل ممکن ہو اور باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ یونٹوں کے سیکرٹریز اطلاعات اپنے اپنے علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کریں اور متعلقہ جماعتی ذمہ داران کی مشاورت سے ان مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے پریس ریلیز جاری کریں۔ اخبارات میں بیانات کی اشاعت یا ذرائع ابلاغ تک رسائی میں دشواری کی صورت میں ضلعی شعبہ اطلاعات سے رابطہ کیا جائے، تاکہ ضروری رہنمائی اور معاونت فراہم کی جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی ہدایت کی گئی کہ تحصیل، ضلع، صوبہ اور مرکز کی سطح پر منعقد ہونے والے جلسوں، اجتماعات، کانفرنسوں اور دیگر تنظیمی پروگراموں کے ساتھ ساتھ بالائی جماعت کے اہم پالیسی بیانات اور اعلانات کی بروقت اور بھرپور تشہیر کی جائے۔ اس سلسلے میں سوشل میڈیا پر فعال کارکنان کی خدمات سے بھی استفادہ کیا جائے

تربت، ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز برکت اسماعیل گرلز انٹر کالج کے دورے کے موقع پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

پی ایم ڈی سی کو کمزور کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے

ورکرز یونین

پی ایم ڈی سی کی نجکاری کی مخالفت کرنے والے ادارے کو اپنے منصوبے خود چلانے سے کیوں روکنا چاہتے ہیں؟

قومی وسائل کو قومی اداروں کے اختیار میں رکھنا اور کان کنوں کے حقوق، روزگار اور معاشی تحفظ کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

سورینج (یو این اے) یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے رہنما کی جانب سے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کے حوالے سے حالیہ پریس کانفرنس پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پریس کانفرنس میں اختیار کیا گیا مؤقف تضادات کا مجموعہ ہے، جس کے ذریعے بیک وقت دو متضاد مؤقف اپنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یونین کے مطابق ایسے متضاد بیانات سے کان کنوں کے مسائل حل ہونے کے بجائے مزدوروں میں مزید الجھن اور بے یقینی پیدا ہوگی۔ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے کہا کہ نام نہاد مائنز فیڈریشن ایک طرف PMDC کی نجکاری کی مخالفت کرتے ہوئے اسے قومی ادارہ قرار دیتی ہے، لیکن دوسری جانب جب یہی قومی ادارہ اپنی معدنی لیز اور منصوبے کو براہ راست خود چلانے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کی بھی مخالفت شروع کر دی جاتی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر PMDC کو نجی ہاتھوں میں نہیں دینا تو پھر اس کے معدنی وسائل اور منصوبے کس کے حوالے کیے جائیں؟ قومی ادارے کو اپنے وسائل استعمال کرنے سے روکنے کا آخر کیا جواز ہے؟ یونین نے واضح کیا کہ PMDC ایک قومی ادارہ ہے اور قومی ادارے کے وسائل پر بنیادی اختیار خود اس ادارے کا ہونا چاہیے۔ اگر PMDC اپنی پیداواری سرگرمیاں براہ راست چلانے، اپنی تکنیکی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور اپنے معدنی وسائل کو خود استعمال کرنے کی جانب پیش رفت کرتا ہے تو اس اقدام کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے، نہ کہ ایسے اقدامات کی مخالفت کر کے قومی ادارے کو مزید کمزور کرنے کی کوشش کی جائے۔ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے ذمہ داران سے سوال کیا کہ وہ اپنا مؤقف واضح کریں کہ آخر وہ چاہتے کیا ہیں؟ اگر PMDC کی نجکاری بھی قابل قبول نہیں اور قومی ادارے کو اپنی لیز اور منصوبے خود چلانے کی اجازت دینے پر بھی اعتراض ہے تو پھر اس ادارے کے وسائل کس کے حوالے کیے جائیں؟

کراچی، سردار منظور کاکڑ کا اے این پی کے رہنما شاہی سید کے ہمراہ گروپ فوٹو

عوام تبدیلی اور روشن مستقبل کے خواہاں ہیں، حلیم صادق

عوام آزمائی ہوئی جماعتوں کی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، عوام آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس اور ان کی روایتی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں۔ عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے۔ کوئٹہ میں صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، لیکن ماضی میں اقتدار میں رہنے والی جماعتیں عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی ہیں۔ عوام بار بار آزمائے گئے سیاسی تجربات سے نکل کر ایک ایسی متبادل قیادت کی تلاش میں ہیں جو عوام کی آواز بنے اور ان کے مسائل کو اپنی اولین ترجیح قرار دے۔

ق لیگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر رفیع اچکزئی کور کمیٹی کے ممبران کو نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

گنداخہ شہر کی تعمیر کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر وترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ چیف آفیسر اور کونسلران کے باہمی تعاون سے ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ طور پر کام کیا جائے گا، تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد عمرانی سے گنداخہ کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہر کے دیرینہ مسائل کا حل میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گنداخہ شہر میں نکاسی آب کے نظام کی بہتری، سیوریج کے مسائل کے حل اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی، انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے افسران اور کونسلران کے ساتھ مل کر عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کیے جائیں گے، کیونکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور انہیں بہتر شہری سہولیات فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔

اخبارات اور ٹی وی چینل سے ملازمین کو نکالنا قابل مذمت ہے، میر احمد

اعلیٰ حکام سے رابطہ کریں گے تاکہ اخبارات کے ملازمین بے روزگاری سے بچ سکیں

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے رہنماؤں میر احمد راسکووال، شاہجہان بلوچ اور انجمن فلاح و بہبود اخبار فروش کے اراکین اور سابق عہدیداروں عبدالنبی سالانی، نذر محمد ناصر، نصیب اللہ کاکڑ، ہدایت اللہ ساسولی اور دیگر اخبار فروشوں نے اپنے مشترکہ بیان میں روزنامہ زمانہ کے کوئٹہ آفس سے 9 ملازمین کو بغیر کسی وجہ سے نکالنے اور بے روزگار کرنے پر شدید غم وغصہ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ملازمین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی سیکرٹری اطلاعات، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ حکومت بلوچستان سے سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند اخبارات بلوچستان حکومت سے لاکھوں روپے کے اشتہارات لیتے ہیں لیکن اسکے باوجود یہاں کے لوکل افراد کو بے روزگار کرنے پر تلے ہوئے ہیں جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملازمین گزشتہ 20 سال سے اخبارات میں کام کر رہے ہیں انکو بغیر کسی وجہ کے بے روزگار کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے سے ہی بے روزگاری بہت زیادہ ہے تو دوسری طرف اخبارات اور ٹی وی چینلز سے لوگوں کو نکالا جا رہا ہے

کراچی، امتیاز الحق بخاری کے ہمراہ پی جے یو کے وفد کا گروپ فوٹو

امتیاز الحق بخاری سے پی جے یو کے وفد کی ملاقات وعیادت

صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں، گفتگو

کراچی (پ ر) پاکستان جرنلسٹ یونٹی (PJU) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کراچی کے معروف بزنس مین، ممتاز سماجی رہنما اور ہردلعزیز شخصیت سید امتیاز الحق بخاری سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی اور ان کی مزاج پرسی وعیادت کی۔ وفد کی قیادت PJU کے مرکزی چیئرمین سید تحسین کمال نے کی، جبکہ وفد میں مرکزی صدر اسرار رحیمی، صوبہ سندھ کے سینئر نائب صدر اسلم محمود دہلوی، نائب صدر کراچی امجد قریشی، جنرل سیکرٹری کراچی سلیم اللہ، سینئر رہنما عبد الکریم اور جنید احمد سمیت دیگر عہدیداران وکارکنان کی بڑی تعداد شامل تھی۔ نہایت خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہونے والی اس ملاقات کے دوران وفد نے سید امتیاز الحق بخاری کی شہر قائد کے لیے گراں قدر سماجی خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر PJU کے رہنماؤں نے محبت واحترام کے اظہار کے طور پر سید امتیاز الحق بخاری کو سندھ کی روایتی ثقافتی علامت اجرک کا تحفہ پیش کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے۔

جمعیت کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتیار اور مفتی ابوبکر اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن کے نومنتخب صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ سے تنظیم کے عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان نیوز
ایڈیٹر پبلشر محمد انور ناصر نے روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ جناح روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر فلیٹ نمبر 5 سپنزر پلازہ وائسکل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

EDITORIAL PAGE 4 ادارتی صفحہ

آٹے کی بڑھتی قیمتیں: حکومتی دعووں کو عملی اقدامات میں بدلنے کا وقت

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمتوں میں اچانک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس نے پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بنیادی غذائی ضرورت کی قیمتوں میں اس غیر معمولی تبدیلی نے گھریلو بجٹ کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ یہ سوال بھی پیدا کر دیا ہے کہ آخر گندم اور آٹے کی فراہمی کا نظام کن مسائل سے دوچار ہے۔ صورت حال اس وقت مزید توجہ طلب ہو جاتی ہے جب ملک میں گندم کی دستیابی اور غذائی ضروریات پوری کرنے کے لئے وافر ذخائر موجود ہونے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہوں، لیکن بلوچستان کے شہریوں کو مہنگے آٹے کی صورت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو۔ یہ صورت حال ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب گزشتہ روز نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں اشیائے ضروریہ کے ذخائر، قیمتوں اور رسد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گندم کی قیمتوں میں اضافے کے رجحان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی اور صوبائی حکام کو ہدایت کی گئی کہ قیمتوں میں استحکام کے لئے گندم کی رسد بڑھانے سمیت تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کو چینی کی دستیابی کے حوالے سے بتایا گیا کہ مقامی منڈی میں اس کی قیمت 155 روپے فی کلوگرام کی مقررہ بدنی خوردہ قیمت سے خاصی کم ہے اور آئندہ کرشنگ سیزن تک ضروریات پوری کرنے کے لئے بھی وافر ذخائر دستیاب ہے۔ قومی سطح پر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور ذخائر کا جائزہ لینا یقیناً ضروری ہے، تاہم بلوچستان میں آٹے کی قیمتوں میں ہونے والا اضافہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ حکومتی توجہ کا مرکز مجموعی قومی صورت حال نہ ہو بلکہ صوبوں میں رسد اور قیمتوں کے فرق کو بھی سمجھا جائے۔ ملک میں گندم کے ذخائر موجود ہونے کی اطلاع اپنی جگہ اہم ہے، لیکن بلوچستان کے صارفین کے لئے اصل سوال یہ ہے کہ انہیں مناسب قیمت پر آٹا کب اور کیسے دستیاب ہوگا۔ قومی سطح پر دستیابی اور مقامی منڈی میں ارزانی کے درمیان موجود فاصلے کو ختم کیے بغیر عوام کو ریلیف دینے کا مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ کوئٹہ میں سامنے آنے والے اعداد و شمار صورت حال کی سنگینی واضح کرتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران 50 کلو فائن آٹے کے تھیلے کی قیمت میں دو ہزار روپے جبکہ چکی کے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 600 روپے اضافہ ہوا ہے۔ فائن آٹے کا 50 کلو تھیلا تقریباً آٹھ ہزار روپے میں فروخت ہونے کی اطلاع ہے۔ فلور ملز کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ حالات برقرار رہے تو یہی تھیلا دس ہزار روپے تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ محض قیمتوں میں معمولی رد و بدل نہیں، بلکہ ان خاندانوں کے لئے ایک بڑا معاشی مسئلہ ہے جن کی آمدنی محدود اور اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں۔ روزانہ کی بنیاد پر اجرت کمانے والے مزدور، کم تنخواہ پر کام کرنے والے ملازمین، چھوٹے دکاندار اور پنشن پر گزارا کرنے والے بزرگ پہلے ہی اپنے اخراجات میں توازن برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے میں آٹے کی قیمت میں اضافہ انہیں دیگر ضروریات میں کٹوتی پر مجبور کر سکتا ہے۔ آٹا ہماری روزمرہ خوراک کا بنیادی جزو ہے۔ اس لئے اس کی قیمت میں اضافہ کسی ایک تجارتی شعبے تک محدود نہیں رہتا، بلکہ اس کے اثرات معاشرے کے تقریباً ہر طبقے تک پہنچتے ہیں۔ حکومت کو اس معاملے کو صرف کاروباری سرگرمی یا منڈی کی صورت حال کے طور پر دیکھنے کے بجائے عوام کی قوت خرید اور بنیادی ضروریات کے تناظر میں بھی جانچنا چاہئے۔ بلوچستان میں موجودہ بحران کی ایک اہم وجہ سرکاری گندم کے ذخائر کی عدم دستیابی بتائی جا رہی ہے۔ پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن والوں کا کہنا ہے کہ صوبے کی فلور ملز اوپن مارکیٹ سے گندم خریدنے پر مجبور ہیں، جہاں 100 کلو گندم کی بوری تقریباً 14 ہزار 500 روپے میں دستیاب ہے۔ علاوہ ازیں بجلی اور ایندھن کے بڑھتے اخراجات بھی آٹے کی تیاری کو مہنگا بنا رہے ہیں۔ اس صورت حال سے ظاہر ہوتا ہے کہ آٹے کی قیمتوں کا مسئلہ صرف طلب میں اضافے یا دکانداروں کے نرخوں تک محدود نہیں۔ گندم کی خریداری، پسائی، توانائی اور نقل و حمل سمیت مختلف عوامل کر حتمی قیمت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اگر فلور ملز کو مناسب نرخوں پر خام مال دستیاب نہ ہو تو پیداواری لاگت میں اضافہ کا دباؤ بالآخر صارفین تک منتقل ہونے کا امکان رہتا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ صوبائی گندم کی دستیابی اور آٹے کی قیمتوں کے معاملے پر وفاقی حکومت کے ساتھ مؤثر رابطہ قائم کرے۔ صوبے کی ضروریات کا درست تخمینہ مرتب کر کے وفاق کو بتایا جائے کہ مقامی پیداوار، موجودہ ذخائر اور بیرونی ذرائع سے آنے والی گندم کے تناظر میں کتنی مقدار درکار ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ گندم اور آٹے کی ترسیل کے تمام راستوں کی صورت حال کا جائزہ لے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر سپلائی کا تسلسل برقرار رکھنے کے انتظامات کرے۔ قیمتوں پر قابو پانے کے لئے منڈیوں کی نگرانی بھی اہم ہے۔ نرخناموں پر مؤثر عملدرآمد بھی ضروری اور یہ بھی ضروری ہے کہ مصنوعی بحران کھڑا کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ حکومت کو طلب، رسد اور پیداواری لاگت کی بنیاد پر صورت حال کا جائزہ لینا چاہئے، جبکہ ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری کی شکایات پر شواہد کی روشنی میں کارروائی کی جائے۔ اس طرح اصل مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے ایسے اقدامات کئے جا سکتے ہیں جن سے کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر نہ ہوں اور صارفین کو بھی ریلیف ملے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ متعلقہ حکام عوام کو صورت حال سے باخبر رکھیں۔ اس سے نہ صرف انتظامی جواب دہی بہتر ہوگی بلکہ غیر یقینی صورت حال اور بے جا خدشات کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی کا معاملہ

وزیر احمد جوگیزئی

منظر نامہ

جمہوریت محض انتخابات، پارلیمنٹ، حکومتوں کی تبدیلی یا اقتدار ایک جماعت سے دوسری کو منتقل کرنے کا نام نہیں، بلکہ جمہوریت ایسا نظامِ حکومت ہے جس کی اصل روح عوام کی حکمرانی، ان کی رائے کا احترام، ان کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور ان کے مسائل کا مؤثر حل ہے۔ دنیا کی سیاسی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جب تک عوام کو حقیقی معنوں میں بااختیار نہیں بنایا جاتا، کوئی بھی جمہوری نظام اپنی منزل حاصل نہیں کر سکتا۔ خواہ وہ پارلیمانی جمہوریت ہو، صدارتی نظام ہو یا پاکستان کی طرح ایسا نظام جس میں جمہوری اور انتظامی اختیارات کی تقسیم کے حوالے سے مسلسل سوالات اٹھتے رہتے ہوں، عوامی شرکت اور مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی کے بغیر جمہوریت کی بنیادیں مضبوط نہیں ہو سکتیں۔ جمہوریت کا بنیادی اصول ایک فرد، ایک ووٹ ہے۔ اس اصول کا مقصد صرف یہ نہیں کہ ہر شہری کو انتخابات کے دن پولنگ اسٹیشن جا کر اپنا ووٹ ڈالنے کا موقع دیا جائے، بلکہ اس کا حقیقی مفہوم یہ ہے کہ ہر فرد کی رائے کو اہمیت دی جائے، اس کی ضروریات کو سمجھا جائے اور اس کے مسائل کے حل کے لیے اسے فیصلہ سازی کے عمل میں شریک کیا جائے۔ اگر ایک شہری اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد اگلے انتخابات تک حکومتی معاملات سے لاتعلق ہو جائے، اس کے محلے کی سڑکیں ٹوٹی ہوئی ہوں، گلیوں میں نکاسی آب کا نظام موجود نہ ہو، پینے کا صاف پانی دستیاب نہ ہو، بچوں کے لیے معیاری تعلیم اور خاندان کے لیے بنیادی صحت کی سہولیات میسر نہ ہوں، تو محض ووٹ ڈالنے کے عمل کو مکمل جمہوریت قرار نہیں دیا جا سکتا۔ حقیقی جمہوریت اسی وقت قائم ہوتی ہے جب عوام کی رائے ان کی روزمرہ زندگی میں مثبت تبدیلی کا سبب بنے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں مقامی حکومتوں یا لوکل گورنمنٹ کی اہمیت سامنے آتی ہے۔ مقامی حکومتیں عوام اور ریاست کے درمیان سب سے قریبی اور مؤثر رابطے کا ذریعہ ہوتی ہیں۔ ایک عام شہری کو اپنے گاں، محلے، قصبے یا شہر کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی دارالحکومت یا وفاقی حکومت کے دروازے پر دستک نہیں دینی چاہیے۔ اس کے مسائل کا حل اس کے قریب ترین انتظامی اور منتخب ادارے کے پاس ہونا چاہیے۔ گلی کی مرمت، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، پینے کے پانی کی فراہمی، مقامی سڑکوں کی دیکھ بھال، بازاروں کی بہتری اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ایسے معاملات ہیں جنہیں مقامی سطح پر زیادہ بہتر انداز میں سمجھا اور حل کیا جا سکتا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے تجربات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جمہوریت کی مضبوطی کے لیے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ یورپ کے مختلف ممالک میں مقامی حکومتوں کو عوامی مسائل کے حل، شہری منصوبہ بندی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار حاصل ہے۔ سویڈن کی مثال لی جائے یا برطانیہ کے مقامی حکومتی نظام کو دیکھا جائے، وہاں مرکزی حکومت اور مقامی اداروں کے درمیان اختیارات کی تقسیم مختلف آئینی اور قانونی بنیادوں پر قائم ہے، لیکن دونوں مثالوں سے یہ سبق ضرور ملتا ہے کہ عوامی ضروریات کے مطابق مقامی اداروں کو مؤثر کردار دینا ضروری ہے۔ برطانیہ میں بادشاہت کے ساتھ پارلیمانی جمہوریت قائم ہے، جبکہ سویڈن بھی آئینی بادشاہت اور پارلیمانی نظام رکھتا ہے۔ اس کے باوجود مقامی حکومتوں کی اہمیت اپنی جگہ برقرار ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جمہوریت کی کامیابی کسی ایک طرزِ حکومت سے مشروط نہیں، بلکہ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ عوام کو اپنے معاملات میں کتنی مؤثر شرکت اور اختیار حاصل ہے۔ پاکستان میں مقامی حکومتوں کا معاملہ ہمیشہ سے توجہ طلب رہا ہے۔۔ اس صورت حال میں ضروری ہے کہ شہری سہولیات، منصوبہ بندی اور عوامی نمائندگی کے نظام کو اس انداز میں مربوط کیا جائے کہ کسی علاقے کے رہائشی بنیادی شہری خدمات کے حوالے سے غیر ضروری پیچیدگیوں کا شکار نہ ہوں۔ اگر ایک شہر مختلف انتظامی حدود میں تقسیم ہو اور ان کے درمیان مؤثر رابطہ موجود نہ ہو تو شہری منصوبہ بندی، ٹریفک، صفائی، نکاسی آب اور دیگر مشترکہ مسائل کا حل مشکل ہو سکتا ہے۔ مقامی حکومت کا مقصد صرف نمائندے منتخب کرنا نہیں، بلکہ ایک ایسا نظام تشکیل دینا ہے جس میں منتخب نمائندے اپنے علاقے کے لوگوں کے سامنے جواب دہ ہوں۔ اگر کسی گاں میں پانی کی فراہمی کا مسئلہ پیدا ہو، کسی شہر میں کچرے کے ڈھیر لگ جائیں یا کسی محلے کی سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے تو شہریوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ اس مسئلے کے حل کی ذمہ داری کس ادارے پر عائد ہوتی ہے۔ جب ذمہ داری واضح ہو، اختیارات دستیاب ہوں، مالی وسائل موجود ہوں اور نگرانی کا مؤثر نظام کام کر رہا ہو تو عوامی مسائل کا حل نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔ اس کے برعکس، اگر ہر معاملے میں مختلف محکموں اور حکومتوں کے درمیان ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال دی جائے تو عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور جمہوری اداروں پر ان کا اعتماد بھی متاثر ہوتا ہے۔ اسی تناظر میں پاکستان میں نئے صوبے بنانے کی بحث کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ملک میں انتظامی مسائل، آبادی میں اضافے، وسائل کی تقسیم اور دور دراز علاقوں تک حکومتی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے نئے صوبوں کے قیام کی تجاویز سامنے آتی رہی ہیں۔ یہ ایک اہم آئینی اور انتظامی معاملہ ہے جس پر سنجیدہ مکالمے کی ضرورت ہے۔ تاہم محض صوبوں کی تعداد بڑھا دینے سے عوام کے تمام مسائل خود بخود حل نہیں ہو سکتے۔ اگر اختیارات اور وسائل چند مراکز تک محدود رہیں، مقامی حکومتیں مؤثر نہ ہوں اور عوام کو فیصلہ سازی میں مناسب حصہ نہ ملے تو نئے انتظامی ڈھانچے بھی شہریوں کی توقعات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر سکتے ہیں۔ پاکستان کی معیشت میں زراعت کا اہم کردار ہے اور اس شعبے سے وابستہ کسانوں کو پانی، معیاری بیج، جدید زرعی ٹیکنالوجی، منڈیوں تک رسائی اور مناسب قیمتوں کی فراہمی کی ضرورت ہے۔ اسی طرح صنعتوں کو توانائی، بنیادی ڈھانچے، سرمایہ کاری اور پالیسیوں میں تسلسل کی ضرورت ہے تاکہ پیداوار میں اضافہ ہو اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ جب مزدور کو اس کی محنت کا مناسب معاوضہ ملے گا، کسان کو اپنی پیداوار کی معقول قیمت دستیاب ہوگی، کاروباری طبقے کو سرمایہ کاری کے لیے قابلِ اعتماد ماحول میسر آئے گا اور نوجوانوں کو تعلیم و ہنر کے مطابق روزگار کے مواقع ملیں گے تو معاشرے میں معاشی تحفظ کا احساس بڑھے گا۔ معاشی استحکام اور جمہوری استحکام ایک دوسرے سے الگ نہیں ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی عوام کی زندگیوں پر براہِ راست اثر انداز ہوتی ہیں۔ ایسی صورت حال میں عوام سے جمہوری نظام پر اعتماد کی توقع اسی وقت کی جا سکتی ہے جب انہیں محسوس ہو کہ ریاست ان کے مسائل کو سمجھتی ہے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ آج پاکستان کو درپیش چیلنجز میں عوامی اعتماد کی بحالی بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ جب شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کے لیے بار بار مختلف اداروں کے چکر لگانے پڑیں، ان کی شکایات پر بروقت کارروائی نہ ہو اور انہیں فیصلہ سازی کے عمل سے دور محسوس کیا جائے تو ان کے اندر بے بسی اور مایوسی کے جذبات پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس کیفیت کو تبدیل کرنے کے لیے محض سیاسی نعروں یا نئے انتظامی تجربات سے آگے بڑھ کر ایسے ادارے قائم کرنا ہوں گے جو عوام کی ضروریات کے مطابق کام کریں۔ مقامی حکومتیں اس عمل میں بنیادی کردار ادا کر سکتی ہیں، بشرطیکہ انہیں آئینی و قانونی تحفظ، مناسب مالی وسائل، واضح ذمہ داریاں اور مؤثر اختیارات فراہم کیے جائیں۔ ہمیں یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ عوام کسی بھی ریاست کا سب سے اہم سرمایہ ہوتے ہیں۔ ان کی معاشی بہتری، سماجی ترقی، سیاسی شرکت اور بنیادی حقوق کا تحفظ ہی قومی استحکام کی بنیاد ہے۔ جب تک پاکستان کے گاں، قصبے، تحصیلیں اور شہر اپنے مقامی مسائل حل کرنے کی مناسب صلاحیت حاصل نہیں کرتے، اس وقت تک جمہوریت کے ثمرات ہر شہری تک پہنچانا ایک مشکل کام رہے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مقامی حکومتوں کو محض سیاسی ضرورت یا عارضی انتظامی تجربہ سمجھنے کے بجائے جمہوری نظام کا مستقل اور بنیادی ستون بنایا جائے۔ احترامِ جمہوریت کا حقیقی تقاضا یہی ہے کہ عوام کو صرف ووٹ دینے کا حق نہ دیا جائے بلکہ ان کے ووٹ کی روح کو بھی تسلیم کیا جائے!!

جب وقار سیاست سے بلند ہو جائے

محمد محسن اقبال

آواز حق

سیاست اختلاف کا نام ضرور ہے، مگر اختلاف کا مطلب دشمنی نہیں۔ جمہوریت کی اصل خوب صورتی بھی اسی میں پوشیدہ ہے کہ مخالف نظریات رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کی بات سنیں، اختلاف برداشت کریں اور باہمی احترام کے ساتھ قومی معاملات پر گفتگو کرنے کا حوصلہ رکھتے ہوں۔ پارلیمان محض قانون سازی کی عمارت نہیں، بلکہ قومی شعور، سیاسی تہذیب اور اجتماعی کردار کی آئینہ دار بھی ہوتی ہے۔ اس ایوان میں بعض شخصیات اپنے منصب، سیاسی وابستگی یا اقتدار کے باعث پہچانی جاتی ہیں جبکہ کچھ لوگ اپنے اخلاق، متانت اور شرافت سے دلوں میں جگہ بناتے ہیں۔ چوہدری محمود بشیر ورک کا شمار انہی شخصیات میں ہوتا تھا جن کی زندگی اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ انسان کا اصل مقام اس کے عہدے سے نہیں، بلکہ اس کے کردار سے متعین ہوتا ہے۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے سینئر پارلیمنٹیرین چوہدری محمود بشیر ورک 11 ستمبر 2026 کو 88 برس کی عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ ان کے انتقال پر مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان کی جانب سے اظہارِ تعزیت اور خراجِ عقیدت اس بات کا ثبوت تھا کہ سیاسی وابستگیاں اپنی جگہ، مگر شرافت اور وضع داری کا احترام ان تمام حد بندیوں سے بلند ہوتا ہے جو سیاست میں انسانوں کے درمیان قائم ہو جاتی ہیں۔ چوہدری محمود بشیر ورک 25 دسمبر 1937 کو گوجرانوالہ کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کی پرورش کاموورکاں، جسے قلعہ کاموورکاں بھی کہا جاتا ہے، میں ہوئی۔ ان کے والد چوہدری بشیر احمد ورک کی شخصیت کا ایک روشن پہلو 1947 کے ہنگامہ خیز دنوں میں سامنے آیا، جب برصغیر کی تقسیم کے نتیجے میں انسانیت آزمائش سے گزر رہی تھی، خاندانی روایات کے مطابق، انہوں نے سکھ اور ہندو خاندانوں کو تحفظ فراہم کیا، جن میں کیپٹن اجیت سنگھ بٹالیہ کا خاندان بھی شامل تھا۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے قرآنِ مجید پر عہد کیا تھا کہ جن لوگوں کی حفاظت کی ذمہ داری قبول کی ہے، ان کی سلامتی کو یقینی بنائیں گے۔ یہ واقعہ محض ایک خاندانی روایت نہیں، بلکہ اس اخلاقی عظمت کی یاد دہانی ہے جو مذہب، ذات اور برادری کی تقسیم سے بلند ہو کر انسانیت کا ہاتھ تھام لیتی ہے۔ ایسے ہی واقعات معاشروں کے اجتماعی حافظے میں محفوظ رہتے ہیں اور آنے والی نسلوں کو بتاتے ہیں کہ مشکل ترین حالات میں بھی انسان اپنے کردار کی روشنی سے دوسروں کے لئے امید کا چراغ روشن کر سکتا ہے۔ محمود بشیر ورک کی شخصیت کو سمجھنے کے لئے ان کے خاندانی پس منظر کا یہ پہلو خاص اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے قانون کے شعبے کو اپنا پیشہ بنایا، سینئر قانون دان کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر بھی رہے۔ اپنے شہر کے ایک نجی لاء کالج میں تدریس سے وابستگی نے انہیں قانون کے نظری اور عملی پہلوؤں کو سمجھنے کا مزید موقع دیا۔ وکالت کے دوران ان کا واسطہ آئینی اصولوں، عدالتی طریقِ کار اور عام شہریوں کے مسائل سے رہا۔ یہی تجربہ بعد میں ان کی پارلیمانی زندگی میں کام آیا، کیونکہ قانون ساز ادارے میں بیٹھنے والے شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ قانون کی روح، آئینی تقاضوں اور عوامی مشکلات سے واقف ہو۔ ان کی سیاسی زندگی کا آغاز قومی اسمبلی سے نہیں، بلکہ بلدیاتی سطح سے ہوا۔ 1962 میں یونین کونسل کے چیئرمین منتخب ہو کر انہوں نے عوامی خدمت کا سفر شروع کیا۔ قومی اسمبلی میں ان کی پہلی کامیابی 1997 کے عام انتخابات میں سامنے آئی، جب وہ پاکستان مسلم لیگ)ن (کے امیدوار کی حیثیت سے گوجرانوالہ کی نمائندگی کے لئے منتخب ہوئے۔ 2002 کے انتخابات میں انہیں کامیابی نہ مل سکی، لیکن 2008 میں وہ دوبارہ قومی اسمبلی پہنچے اور 2013، 2018 اور 2024 میں بھی کامیابی حاصل کی۔ اس طرح انہوں نے قومی اسمبلی کے پانچ ادوار میں عوام کی نمائندگی کی۔ سیاسی حالات کی تبدیلی، انتخابی مقابلوں اور جماعتی صف بندیوں کے باوجود ان کا اپنے حلقے سے تعلق برقرار رہا۔ چوہدری محمود بشیر ورک مسلم لیگ)ن (اور بالخصوص میاں نواز شریف کے سیاسی حلقے سے وابستہ رہے۔ تاہم، ان کی شخصیت کا جائزہ صرف جماعتی وابستگی کی بنیاد پر نہیں لیا جا سکتا۔ ان کے ساتھی انہیں متانت، شائستگی اور دوسروں کی بات تحمل سے سننے کی عادت کے حوالے سے یاد کرتے تھے۔ اختلاف کرنے والوں کے ساتھ بھی احترام کا رویہ رکھنا ان کی نمایاں خوبیوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ سیاست میں جہاں بعض اوقات مخالف کی بات سننا بھی کمزوری سمجھ لیا جاتا ہے، وہاں تحمل اور شائستگی اختیار کرنا یقیناً ایک قابلِ قدر وصف ہے۔ جنوری 2018 میں وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی وفاقی کابینہ میں انہیں وزیر قانون و انصاف مقرر کیا گیا۔ وہ مئی 2018 میں قومی اسمبلی کی تحلیل تک اس منصب پر فائز رہے۔ وزارتِ قانون ایک ایسی ذمہ داری ہے جس میں آئینی تقاضوں، قانون سازی اور انتظامی فیصلوں کے درمیان توازن قائم رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ان کا قانونی پس منظر اس منصب کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا تھا۔ 2018 کے انتخابات کے بعد وہ ایک مرتبہ پھر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور قانون سازی کے عمل میں اپنا کردار ادا کرتے رہے۔ ان کے انتقال پر وزیراعظم شہباز شریف اور قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی پارلیمانی، سیاسی اور سماجی خدمات کو سراہا۔ 13 اکتوبر 2026 کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں بھی ارکان نے انہیں یاد کیا۔ یہ اظہارِ افسوس ایک ایسے ساتھی کی جدائی کا اعتراف تھا جس نے کئی دہائیوں تک سیاسی زندگی میں اپنا کردار ادا کیا۔ لیکن ایسے مواقع پر ایک بنیادی سوال بھی سامنے آتا ہے: کسی پارلیمنٹیرین کی حقیقی میراث کیا ہوتی ہے؟ کیا اس کا تعین صرف ان عہدوں سے کیا جائے گا جن پر وہ فائز رہا، یا اس طرزِ عمل سے بھی جو اس نے اپنے ساتھیوں، مخالفین اور عوام کے ساتھ اختیار کیا؟ قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔) سورۂ آلِ عمران، آیت 26 (۔ یہ آیت انسان کو یاد دلاتی ہے کہ اقتدار، منصب اور دنیاوی مرتبہ دائمی نہیں۔ وقت کے ساتھ عہدے بدل جاتے ہیں، سیاسی حالات کروٹ لیتے ہیں اور اقتدار کے ایوانوں میں نئے چہرے آ جاتے ہیں، مگر انسان کے کردار سے وابستہ یادیں دیر تک زندہ رہتی ہیں۔ اصل کامیابی یہ نہیں کہ انسان کتنے بڑے منصب تک پہنچا، بلکہ یہ ہے کہ اس نے اس منصب کو کس طرح استعمال کیا اور اپنے پیچھے کیسی روایت چھوڑی۔ چوہدری محمود بشیر ورک کی زندگی کا پیغام یہی ہے کہ سیاست میں اختلاف فطری ہے، اقتدار عارضی ہے اور عہدے وقت کے ساتھ ختم ہو جاتے ہیں، لیکن کردار کی خوشبو باقی رہتی ہے۔ انسان کی حقیقی پہچان اس کے منصب کی بلندی سے نہیں بلکہ اس شرافت سے ہوتی ہے جس کے ساتھ وہ اس منصب کی ذمہ داریاں نبھاتا ہے۔ یہی وہ وقار ہے جو سیاست سے بلند ہو کر تاریخ کا حصہ بن جاتا ہے۔

استحکام کی تلاش میں!

حامد ولید

پاکستان کی 77 سالہ سیاسی تاریخ عدم استحکام، آئینی بحرانوں، اور اقتدار کی رسہ کشی کی داستانوں سے بھری پڑی ہے، لیکن آج پاکستان جس موڑ پر کھڑا ہے، وہاں سیاسی دھند اتنی گہری ہے کہ آنے والے کل کا سراغ لگانا پہلے سے کہیں زیادہ دشوار ہو چکا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ پاکستان کہاں جا رہا ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان سیاسی طور پر اس وقت کہاں کھڑا ہے؟ اس کا سیدھا اور سچ جواب یہ ہے کہ ملک ایک ایسے سیاسی اور آئینی جمود کا شکار ہے، جہاں ہر ادارہ اور ہر سیاسی فریق ایک دوسرے کے آمنے سامنے تو ہے، مگر آئین و قانون کے تحت راستے نکالنے کا عمل شل ہو رہا ہے۔ موجودہ سیاسی سیٹ اپ کا جائزہ لیا جائے تو بظاہر اسلام آباد میں اتحادی حکومت قائم ہے، لیکن اس اتحاد کی بنیاد عوامی مقبولیت کے بجائے سیاسی جوڑ توڑ اور مجبوریاں ہیں۔ پاکستانی سیاست میں طاقت کے مراکز کی حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا اگرچہ آئین کی رو سے تمام اختیارات پارلیمنٹ اور عوام کے منتخب نمائندوں کے پاس ہونا چاہئیں، لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ فیصلہ سازی کا محور اب بھی غیر سیاسی اور مقتدر حلقے ہی ہیں۔ پاکستان کا موجودہ سیاسی ماڈل جسے اکثر ہائبرڈ سسٹم کہا جاتا ہے، پہلے سے زیادہ سخت اور منقسم ہے۔ سیاسی جماعتیں اقتدار میں آنے اور برقرار رہنے کے لئے مقتدر حلقوں کی حمایت حاصل کرنے کی دوڑ میں شامل رہتی ہیں، اور جب اقتدار ہاتھ سے نکل جائے تو اسی نظام کو للکارنا شروع کر دیتی ہیں، اس طرزِ عمل نے نہ صرف جمہوری قدروں کو پامال کیا ہے بلکہ سیاسی قیادت کی اخلاقی حیثیت کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ پارلیمنٹ، عدلیہ اور انتظامیہ، جو ریاست کے تین بنیادی ستون ہیں، ایک دوسرے کے اختیارات پر تجاوز اور دباؤ کے ماحول میں کام کر رہے ہیں۔ ماضی میں عدلیہ کو سیاسی فیصلوں کی آماجگاہ بنا دیا گیا۔ اب آئین کی تشریح سے لے کر سیاسی مقدمات کی سماعت تک، عدلیہ کے فیصلوں پر پیدا ہونے والے تنازعات نے عدالتی نظام کی غیر جانبداری پر سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ پارلیمنٹ، جسے قوم کی آواز ہونا چاہئے تھا، اب محض جلدی جلدی قانون سازی اور اپوزیشن کو دبانے کا آلہ بن کر رہ گئی ہے۔ پچھلے کچھ عرصے میں کی جانے والی آئینی ترامیم اور سخت قوانین نے آزادیٔ اظہار اور شہریوں کے بنیادی حقوق کو محدود کر دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کا معاملہ پاکستان کی موجودہ سیاست کا سب سے بڑا چیلنج بنا ہوا ہے۔ پارٹی کے سربراہ عمران خان کے جیل میں ہونے کے باوجود پی ٹی آئی کا ووٹ بینک اور عوامی حمایت کا ایک بڑا حصہ برقرار ہے۔ سڑکوں کی سیاست کا خمار اور احتجاج کا خطرہ ہر وقت ایوانوں پر منڈلاتا رہتا ہے۔ اس تمام صورتحال میں اپوزیشن اور حکومت کے درمیان بات چیت کا کوئی راستہ موجود نہیں، جو کہ کسی بھی جمہوریت کی روح ہوتی ہے۔ سیاست اور معیشت ایک ہی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ پاکستان اس وقت سنگین معاشی بحران اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) قرضوں پر سانسیں لے رہا ہے، لیکن معاشی استحکام کی سب سے پہلی شرط سیاسی استحکام ہے۔ کوئی بھی غیر ملکی سرمائے کار یا ملکی تاجر ایسے ملک میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا جہاں حکومت کی بقا روزانہ کے حساب سے ناپی جاتی ہو، جہاں قوانین راتوں رات بدل جاتے ہوں اور جہاں احتجاج اور ہڑتالوں کا خدشہ مسلسل موجود رہے۔ سیاسی کشمکش کی قیمت عام پاکستانی مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے بھاری بلوں کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔ آج کی سیاسی جنگ صرف پارلیمنٹ یا گراؤنڈ پر نہیں لڑی جا رہی، بلکہ اس کا ایک بڑا میدان سوشل میڈیا ہے۔ ایک طرف بیانیے پر قابو پانے کی سرکاری کوششیں ہیں تو دوسری طرف نوجوانوں کا وہ طبقہ ہے جو روایت سے ہٹ کر اپوزیشن اور ڈیجیٹل ذرائع پر بھروسہ کرتا ہے۔ بیانیے کی اس جنگ نے معاشرے میں قطبیت (Polarization) کو خطرناک حد تک بڑھا دیا ہے۔ اگر ان تمام عوامل کا مجموعی تجزیہ کیا جائے تو ہمارا نظام اس وقت ایک سیاسی دلدل میں کھڑا ہے۔ ایک ایسی دلدل جہاں آگے بڑھنے کا کوئی واضح راستہ دکھائی نہیں دیتا اور نہ ہی پیچھے ہٹنے کی گنجائش ہے۔ جب تک تمام سیاسی فریق (حکومت، اپوزیشن اور مقتدر حلقے) ایک میز پر بیٹھ کر آئینی حدود و قیود کا تعین نہیں کریں گے، یہ دلدل گہری ہوتی جائے گی۔ پاکستان کو فوری طور پر ایک نئے میثاق جمہوریت یا میثاق معیشت کی ضرورت ہے، جس میں یہ طے کیا جائے کہ انتخابات شفاف ہوں گے، عدلیہ آزاد ہوگی اور تمام ادارے اپنے آئینی دائرے میں رہ کر کام کریں گے۔ جمہوریت کا مطلب صرف ووٹ ڈالنا نہیں بلکہ عوام کی رائے کا احترام کرنا ہے۔ جب تک عوام کے فیصلے کو کھلے دل سے قبول نہیں کیا جائے گا، سیاسی عدم استحکام کا جن بوتل سے باہر ہی رہے گا۔ پاکستان اس وقت تاریخ کے اہم ترین موڑ پر کھڑا ہے۔ یہ مقام یا تو ہمیں ایک گہرے آئینی اور معاشی بحران میں دھکیل دے گا یا پھر سیاسی قیادت کو یہ احساس دلائے گا کہ انا، انتقام اور اقتدار کی ہوس سے اوپر اٹھ کر ملک کو بچانا ہوگا۔ اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو سیاسی بے یقینی کی یہ آگ ہمیں جلاتی رہے گی۔

حالیہ پالیسی ماضی میں ہوتی تو دہشت گردی شروع ہی نہ ہوتی

رحمت خان وردگ

سوویت یونین اور امریکہ دونوں سپر پاورز تھیں اور یہ باہم دست و گریباں رہتی تھیں لیکن ان دونوں کے دست و گریباں رہنے سے مسلمان ممالک قدرے امان میں تھے اور سپر پاورز کی توجہ باہمی کشمکش کی جانب ہی رہنے سے امریکہ کی توسیع پسندی قدرے کم تھی۔ جب سوویت یونین نے افغانستان پر جارحیت کی تو امریکہ نے اسے غنیمت جانا اور کابل پر سوویت پرچم لہرائے جانے تک امریکہ نے پاکستان میں یہ تاثر عام کر دیا کہ سوویت یونین کی اگلی منزل اسلام آباد ہے اور وہ گرم پانیوں تک رسائی کے لئے ہر صورت آگے بڑھے گا اور اسکا اصل ہدف پاکستان ہی ہے۔ امریکی ڈالرز کی برسات اسلحہ تربیت اور پروپیگنڈہ اس قدر موثر ثابت ہوا کہ سوائے ولی خان اور ایئر مارشل اصغر خان کے تمام سیاسی مذہبی لیڈرز حکمران اور عسکری قیادت امریکہ کے جھانسے میں آ گئی اور انہوں نے بھی اس بات کو تسلیم کرنے کی غلطی کر لی کہ یہ جنگ اصل میں پاکستان کی جنگ ہے لیکن اس تمام امریکی کوششوں کے پیچھے امریکہ سوویت یونین سے ویتنام کی شکست کا بدلہ لینا چاہتا تھا۔ ایئر مارشل اصغر خان مرحوم نے برملا کہا کہ سوویت یونین کا تعاقب نہ کیا جائے کیونکہ وہ واپس جا رہا ہے اور اگر ہم نے کوئی غلطی کی تو ہماری آئندہ 3 نسلیں اس کے بدترین اثرات کا شکار رہیں گی لیکن ان کی بات نہیں مانی گئی اور انہیں روس کا ایجنٹ قرار دیا گیا۔ روس کے کابل سے واپس جانے کے بعد وہاں ڈاکٹر نجیب کی حکومت بنی اور انہوں نے پاکستان کے تمام سیاستدانوں کو کابل کے دورے کی دعوت دی لیکن ماسوائے ایئر مارشل اصغر خان کے کوئی بھی کابل کے دورے پر نہیں گیا۔ کابل کی فتح کے بعد پاکستان نے امریکہ کے ایما پر نہ ختم ہونیوالی غلطی کا آغاز کیا اور اس سے پہلے کہ خدانخواستہ سوویت فوجیں پاکستان کی جانب پیشقدمی کرتیں پاکستان نے افغانستان میں جا کر انکا تعاقب کیا اور امریکی فنڈنگ اور امداد کی بنیاد پر روس کو بدترین شکست سے دوچار کیا حالانکہ سوویت یونین کے پاس سینکڑوں ایٹم بم تھے لیکن وہ معاشی طور پر کمزور ہونے کے باعث نہ صرف بدترین شکست سے دوچار ہوا بلکہ اپنی سالمیت برقرار نہ رکھ سکا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اس طرح ایک سپر پاور کا دنیا سے خاتمہ ہوا۔ دنیا میں 2 سپر پاورز تھیں تو باہم دست و گریباں رہتی تھیں لیکن ہم نے امریکی زہریلے پروپیگنڈے کا شکار ہو کر افغان سوویت جنگ میں کٹھ پتلی کا کردار ادا کیا اور پھر امریکہ دنیا کی واحد سپر پاور بن گئی۔ سوویت یونین ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ ہم نے امریکی مفادات کی جنگ میں 1979 سے حصہ لیا لیکن اس وقت امریکی ڈالرز کی چمک کے باعث اسے پاکستان کے مفاد کی جنگ قرار دیا گیا۔ سوویت یونین کے افغانستان پر حملے کے بعد افغان عوام نے ہجرت کی اور ایران و پاکستان کا رخ کیا۔ ایران نے انہیں بارڈر کے ساتھ کیمپ بنا کر محدود علاقے تک رہائشی سہولتیں دیں جبکہ پاکستان نے ملک بھر میں انہیں کھلی رسائی دی جس کے اثرات آج سب کے سامنے ہیں۔ اگر پاکستان بھی افغان پناہ گزینوں کو صرف بارڈر کے ساتھ مخصوص علاقے میں کیمپ قائم کر کے وہیں تک محدود رکھتا تو آج پاکستان میں امن و امان منشیات اور اسلحہ و دہشت گردی کی یہ صورتحال نہ ہوتی۔ جب 1979 میں ایئر مارشل اصغر خان افغان جنگ سے باز رہنے کا کہہ رہے تھے تو ان پر الزام تراشی کی گئی لیکن آج عسکری قیادت سیاسی و دینی جماعتوں نے یہ بات تسلیم کر لی ہے کہ افغانستان کی جنگ دراصل امریکہ کی جنگ تھی جس میں پاکستان کو بھاری جانی و مالی نقصان پہنچا اور ساتھ ہی ساتھ امریکہ دنیا کی واحد سپر پاور اور تھانیدار بن گیا۔ عالمی طور پر امریکہ کے واحد سپر پاور بن جانے کے بعد تو نقشہ ہی بدل گیا اور امریکہ نے مسلم ممالک کو ایک ایک کر کے اپنے نشانے پر رکھ لیا جس کی وجہ سے آج عراق شام لیبیا افغانستان لبنان سمیت کئی ممالک کی حالت قابل رحم ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے مل کر اب ایران پر حملہ کر دیا ہے اور وہاں حکومت کی تبدیلی و ایران کو غیر مسلح کرنے کے مشن پر کاربند ہیں۔ ایران نے اپنے دفاع کے نام پر پڑوسی عرب ممالک میں موجود امریکی اڈوں کو نشانہ بنانا شروع کر رکھا ہے جس سے درجن بھر مسلم ممالک جنگ کی لپیٹ میں ہیں۔ اس جنگ میں ایران نے پہلے اہم سمندری راستہ آبنائے ہرمز بند کیا اب یمن کے حوثیوں نے نہ صرف سعودی عرب پر حملے شروع کر رکھے ہیں بلکہ ایک اور اہم سمندری گزرگاہ باب المندب کو بھی بند کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔ امریکہ کو واحد سپر پاور بنانے کی غلطی کا خمیازہ پوری مسلم امہ بھگت رہی ہے اور غزہ میں لاکھوں مظلوم عورتوں بچوں اور بزرگوں کو شہید کرنے کے بعد اب ایران پر لشکر کشی کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام عرب ممالک میں جنگ پھیل چکی ہے۔ امریکہ نے عرب ممالک سے دفاعی معاہدے کر رکھے تھے جس کی بنیاد پر عرب ممالک میں امریکی فوجی اڈے قائم کئے گئے ہیں اور عرب حکمرانوں کو یہ باور کرایا گیا ہے کہ امریکہ ان کا دفاع کرے گا لیکن ایران کی جانب سے پڑوسی ممالک میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنائے جانے پر عرب حکمرانوں نے دیکھ لیا ہے کہ امریکہ نے یہ سب کچھ اپنی پالیسیوں کو دوام دینے اور اسرائیل کے دفاع کے لئے کر رکھا تھا۔ اب ایران کے میزائل حملوں میں بھاری نقصانات کے اندیشے پر امریکہ عرب ممالک کو بے یار و مددگار چھوڑ کر امریکی اور اسرائیلی مفادات کے تحفظ میں مصروف ہے اور ایران کے حملوں میں عرب ممالک کو تنہا چھوڑ دیا گیا ہے۔

ملتان میں لاہور جیسی ترقی، مریم نواز کا کریڈٹ

نسیم شاہد

میں وہ ملتانی ہوں جو اب سیاسی وابستگیوں سے بے نیاز ہو کر یہ خواہش رکھتا ہے کہ لاہور جیسی خوبصورتی ملتان کو بھی ملے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ملتان کی جم پل ہوں۔ یہیں پیدا ہوا، تعلیم حاصل کی، سرکاری ملازمت کی اور ریٹائر ہوا، اب اس شہر میں بسیرا ہے۔ ایک بار امریکہ سے ایک سکالر ہالی ایڈورڈز ملتان آئی اور کسی ذریعے سے اس نے مجھ تک رسائی حاصل کی تاکہ میں اسے ملتان اور گرد و نواح میں اسلامی آرکیٹیکچر کے آثار دکھاں۔ میں نے کئی دن اسے ملتان سے لے کر اچ شریف تک آثار دکھائے۔ جب وہ جانے لگی تو اس نے پوچھا تم کہاں کہاں رہے ہو۔ میں نے اسے بتایا میں ملتان میں پیدا ہوا اور ملتان ہی میں ملازمت کر رہا ہوں تو اس کے منہ سے بے ساختہ یہ جملہ نکلا Nasim You are luckiest man of the World (نسیم تم دنیا کے خوش قسمت ترین انسان ہو (اس کی وضاحت اس نے یوں کی کہ تمہاری زندگی میں بے یقینی نہیں، تمہیں پتہ ہے کہ تم نے صبح اٹھنا ہے تو اس شہر میں رہنا ہے، اسی میں کام کرنا ہے۔ پھر اس نے کہا جو لوگ کرائے کے مکانوں میں رہتے ہیں ان کی زندگی میں یقین بہت کم ہوتا ہے۔ وہ چلی گئی مگر اس کی یہ بات مجھے یاد رہ گئی۔ بہت سے لوگ ہوتے ہیں جو اپنے شہر کی روح کو اپنے اندر سمیٹ لیتے ہیں، ایسے لاہور میں بھی پائے جاتے ہیں، کراچی میں بھی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، کوئٹہ، پشاور، اسلام آباد غرض بہت سے، انہی کو مٹی کے بیٹے کہا جاتا ہے اس پس منظر میں جب میں ملتان کے حوالے سے سوچتا ہوں، سچی بات ہے اس میں خود غرضی ضرور ہوتی ہے، ویسے تو خواہش یہی رہتی ہے کہ پورا پاکستان ترقی کرے، پورے پنجاب میں لاہور جیسی ترقی ہو، تاہم ملتان کو ترقی یافتہ دیکھنے کی خواہش سب پر بھاری رہتی ہے ابھی چند روز پہلے ملتان میں قلعہ کہنہ قاسم باغ پر جو ملتان کی شناخت ہے، والڈ سٹی اتھارٹی کے تعاون سے قلعہ پر واقع قدیمی لائبریری کو جدید شکل میں ڈھالنے اور اس کے ساتھ ایک بڑا کیفے بنانے کی تقریب ملتان ہیریٹیج کیفے اور لائبریری کے نام سے منعقد ہوئی تو ڈی جی والڈ سٹی اتھارٹی پنجاب نجم الثاقب نے بتایا ابتدا میں قلعہ کے تہذیبی و تاریخی آثار کو بحال کرنے اور نئی شکل دینے کیلئے پنجاب حکومت نے تین ارب روپے دیے تھے تاہم کمشنر ملتان نے جب اس حوالے سے کچھ نئے منصوبے پیش کئے تو وزیراعلیٰ مریم نواز نے انہیں پسند کیا اور یہ منصوبہ پانچ ارب تک چلا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا ہے ملتان کو ترقی یافتہ شہر بنانے اور اس کے تاریخی ورثے کی بحالی کے لئے بہتر سے بہتر منصوبہ بندی کی جائے۔ فنڈز کے معاملے میں پنجاب حکومت کوئی کمی نہیں آنے دی گی۔ جب میں نے ڈی جی والڈ سٹی پنجاب نجم الثاقب کی یہ بات سنی تو میں نے بے ساختہ تالیاں بجائیں، کیونکہ ایک عرصہ بلکہ دہائیاں ہو گئیں یہ سنتے کہ ملتان کے لئے فنڈز نہیں ملتے۔ کئی منصوبے ملتے ہیں تو تکمیل بلکہ آغاز سے پہلے ان کے فنڈز لاہور منتقل کر دیے جاتے ہیں مگر وزیراعلیٰ مریم نواز کو یہ کریڈٹ ملنا چاہیے کہ انہوں نے اس روایت کو توڑا، آج ملتان میں بہت سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جو کئی دہائیوں سے یہاں کے عوام کی محرومیوں کا باعث بنے ہوئے تھے۔ ملتان کی خوش قسمتی یہ بھی ہے کہ اسے ایک اچھا ایڈمنسٹریٹر کمشنر عامر کریم خان کی شکل میں مل گیا۔ حکومتیں بلاوجہ تو فنڈز نہیں دیتیں، تاوقتیکہ منصوبے اور تجاویز نہ پیش کی جائیں۔ ملتان میں شہباز شریف نے دو بڑے منصوبے دیے تھے، جب وہ پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے۔ ایک میٹرو بس سروس اور دوسرا فلائی اوور، اس کے بعد سید یوسف رضا گیلانی نے کینٹ کا فلائی اوور دیا، ملتان کو انٹرنیشنل ایئرپورٹ دینے کی بنیاد رکھی۔ تاہم ملتان کا دیرینہ مسئلہ پرانے سیوریج سسٹم کا تھا جس کی وجہ سے شہر ہلکی سی بارش سے بھی ڈوب جاتا اور ویسے بھی جگہ جگہ گران فیلیئر ہوتے جس سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ ملتان کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لئے بھی فنڈز نہیں ملتے تھے جس کے باعث ملتان کی شکل گرد گرما، گدا و گورستان کا منظر ہی پیش کرتی رہی۔ ملتان کی شکل بدلنے کا کریڈٹ موجودہ پنجاب حکومت کو جاتا ہے اور اس کے لئے محرک کمشنر عامر کریم خان جتے ہیں جنہوں نے چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ایسے منصوبے پیش کئے جن سے ملتان کی پسماندگی کو ترقی میں بدلا جا سکتا تھا۔ ظاہر ہے بڑے منصوبوں کے لئے بجٹ بھی زیادہ چاہیے ہوتا ہے اور ماضی میں اکثر وہی ہوتا رہا کہ منصوبے وقت کی گرد میں دبتے رہے کیونکہ فنڈز ہی دستیاب نہیں ہوتے تھے، جبکہ بیوروکریسی کی اس پالیسی کی وجہ سے جنوبی پنجاب میں احساس محرومی کا تاثر برقرار رہتا تھا۔

SPORTS

کھیل اور کھلاڑی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

پولو کلب کے زیر اہتمام ٹورنامنٹ کا فائنل جیتنے والی ٹیم کا مہمان خصوصی کے ہمراہ گروپ فوٹو

سہ ملکی ون ڈے سیریز
پاکستان نے انگلینڈ کو ایک وکٹ سے ہرادیا

پہلے اوور کی پانچویں گیند پر شاہین شاہ آفریدی نے انگلش کھلاڑی ٹام بینٹن کو 4 رنز پر پویلین بھیج دیا، انگلش اوپنر بین ڈکٹ نے، 105 رنز کی اننگز کھیلی

راولپنڈی (بلوچستان نیوز) سہ ملکی سیریز کے چوتھے ون ڈے میچ میں شاداب خان کی شاندار سنچری کی بدولت پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد انگلینڈ کے جبڑوں سے فتح چھین لی۔ پاکستانی ٹیم آج خواتین میں چھاتی کے سرطان کی آگاہی کے حوالے سے گلابی رنگ کی کٹ پہن کر میدان میں اتری۔ سیریز کے چوتھے ون ڈے میچ میں پاکستان نے انگلینڈ کے خلاف ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ مہمان ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 47ویں اوور میں 241 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پہلے ہی اوور کی پانچویں گیند پر شاہین شاہ آفریدی نے انگلش کھلاڑی ٹام بینٹن کو 4 رنز پر پویلین بھیج دیا، بعدازاں شاہین شاہ آفریدی نے ہی تیسرے اوور میں جو روٹ کو بھی 5 رنز پر [illegible] بھر پور مزاحمت اور 105 رنز کی اننگز کھیلی۔ ان کے علاوہ ول جیکس نے 42 اور گس اٹکنسن 36 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ پاکستان کی جانب سے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے 4 وکٹیں حاصل کیں اور ون ڈے کرکٹ میں 150 وکٹیں مکمل کیں۔ ان کے علاوہ ابرار احمد اور عرفات منہاس نے 2،2 جبکہ حارث رؤف نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

فیفا انڈر15 ورلڈکپ، پاکستان کو گیمبیا نے شکست دیدی

باکو (این این آئی) آذربائیجان میں فیفا انڈر15 ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول 2026ء کے پہلے روز پاکستان کو اپنے پہلے میچ میں گیمبیا کے ہاتھوں 4-2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پاکستان نے تاریخی ڈیبو میچ میں 2 گول کی برتری حاصل کی تاہم گیمبیا نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے کامیابی اپنے نام کرلی۔ پاکستان انڈر15 فٹ بال ٹیم نے اپنے پہلے ہی میچ میں جارحانہ آغاز کیا اور 5ویں منٹ میں امیر حمزہ نے شاندار گول کر کے پاکستان کو برتری دلادی۔ امیر حمزہ نے گیمبیا کے دفاعی کھلاڑیوں کو چکمہ دیتے ہوئے آگے بڑھے اور زوردار شاٹ کے ذریعے گیند کو جال میں پہنچادیا۔ پاکستان کے دوسرے گول میں بھی امیر حمزہ نے اہم کردار ادا کیا، ان کے کامیاب ٹیکل کے بعد گیند باکسی جمل خان کے پاس پہنچی، جنہوں نے بائیں جانب سے آگے بڑھتے ہوئے شاندار شاٹ پر گیند کو گول کے اوپری کونے میں پہنچا کر پاکستان کی برتری 2-0 کردی۔ تاہم گیمبیا نے پہلے ہاف کے اختتام سے قبل 1 گول کر کے خسارہ کم کردیا اور وقفے پر پاکستان کو 2-1 کی برتری حاصل تھی۔ دوسرے ہاف کے آغاز میں گیمبیا نے دباؤ بڑھایا اور پاکستان کے گول کیپر شیان سے گیند نکل جانے کے بعد مقابلہ 2-2 سے برابر کردیا۔ گیمبیا کے مسلسل حملوں کے بعد پاکستان نے بھی کھیل میں واپسی کی کوشش کی، کلیم اللہ نے 3 سے زائد مرتبہ حریف گول پر شاٹس لگائے تاہم گیمبیا کے گول کیپر نے ان کی کوششیں ناکام بنادیں۔ پاکستان کی جانب سے دوبارہ برتری حاصل کرنے کی کوششوں کے دوران گیمبیا نے جوابی حملے میں تیسرا گول کر کے پہلی مرتبہ میچ میں برتری حاصل کی۔

15ویں کیلیکن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ کی تیاریاں جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تھرو بال فیڈریشن کے زیر اہتمام اور پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے 15ویں کیلیکن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ 28اکتوبر سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد، کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے تعلیمی اداروں کے عہدیدار اپنی ٹیم کی رجسٹریشن 26اکتوبر تک واٹس ایپ نمبر 03013318777 پر کرواسکتے ہیں۔ چیمپئن شپ 31اکتوبر تک جاری رہے گی اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد کے علاوہ دیگر انعامات بھی تقسیم کیے جائیں گے۔

لاہور، شائقین پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان میچ دیکھ رہے ہیں

لیونل میسی کو اسپین میں باوقار پرنس آف آسٹوریاس ایوارڈ فار اسپورٹس سے نوازا گیا

بارسلونا (این این آئی) ارجنٹائن کے معروف فٹبالر لیونل میسی کو اسپین میں سال 2026 کے لیے باوقار پرنس آف آسٹوریاس ایوارڈ فار اسپورٹس سے نوازا گیا ہے۔ 39 سالہ لیونل میسی نے اسپین کے شہر اوویڈو کے کیمپوامور تھیٹر میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں یہ اعزاز حاصل کر کے تاریخ کے صفحات میں اپنا نام درج کروالیا ہے اس ایوارڈ کو اپنے نام کرنے کے بعد میسی انفرادی حیثیت میں یہ اعزاز حاصل کرنے والے دنیا کے پہلے اور واحد فٹبالر بن گئے ہیں۔ اسپین کا سب سے بڑا اسپورٹس ایوارڈ اور باوقار پرنس آف آسٹوریاس ایوارڈ فار اسپورٹس 2026' حاصل کرنے پر فٹبال کی دنیا کے جھگمگاتے ستارے اور ارجنٹائن کے نامور کھلاڑی لیونل میسی کو دنیا بھر سے مبارکبادیں پیش کی جارہی ہیں۔ اس شاندار کامیابی پر ان کے سابق کلب ایف سی بارسلونا نے ایک انتہائی جذباتی اور محبت بھرا پیغام جاری کرتے ہوئے میسی کے ساتھ جڑے اپنے لازوال رشتے کو بھرپور انداز میں سراہا ہے۔ لیونل میسی کی اس تاریخی کامیابی پر بارسلونا کلب کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری کردہ مبارکبادی پیغام میں کہا گیا کہ میسی کا بے مثال ٹیلنٹ میدان کے اندر اور باہر ان کی شاندار کارکردگی، کھیل سے گہری وابستگی اور بے لوث سماجی خدمات کی ایک روشن اور لازوال مثال ہے۔ کلب نے کہا کہ کیمپ نو کے میدان پر 20 سال سے زائد کا طویل عرصہ گزارنے والے لیونل میسی کی کامیابیوں اور کلب کی تاریخ کا آپس میں گہرا رشتہ ہے، اور ان کے ساتھ یہ تعلق بارسلونا کے لیے ہمیشہ فخر کا باعث رہے گا۔ واضح رہے کہ لیونل میسی کو رواں سال جون میں اس باوقار ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔ لیونل میسی اپنے شاندار کیریئر کے دوران اب تک ریکارڈ 8 بار بیلن ڈی آر کا اعزاز جیتنے کے علاوہ اپنی قیادت میں ارجنٹائن کو فٹبال ورلڈ کپ کا چیمپئن بنانے اور کلب سطح پر ان گنت ٹرافیاں اور اعزازات اپنے نام کرنے کا منفرد اعزاز رکھتے ہیں۔ میسی نے اپنے کیریئر کے 21 سنہری سال بارسلونا کے ساتھ گزارے جس دوران اس کلب نے ملکی اور یورپی فٹبال میں تاریخ ساز کامیابیاں حاصل کیں۔ 2021ء میں بارسلونا کو خیرباد کہنے کے بعد وہ پہلے فرانسیسی کلب پیرس سینٹ جرمین کا حصہ بنے اور اس وقت وہ امریکی فٹ بال لیگ میں انٹر میامی کی نمائندگی کررہے ہیں۔

بدترین پٹائی کے بعد انگلش پروفیشنل باکسر پر پابندی عائد

لندن (این این آئی) انگلش پروفیشنل باکسر فابیو وارڈلی کو ان کے ہم وطن باکسر ڈینئیل ڈوبوا کے ہاتھوں بدترین مار پڑنے کے بعد باکسنگ مقابلوں میں حصہ لینے سے معطل کردیا گیا ہے۔ 31 سالہ وارڈلی نے گزشتہ ہفتے کے روز لندن کے او2 اریبنا میں ڈینئیل ڈوبوا کے خلاف دوبارہ مقابلے میں بری مار کھائی۔ یہ مقابلہ دوسرے راؤنڈ کے 2 منٹ اور 21 سیکنڈ بعد اس وقت ختم ہوا جب ان کے ٹرینر بین ڈیوس نے مزید لڑائی روکنے کے لیے تولیہ رنگ میں پھینک دیا۔ فابیو وارڈلی کسی طرح پہلا راؤنڈ گزارنے میں کامیاب رہے لیکن دوسرے راؤنڈ میں ڈینئیل ڈوبوا نے مسلسل حملے کر کے انہیں بے بس کردیا، جس کے بعد ان کے کارنر نے مقابلہ ختم کرنے کا فیصلہ کیا۔ او2 اریبنا میں ہونے والے اس یکطرفہ مقابلے کے دوران مشرقی انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے باکسر فابیو وارڈلی صرف چار مکے لگانے میں کامیاب ہو سکے۔ اس بھاری شکست کے بعد اب انہیں برٹش بورڈ آف باکسنگ کنٹرول کی جانب سے باکسنگ مقابلوں میں شرکت کی پابندی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

کراچی، فیفا انڈر15 ورلڈکپ میں حصہ لینے والی قومی ٹیم کا گروپ فوٹو

شاہین شاہ آفریدی نے ون ڈے میں 150 وکٹیں مکمل کرلیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے انگلینڈ کے خلاف سہ ملکی سیریز کے دوسرے میچ میں اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں 150 وکٹیں مکمل کرلیں۔ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے پاکستان کے تیز ترین فاسٹ بولر بن گئے ہیں۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جانے والے میچ میں شاہین آفریدی نے انگلینڈ کے ان فارم اوپنر ٹام بینٹن کو پہلے ہی اوور میں آٹ کر کے اپنی 150ویں ون ڈے وکٹ مکمل کی۔ ٹام بینٹن نے اپنی گزشتہ چار اننگز میں مسلسل چار نصف سنچریاں اسکور کی تھیں، تاہم شاہین کی فل لینتھ گیند پر کور کے علاقے میں کیچ دے بیٹھے۔ شاہین آفریدی نے اپنے 80ویں ون ڈے میچ میں 150 وکٹوں کا سنگ میل عبور کیا، جبکہ پاکستان کے سابق فاسٹ بولرز وقار یونس اور شعیب اختر نے یہ کارنامہ 91، 91 میچز میں انجام دیا تھا۔ پاکستانی بولرز میں شاہین آفریدی اب اس سنگ میل تک پہنچنے والے دوسرے تیز ترین بولر ہیں۔ ان سے آگے سابق آف اسپنر ثقلین مشتاق ہیں

کینسر میں مبتلا بنگلادیشی کرکٹر ایمبولینس میں زندگی کی بازی ہار گیا

چٹا گانگ ڈویژن کی انڈر18 ٹیم کے رکن مہدی حسن ہردوئے خون کے سرطان میں مبتلا تھے

ڈھاکہ (این این آئی) خون کے سرطان میں مبتلا بنگلادیش کی انڈر18 کرکٹ ٹیم کے نوجوان فاسٹ بولر مہدی حسن ہردوئے علاج کے لیے ڈھاکا منتقلی کے دوران ایمبولینس میں انتقال کرگئے۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق چٹاگانگ ڈویژن کی انڈر18 ٹیم کے رکن مہدی حسن ہردوئے خون کے سرطان میں مبتلا تھے، انہیں بہتر علاج کے لیے ڈھاکا منتقل کیا جارہا تھا تاہم وہ اسپتال پہنچنے سے قبل ہی دم توڑ گئے۔ بائیں ہاتھ سے فاسٹ بولنگ کرنے والے مہدی حسن ہردوئے کو چٹاگانگ کی جونیئر کرکٹ میں ایک باصلاحیت اور ابھرتا ہوا کھلاڑی سمجھا جاتا تھا۔ رپورٹس کے مطابق رواں سال جولائی میں بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) اور وزارت امور نوجوانان وکھیل نے ان کے علاج کے لیے 5،5 لاکھ ٹکا فراہم کیے تھے، تاہم طبی کوششوں کے باوجود ان کی جان نہ بچائی جاسکی۔ بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے نوجوان کرکٹر کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اہل خانہ سے تعزیت کی ہے۔

ضلع مہمند میں 16 کرکٹ پچز اور 8 والی بال گراؤنڈز کی تعمیر جاری

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کی نئی صوبائی حکومت نے ضلع مہمند میں نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے 16 نئی کرکٹ پچز اور 8 والی بال گراؤنڈز کی تعمیر شروع کردی ہے۔ صوبائی حکومتی ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت 6 کرکٹ پچز اور 3 والی بال گراؤنڈز کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، جبکہ باقی گراؤنڈز کی تعمیر بھی جلد مکمل کر لی جائے گی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق خیبرپختونخوا میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے انہیں کھیلوں کی کٹس بھی فراہم کی جائیں گی۔ ان اقدامات کا مقصد صوبے کے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا اور کھیلوں کی سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔

لاہور، پاکستانی ٹیم کے کھلاڑی حریف انگلینڈ ٹیم کے بلے باز کے آؤٹ ہونے پر خوشی کا اظہار کررہے ہیں

رضا اللہ کا اپنی ہی گیند پر شاندار کیچ، ویڈیو وائرل

لاہور (این این آئی) پاکستان کی ون ڈے ٹیم میں ڈیبیو کرنے والے فاسٹ بولر رضا اللہ نے اپنی ہی گیند پر شاندار کیچ تھام کر شائقین کو حیران کر دیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے اکاؤنٹ سے رضا اللہ کے کیچ تھامنے کی ویڈیو جاری کی گئی ہے جسے شائقین کی جانب سے کافی پسند کیا گیا۔ رضا اللہ نے میچ کے 33ویں اوور میں ول جیکس کو گیند کروائی جسے بلے باز نے کھیلنے کی کوشش کی تاہم گیند سیدھی بولر کی طرف چلی گئی۔ رضا اللہ نے ڈائیو لگا کر ایک ہاتھ سے کیچ تھام کر بلے باز کو پویلین کی راہ دکھائی۔ قومی ٹیم کے فاسٹ بولر رضا اللہ نے 8 اوورز میں 38 رنز دے کر انگلینڈ کے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

شاہین اور بابر اعظم کے دستخط شدہ شرٹس نیلامی کیلئے پیش

نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم چھاتی کے کینسر سے متاثرہ خواتین کے علاج پر خرچ ہوگی، پی سی بی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے کپتان شاہین شاہ آفریدی اور بابر اعظم کے دستخط شدہ شرٹس نیلامی کی پیش کردی ہے۔ پی سی بی نے خواتین میں چھاتی کے کینسر کی آگاہی کے لیے اہم قدم اٹھالیا اور شاہین آفریدی اور بابر اعظم کے دستخط شدہ شرٹس نیلامی کے لیے پیش کی ہیں۔ پاکستانی ٹیم 25 اکتوبر کو انگلینڈ کے ساتھ ٹرائی نیشن سیریز کے ایک روزہ میچ میں گلابی کٹ پہنے گی، ایونٹ کا یہ میچ چھاتی کے کینسر سے آگاہی کے نام ہے۔ پی سی بی اور پنک ربن نے چھاتی کے کینسر سے آگاہی کے لیے مشترکہ کاوش کی اور کرکٹرز کے دستخط شدہ خصوصی شرٹس کی نیلامی کا اعلان کیا۔ پی سی بی حکام کے مطابق فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور بیٹر بابر اعظم کے دستخط شدہ شرٹس نیلامی کے لیے پیش کی جائیں گی۔ پی سی بی کے مطابق نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم چھاتی کے کینسر سے متاثرہ خواتین کے علاج پر خرچ ہوگی۔ پی سی بی کے مطابق نیلامی کا مقصد علاج کے اخراجات برداشت نہ کرپانے والی خواتین کی مدد کرنا ہے یوں شائقین کو خصوصی شرٹس حاصل کرنے اور قیمتی جانیں بچانے میں کردار ادا کرنے کا موقع ملے گا۔

لاہور، قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین آفریدی فاسٹ باؤلر کو کیپ پہنا رہے ہیں

جنوبی افریقا کے خلاف آخری ٹیسٹ، آسٹریلوی ٹیم میں اہم کھلاڑی کی واپسی یقینی

سڈنی (آئی این پی) آسٹریلوی آل راؤنڈر کیمرون گرین نے انجری سے صحت یاب ہونے کے بعد جنوبی افریقا کے خلاف کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کے لیے اپنی دستیابی کی تصدیق کردی ہے، تاہم وہ بیٹنگ آرڈر میں چوتھے یا پانچویں نمبر پر کھیلنے کو ترجیح دیتے ہیں، حتمی فیصلہ آسٹریلوی سلیکٹرز کریں گے۔ کیمرون گرین 30 ستمبر کو جنوبی افریقا کے خلاف آخری ون ڈے میچ میں پیٹ کی انجری کا شکار ہونے کے بعد سے کرکٹ سے دور تھے۔ انہوں نے نیولینڈز میں ہفتے کے روز ٹریننگ کے دوران بولنگ بھی کی، تاہم وہ سیریز کے فیصلہ کن ٹیسٹ میں بولنگ نہیں کرسکیں گے۔ کیمرون گرین کا کہنا تھا کہ وہ کھیلنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور انہیں حیرت ہے کہ چند ہفتوں میں ان کی انجری اتنی جلد ٹھیک ہوگئی اور وہ خود کو پہلے سے بہتر محسوس کررہے ہیں۔ ان کی ٹیم میں واپسی تقریباً یقینی ہے، جس کے باعث گکیبرہا ٹیسٹ میں ایک اننگز اور 31 رنز سے شکست کھانے والی آسٹریلوی ٹیم میں کم از کم ایک تبدیلی متوقع ہے۔ مارنس لبوشین، نک میڈنسن اور بیو ویبسٹر کی ٹیم میں جگہ دباؤ کا شکار ہے، تاہم امکان ہے کہ لبوشین کو ایک اور موقع دیا جائے۔ کیمرون گرین کی واپسی اگر نک میڈنسن کی جگہ ہوتی ہے تو بیٹنگ آرڈر میں تبدیلی کرنا پڑ سکتی ہے۔ ایسی صورت میں میٹ رینشا کے دوبارہ اوپننگ کرنے کا امکان ہے، جس کے بعد گرین پانچویں نمبر پر کھیل سکتے ہیں۔ آسٹریلوی کھلاڑی نے اگست میں بنگلادیش کے خلاف اسی نمبر پر اچھی کارکردگی دکھائی تھی۔ تاہم اگر رینشا کو، جنہوں نے پہلے ٹیسٹ میں 272 رنز بنائے تھے، اسی پوزیشن پر برقرار رکھا گیا تو گرین کو بیٹنگ آرڈر میں اپنی جگہ تبدیل کرنا ہوگی۔

54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ، واپڈا 41 میڈلز کے ساتھ آگے

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاری 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ میں 3 روز کے مقابلوں کے بعد واپڈا نے 19 گولڈ سمیت مجموعی طور پر 41 میڈلز کے ساتھ اپنی برتری برقرار رکھی ہے، ایونٹ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن دوسرے اور پاکستان نیوی تیسرے نمبر پر ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی میں جاری چیمپئن شپ میں تین روز کے نتائج کے مطابق واپڈا کے اتھلیٹس نے 19 گولڈ، 11 سلور اور 11 برانز میڈلز حاصل کیے ہیں۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن 6 گولڈ، 11 سلور اور 9 برانز سمیت 26 میڈلز کے ساتھ دوسرے جبکہ پاکستان نیوی 6 گولڈ، 3 سلور اور 3 برانز سمیت 12 میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ سندھ نے ایک گولڈ، 2 سلور اور 2 برانز میڈلز حاصل کیے ہیں جبکہ پنجاب کے حصے میں 4 سلور اور 3 برانز میڈلز آئے ہیں۔ خیبر پختونخوا نے ایک سلور اور ایک برانز، پولیس نے 2 برانز جبکہ پاکستان ایئرفورس نے 1 برانز میڈل جیتا ہے۔ چیمپئن شپ کے تیسرے روز واپڈا، ایچ ای سی اور پاکستان نیوی کے درمیان دلچسپ مقابلہ دیکھنے میں آیا اور تینوں ٹیموں نے 4، 4 گولڈ میڈلز حاصل کیے۔ تیسرے روز مینز میراتھون میں پاکستان نیوی کے شاہ زیب مسیح نے 2 گھنٹے 48 منٹ اور 48 سیکنڈ میں مقررہ فاصلہ طے کر کے گولڈ میڈل جیتا، سندھ کے رئیس خمار نے سلور جبکہ پولیس کے احمد نے برانز میڈل حاصل کیا۔ پاکستان نیوی کی امت الرحمٰن نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 2 گولڈ میڈلز اپنے نام کیے، انہوں نے خواتین کے ہیپٹاتھلون میں 3608 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ٹرپل جمپ میں 11 اعشاریہ 77 میٹر کی جمپ لگا کر ایک اور گولڈ میڈل جیتا۔ واپڈا کے حضرت عمر نے مینز 400 میٹر رکاوٹوں کی دوڑ میں 55 اعشاریہ 06 سیکنڈ کے وقت کے ساتھ گولڈ میڈل حاصل کیا۔ خواتین کی 800 میٹر دوڑ میں واپڈا کی نازیہ نے 2 منٹ 25 اعشاریہ 10 سیکنڈ کے وقت کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔ واپڈا نے مکسڈ ریلے مقابلوں میں بھی اپنی برتری ثابت کی اور 4 ضرب 100 میٹر اور 4 ضرب 400 میٹر ریلے کے دونوں گولڈ میڈلز جیت لیے۔ دونوں مقابلوں میں ایچ ای سی نے سلور اور پاکستان نیوی نے برانز میڈلز حاصل کیے۔ ایچ ای سی کی کنزہ سرفراز نے خواتین کی 400 میٹر رکاوٹوں کی دوڑ میں گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ خدیجہ مہرین نے خواتین کے ڈسکس تھرو میں 34 اعشاریہ 76 میٹر کی تھرو کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی۔

شوبز کی دنیا

ادا کاری چھوڑنے کا فیصلہ 5 سال پہلے ہی کرلیا تھا، کومل عزیز

کراچی (آئی این پی) اداکارہ کومل عزیز خان نے شوبز انڈسٹری سے مستقل طور پر کنارہ کشی اختیار کرنے کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔ کومل عزیز خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک تفصیلی پوسٹ شیئر کی ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ میں نے اداکاری چھوڑنے کا فیصلہ تقریباً 5 سال پہلے ہی کرلیا تھا، تاہم اس کا باضابطہ اعلان کرنے میں تاخیر کی۔ اداکارہ نے شوبز انڈسٹری سے کنارہ کشی اختیار کرنے کا باضابطہ اعلان کرنے میں تاخیر کرنے کی وجہ بتاتے ہوئے لکھا کہ میں غیر ضروری میڈیا توجہ سے بچنا چاہتی تھی اور پہلے یہ بھی دیکھنا چاہتی تھی کہ میں شوبز سے باہر اپنی الگ شناخت اور کامیاب کاروبار کی بنیاد رکھ سکتی ہوں یا نہیں۔ انہوں نے مزید لکھا کہ گزشتہ 5 سالوں کے دوران میں نے شہرت اور میڈیا کی توجہ سے دور رہ کر اپنی ذات پر توجہ دی اور زندگی کے لیے ایک نئی سمت کا انتخاب کیا۔ کومل عزیز نے لکھا کہ اب میں اپنے کاروبار کو آگے بڑھانے اور مالی طور پر خود مختار رہنے پر توجہ دے رہی ہوں۔ انہوں نے اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مزید لکھا کہ میں اب اپنے مداحوں کو اسکرین پر اپنی طویل غیر موجودگی کی وجہ بتانا چاہتی ہوں تاکہ ان کے ذہنوں میں کوئی سوال باقی نہ رہے۔ اداکارہ نے یہ بھی لکھا کہ میں شوبز سے دور ہونے کے باوجود بھی اپنے مداحوں کی محبت اور حمایت کو ہمیشہ یاد رکھوں گی۔

ریئلٹی شو دی چیلنج سے شہرت پانے والی اداکارہ 34 برس کی عمر میں چل بسیں

لاس اینجلس (آئی این پی) امریکا کے معروف ریئلٹی ٹی وی شو دی چیلنج اور دی ریل ورلڈ سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ انیکا راشون 34 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔ رپورٹ کے مطابق انیکا راشون چوتھے اسٹیج کے بریسٹ کینسر سے نبرد آزما تھیں، اور طویل علالت کے بعد دنیائے فانی کو خیرباد کہہ گئیں۔ اداکارہ کی موت کی خبر ان کی قریبی دوست نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعے دی۔ انیکا کو گزشتہ سال گرمیوں میں بریسٹ کینسر کے مرض کی تشخیص ہوئی تھی۔ مرحومہ اداکارہ کی دوست نے اپنی پوسٹ میں انکشاف کیا کہ انیکا کی والدہ کو بھی برسوں پہلے بریسٹ کینسر کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ڈاکٹروں نے انہیں کبھی اس مرض کو ہائی قرار نہیں دیا اور نہ ہی انہیں میموگرام کو ترجیح دینے کا مشورہ دیا۔ اداکارہ کی موت کی اطلاع کے بعد شوبز سے تعلق رکھنے والی مختلف شخصیات نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

کرینہ کپور نے سوشل میڈیا پر اتوار کی ورک آؤٹ روٹین شیئر کردی

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور خان نے سوشل میڈیا پر اپنے اتوار کا ورک آؤٹ روٹین شیئر کردیا۔ کرینہ کپور نے انسٹاگرام اسٹوری پر ایک وائٹ بورڈ کی تصویر شیئر کی، جس پر ان کی ورزش کی تفصیلات درج تھیں۔ اداکارہ نے تصویر کے ساتھ لکھا، تھوڑا گھی، تھوڑی صحت، تھوڑی دولت۔۔۔ میرا سنڈے جم۔ ان کے ورزش کے معمول میں 10 راؤنڈز، 10 پلیٹ سنیچز، 10 کیٹل بیل پینڈولمز، 10 بنچ اوبلیک پل اوورز، 10 سومرسالٹ اسکواٹس اور 150 میٹر اسکیئنگ شامل تھی۔ دیسی گھی سے کرینہ کی محبت کا ذکر حال ہی میں ان کے شوہر سیف علی خان نے بھی ایک ٹی وی پروگرام میں کیا تھا۔ دی گریٹ انڈین کپل شرما شو میں میزبان کپل شرما نے دونوں سے شادی کے 14 سال بعد بھی جوان اور تروتازہ نظر آنے کے راز سے متعلق سوال کیا۔ اس پر سیف علی خان نے مزاحیہ انداز میں دیسی گھی کو اس کا کریڈٹ دیا، جبکہ کرینہ نے بتایا کہ گھی ان کے گھر میں باقاعدگی سے استعمال ہوتا ہے اور ان کے بیٹے تیمور اور جہانگیر بھی اسے کھاتے ہیں۔

ٹائیگر شروف نے حملے کے چند روز بعد اپارٹمنٹ فروخت کردیا

یاد رہے چند روز قبل ممبئی کے علاقے جوہو میں نامعلوم افراد نے اداکار کی کار پر فائرنگ کی تھی

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ کے ایکشن اسٹار ٹائیگر شروف نے ممبئی کے پوش علاقے کھار ویسٹ میں واقع اپنے اپارٹمنٹ 9 کروڑ میں فروخت کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 36 سالہ اداکار نے 1400 مربع فٹ کا یہ اپارٹمنٹ جولائی 2018 میں 7 کروڑ 61 لاکھ میں خریدا تھا۔ اس سودے کی رجسٹریشن 22 اکتوبر 2026 کو عمل میں آئی ہے، اس سے اداکار کو 1 کروڑ 39 لاکھ روپے کا منافع ہوا ہے۔ خبر کے ساتھ ہی اداکار کی ریئل اسٹیٹ میں کی گئی دیگر سرمایہ کاریوں کا انکشاف ہوا ہے، انہوں نے گزشتہ برس اسی پروجیکٹ میں ایک بڑا اپارٹمنٹ 15 کروڑ 60 لاکھ میں فروخت کیا تھا، جس سے انہیں تقریباً 31 فیصد منافع ملا تھا۔ ٹائیگر شروف نے رواں سال کے آغاز میں پونے میں واقع اپنا ایک اپارٹمنٹ 8 کروڑ 87 لاکھ میں فروخت کیا تھا۔ یاد رہے کہ چند روز قبل ممبئی کے علاقے جوہو میں نامعلوم افراد نے ٹائیگر شروف کی کار پر فائرنگ کی تھی، جس کے بعد ہی جائیداد کی فروخت کا معاملہ سامنے آیا ہے۔

پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل

اسلام آباد (آئی این پی) پنجاب کے پہلے جدید ترین ٹیکنالوجی اور سہولیات سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل ہوگئیں، افتتاح 15 دسمبر کو ہوگا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیرصدارت پنجاب فلم اتھارٹی کے پہلے اجلاس میں پنجاب میں فلمی صنعت کی بحالی، جدید فلم سازی اور لاہور کو دوبارہ فلم انڈسٹری کا مرکز بنانے کے لیے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب میں بننے والی پنجابی فلموں کو 35، اردو فلموں کو 20 فیصد ریبیٹ دیا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب اور پاکستان کا پہلا رائلٹی قانون بنانے کی منظوری دے دی جسے پنجاب فلم اتھارٹی کے اگلے اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔

گلوکارہ ماریہ میر استاد حامد علی خان کی گنڈا بند شاگرد ہوگئیں

لاہور (آئی این پی) گلوکارہ ماریہ میر پٹیالہ گھرانے کے نامور گلوکار استاد حامد علی خان کی گنڈا بند شاگرد ہوگئیں۔ گلوکارہ ماریہ میر امریکا کے نجی دورے کے موقع پر گلوکار حامد علی خان کی باقاعدہ گنڈا بند شاگرد ہوگئیں۔ ماریہ میر نے اس موقع پر کہا کہ آج کا دن میرے موسیقی کے سفر میں ایک انتہائی خاص اور ناقابل فراموش لمحہ ہے کیونکہ مجھے عظیم استاد حامد علی خان کا شاگرد بننے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ ماریہ میر کے مطابق پٹیالہ گھرانے کے ایسے معزز اور ماہر فن استاد کی شاگردی اختیار کرنا محض ایک اعزاز ہی نہیں بلکہ ایک نعمت اور ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
بلوچستان نیوز کوئٹہ

آپریشن شعبان ٹو: شعبان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، 33 دہشت گرد ہلاک

25 سے 30 ستمبر تک جاری رہنے والے آپریشن میں 23 لاشیں برآمد، متعدد ٹھکانے تباہ، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا گیا

زیارت: زیارت اور ملحقہ علاقوں میں دہشت گردی، اغوا برائے تاوان اور سیکیورٹی و سرکاری اہلکاروں پر حملوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان ٹو کے نام سے وسیع پیمانے پر کارروائی کی، جس کے دوران 33 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ 23 دہشت گردوں کی لاشیں بھی برآمد کر لی گئیں۔

کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں غیر ملکی ساختہ اسلحہ، گولہ بارود، فتنہ الخوارج سے متعلق لٹریچر، موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں برآمد کیا ہے۔ آپریشن شعبان ٹو کا بنیادی مقصد دہشت گرد عناصر کے منظم نیٹ ورک، ان کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت کے راستوں کو نشانہ بنانا، علاقے میں امن و امان بحال کرنا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا تھا۔

ذرائع کے مطابق کارروائی کے بعد زیارت اور ملحقہ علاقوں میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے، جبکہ ممکنہ دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کا مقصد بلوچستان کے حساس علاقوں میں پائیدار امن، ریاستی رٹ کے قیام اور عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔

آپریشن کا آغاز زیارت کراس کے مقام پر کسٹمز اہلکاروں پر فائرنگ اور کچ موڑ کے مقام پر فرنٹیئر کور (ایف سی) اور ڈپٹی کمشنر دکی کی اسکواڈ پر فائرنگ کے واقعات کے بعد کیا گیا۔ زیارت اور گردونواح میں اغوا برائے تاوان کی سرگرمیوں اور شہداء ہنہ اوڑک کا بدلہ لینے، دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی مزید تیز کر دی گئی۔

آپریشن شعبان ٹو 25 ستمبر سے 30 ستمبر تک جاری رہا، جس کی کمانڈ انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے کی۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دشوار گزار اور حساس علاقوں میں سرچ، کلیئرنس اور ہدفی کارروائیاں انجام دیں۔ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج سے منسلک متعدد مبینہ ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر تباہ کیا گیا۔

کارروائی میں فتنہ الخوارج کے متعدد خفیہ مراکز اور پناہ گاہوں کو کلیئر کیا گیا، جبکہ علاقے میں موجود مشتبہ مقامات پر سرچ آپریشن بھی جاری رکھا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 35

سیاسی و تعلیمی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی صدر عبدالقہار ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت خان کاکڑ، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ خان کاکڑ، مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفند کاکڑ، مرکزی مالیات آرگنائزر محمود اچکزئی، مرکزی آفس آرگنائزر نواز کاکڑ، صوبائی آرگنائزر جنوبی پشتونخوا وارث افغان، صوبائی سینئر معاون مزمل شاہ وطنیار اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر اراکین اور ضلع کوئٹہ کے مختلف تعلیمی اداروں اور علاقائی یونٹوں کے سیکرٹریز، سینئر معاونین اور کابینہ ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی ضلع کوئٹہ کے سینئر معاون سیکرٹری واسع سنزر نے سرانجام دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرحیم زیارتوال، سیف اللہ خان کاکڑ، وارث افغان اور یار محمد بریال نے کہا کہ 27 اکتوبر 2026 کی صوبائی کانفرنس ایسے وقت اور صورتحال میں منعقد کی جا رہی ہے کہ ایک جانب طلباء سیاست کی بحالی، نئی نسل کی سیاسی و نظریاتی تربیت اور تعلیمی اداروں میں جمہوری ماحول کے قیام کی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اپنے مؤقف اور جدوجہد کے اعتبار سے ملک کی ایک منفرد نظریاتی طلبہ تنظیم ہے، جو خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے سیاسی افکار، قومی شعور، جمہوریت، آئین کی بحالی و بالادستی اور سماجی انصاف کے نظریات پر عمل پیرا ہے۔ تنظیم کا بنیادی مقصد طلباء کے تعلیمی، سماجی اور سیاسی سرگرمی کے باشعور، تعلیم یافتہ، نظریاتی اور اپنے قومی و جمہوری حقوق سے آگاہ شہری بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن طلبہ سیاست پر عائد پابندیوں کے خاتمے، طلبہ یونینز کی بحالی، تعلیمی اداروں میں مثبت علمی ماحول اور تمام جمہوری طلبہ تنظیموں کے درمیان اتحاد و ہم آہنگی کی داعی ہے۔ لیکن طلبہ کے مشترکہ حقوق کے لیے تمام طلبہ تنظیموں کا ایک مشترکہ پلیٹ فارم مہیا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مقررین نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت شدید سیاسی، آئینی، معاشی اور جمہوری بحران سے گزر رہا ہے۔ غیر منتخب قوتوں کی سیاسی معاملات میں مداخلت، پارلیمنٹ کی بالادستی، خودمختاری کے درپیش چیلنجز، آئینی اداروں کی کمزوری اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کا فقدان جمہوری نظام کے لیے سنگین مسائل ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 36

مالیات آغا سید لیاقت علی اور صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے مشترکہ بیان میں اسلام آباد ایف 10 کراچی کمپنی کے سامنے پولیس کی جانب سے ملک کے جمہوری صف کے عظیم قائد، پشتونخوامیپ کے محبوب چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور ملی مشر محمود خان اچکزئی کے خصوصی معاون ریاض خان کی اغواء نما گرفتاری اور ان کے کپڑے اتارنے کی دھمکی اور بلیک میل کرنے کے غیر آئینی، غیر قانونی، غیر انسانی و غیر اخلاقی اقدام کو کھلی طور پر مسترد کرتے ہوئے اس کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملکی آئین اور جمہوریت کی بحالی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قوموں کی برابری کا حقیقی فیڈریشن، صوبائی خودمختاری، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی کی بحالی، ایس آئی ایف سی کے کالے قانون کی منسوخی کی جدوجہد سے دستبردار کرانے کے لیے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں اور پارٹی اسلام آباد پولیس کی جانب سے بلاجواز ہتک آمیز رویے کو مسترد کرتے ہوئے اسے ملکی آئین اور پارلیمنٹ کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے پولیس کے غیر آئینی، غیر قانونی اقدام کا نوٹس لیتے ہوئے انکی فوری گرفتاری اور قرار واقعی سزا کا مطالبہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک، خطے کی صورتحال جنگی ماحول کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری اقدام سے اجتناب کرنا ہوگا۔ خیبر پشتونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی اور عمران خان کی رہائی میں غیر جمہوری ہتھکنڈے آئین، قانون، روایات اور سماجی اقدار کی پامالی سے ملک کو بہت زیادہ نقصان پہنچ چکا ہے۔ مزید نقصانات سے بچنے کے لیے آئین، قانون اور فیڈریشن کے جمہوری روایات کی پاسداری ضروری ہے اور اس طرح اسلام آباد ایف 10 کے پولیس کے خلاف بلاجواز کارروائی پران کے خلاف ضابطے کی کارروائی لازمی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 37

کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن لاہور کی ضلعی کانفرنس کے کھلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس کی صدارت سابق ضلعی سیکرٹری شیر شاہ مندوخیل نے کی۔ کانفرنس میں سابق ضلعی سیکرٹری شیر شاہ مندوخیل نے گزشتہ دورانیے کی تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کی، جس پر شرکاء نے تبادلہ ؟ خیال کیا۔ بعدازاں متفقہ طور پر گیارہ رکنی ضلعی کابینہ منتخب کی گئی، جس میں امجد خان ضلعی سیکرٹری اور سلمان پشتون پار سینئر معاون سیکرٹری منتخب ہوئے، جبکہ یحییٰ خان، عطاء الرحمٰن، خوشحال مندوخیل، عبداللہ برمک، شاہزیب کاکڑ، پیر محمد، سیف اللہ، فرحان کاکڑ، چنگیز خان اور طاہرہ بی بی کابینہ کے ارکان منتخب ہوئے۔ کانفرنس سے پشتونخوا ایس او خیبر پختونخوا/ پنجاب زون آرگنائزر غیرت خان یوسفزئی اور نومنتخب ضلعی سیکرٹری امجد خان نے بھی خطاب کیا۔ خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ طلبہ کسی بھی قوم کا روشن مستقبل ہوتے ہیں اور ایک منظم، باشعور و نظریاتی طلبہ تنظیم مستقبل کی قیادت کی تربیت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پشتونخوا ایس او کو چاہیے کہ وہ طلبہ کے جمہوری و تعلیمی حقوق کے تحفظ، تعلیمی سہولیات کی فراہمی، مادری زبان میں تعلیم، علمی و ادبی سرگرمیوں اور نوجوانوں کی فکری تربیت کے لیے اپنی جدوجہد مزید مؤثر بنائے۔ نوجوانوں کو اپنی تاریخ، ثقافت، مادری زبان اور قومی حقوق سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے تنظیمی نظم و ضبط، جمہوری رویوں اور اجتماعی سوچ کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے پنجاب میں مقیم پشتون طلبہ، مزدوروں، محنت کشوں اور تاجروں کو درپیش مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کسی شہری کو اس کی قومی شناخت، زبان یا آبائی علاقے کی بنیاد پر ہراساں کرنا یا اس کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھنا بنیادی انسانی حقوق اور انسانی وقار کے منافی ہے۔ تمام شہریوں کو آئین و قانون کے تحت مساوی تحفظ حاصل ہونا چاہیے، جبکہ پشتون طلبہ کو تعلیمی اداروں میں مساوی مواقع اور مزدوروں کو مناسب اجرت، روزگار کے تحفظ اور باعزت زندگی کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ قومی یکجہتی اور بین الصوبائی ہم آہنگی اسی وقت فروغ پا سکتی ہے جب ہر قوم اور ہر شہری کو عزت، برابری اور انصاف میسر ہو۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن طلبہ کے مسائل کے حل، نوجوانوں کی فکری تربیت اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 38

میں امن کے قیام کی بات کی ہے، تاہم جب بھی پاکستان پر جارحیت مسلط کی گئی، اس کا منہ توڑ جواب دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج آج بھی ہر قسم کی جارحیت کا جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کو دراندازی اور دہشتگردی کے ٹھوس شواہد فراہم کیے ہیں، استنبول اور دوحہ مذاکرات کے دوران بھی افغان نمائندوں کے سامنے یہ ثبوت رکھے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کا کوئی جواب نہیں تھا، مذاکرات کے باوجود افغان عبوری حکومت دراندازی روکنے کے لیے تیار نہیں ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر افغان سرزمین دہشتگردی کے لیے استعمال ہوتی رہی تو پاکستان کو تمام ضروری اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ افغانستان کو چاہیے کہ وہ دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرے اور پاکستان میں دراندازی روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 39

صوبے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے اور وہ اس دور سے نجات ملنے پر خوش ہیں۔ وفاقی وزیر نے جلسے میں بھرپور شرکت پر عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج بشام میں عوام کا سمندر امڈ آیا ہے، یوٹیوب پر پروپیگنڈا کرنے والے آج جلسے میں عوام کا جوش و خروش دیکھ لیں۔ امیر مقام نے دعویٰ کیا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے پی ٹی آئی کے دھرنے کو مسترد کر دیا ہے۔ دوسری جانب انہوں نے سابق صوبائی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ نالائقوں سے جان چھوٹ جانے پر صوبے کے عوام خوش ہیں، جلسے میں 80 فیصد نوجوانوں کی شرکت دیکھ رہا ہوں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نے پی ٹی آئی کے ساتھ 12 گھنٹے تک مذاکرات کیے، تاہم سابق وزیراعلیٰ صرف جھوٹ بولتے رہے اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی ایجنڈا پیش نہ کر سکے۔ امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام اچھی طرح جان چکے ہیں کہ ان لوگوں کا اصل ایجنڈا کیا ہے، صوبے کے عوام نے انتشار کی سیاست کرنے والوں کو مسترد کر دیا ہے اور ان لوگوں سے جان چھوٹنے پر عوام نے مٹھائیاں بھی تقسیم کیں۔ وفاقی وزیر نے دعویٰ کیا کہ صوبے میں اب دوبارہ پی ٹی آئی کا نام کوئی نہیں لے گا اور ان کی سیاست دفن ہو چکی ہے، صوبے میں مبینہ لوٹ مار کے ایک ایک روپے کا حساب لیا جائے گا، تاہم مسلم لیگ (ن) انتقام کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ حکومت کی توجہ عوام کے مسائل حل کرنے اور ان کی محرومیوں کے خاتمے پر مرکوز ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور صوبے کے عوام کو جلد تبدیلی نظر آئے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 40

جاں بحق ہونے والے افراد انتظامی عملے کے ارکان تھے جبکہ زخمیوں میں طلبہ بھی شامل ہیں۔ غزہ کی وزارت تعلیم نے یونیورسٹی پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ اور تعلیمی اداروں پر حملوں کے حوالے سے عالمی برادری کی خاموشی ایسے واقعات کے تسلسل کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ وزارت تعلیم کے بیان میں مزید کہا گیا کہ غزہ کا اعلیٰ تعلیمی شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے اور جنگ کے نتیجے میں تعلیمی اداروں کی 95 فیصد عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ تعلیمی ادارے پر یہ حملہ تعلیم کے شعبے کو نشانہ بنانے والے مسلسل واقعات کا حصہ ہے۔ گزشتہ چھ روز کے دوران بھی اسرائیلی حملوں میں 10 طلبہ اور اساتذہ جاں بحق ہو چکے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 41

نو۔ سپافورٹ، میوکین سسپنشن اور بریلسین کے مخصوص بیچ کے نمونے جعلی قرار دیے گئے جبکہ قبض کے علاج کے لیے استعمال ہونے والا مشہور شربت لیگزوبرون بھی جانچ میں جعلی نکلا۔ رپورٹ کے مطابق ویلوسیف 500 ملی گرام کے بیچ نمبر ایل ایکس تھری ای ای میں اصل مؤثر جزو موجود نہیں تھا، جبکہ آگمینٹن 526 ملی گرام کے بیچ نمبر وائی ٹی ڈی کو بھی جعلی قرار دیا گیا۔ نو۔ سپافورٹ اور میوکین سسپنشن کے مخصوص بیچ بھی تجربہ گاہ کے معیار پر پورا نہ اتر سکے۔ جوڑوں کے درد کے لیے استعمال ہونے والی دوا بریکسین کے بیچ نمبر ڈبلیو سکس بی سی کا نمونہ بھی جعلی قرار دیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ لیگزوبرون شربت کے بیچ نمبر چار چھ دو نو دو اور چار تین چار پانچ بھی جعلی پائے گئے۔ ان نمونوں میں مؤثر جزو سوڈیم پیکوسلفیٹ موجود نہیں تھا۔ مارٹن ڈاؤ مارکر نے لیگزوبرون کے زیر اعتراض بیچ کی تیاری سے لاتعلقی ظاہر کی، جبکہ متعلقہ دواساز کمپنیوں نے بھی مخصوص بیچ کو اپنی تیار کردہ ادویات تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ جعلی ادویات کے معاملے پر ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت کارروائی کی سفارش کی گئی ہے۔ ادویات کی جانچ کرنے والی سرکاری تجربہ گاہ نے رپورٹس سیکرٹری کوالٹی کنٹرول بورڈ سندھ کو ارسال کر دی ہیں، جبکہ ڈرگ انسپکٹر کراچی ساتھ ہی کو بھی مزید کارروائی کے لیے رپورٹس بھیج دی گئی ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 42

چودھری قیصر نذیر ساہی نے کہا ہے کہ بار ووکیشنل کورس کی کلاسز لائیو کرانے کا فیصلہ قانونی تعلیم کے شعبے میں ایک اہم پیشرفت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بار کونسل کی لیگل ایجوکیشن کمیٹی کی چیئرپرسن سیرا حسین کی تجویز پر اس اقدام کو عملی جامہ پہنانے کے لیے پیشرفت جاری ہے جس کا مقصد صوبے بھر کے لاء گریجویٹس کے لیے پیشہ ورانہ قانونی تربیت تک رسائی آسان بنانا ہے۔ چودھری قیصر نذیر ساہی کے مطابق قانون کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد وکالت کے شعبے میں داخلے اور پنجاب بار کونسل میں انرولمنٹ کے لیے بار ووکیشنل کورس کا سرٹیفکیٹ ایک اہم تقاضہ ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کی ہدایات کے تناظر میں اس کورس کی تکمیل کے لیے طلبہ کو پنجاب بار کونسل آنا پڑتا ہے جس کے باعث بالخصوص دور دراز اضلاع سے تعلق رکھنے والے لاء گریجویٹس کو سفری مشکلات، اضافی اخراجات اور وقت کے ضیاع جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لائیو کلاسز کے آغاز سے لاء گریجویٹس اپنے علاقوں میں رہتے ہوئے کورس کی کلاسز میں شرکت کر سکیں گے۔ اس طرح انہیں پیشہ ورانہ تربیت کے حصول میں آسانی ہوگی اور بار ووکیشنل کورس کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے درپیش مشکلات میں بھی کمی آئے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 43

جریدے کی ایک رپورٹ کے مطابق نائیجریا میں نوبیاہتا جوڑوں کو تحفے میں سولر پینلز، انورٹرز اور لیتھیم بیٹریز کو زیادہ ترجیح دی جانے لگی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ نوبیاہتا جوڑوں کی جانب سے سولر سسٹم کو روایتی تحائف جیسے گھریلو اشیا اور فرنیچر کے ساتھ شادی کی رجسٹریشن کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ اس سے عندیہ ملتا ہے کہ نائیجریا میں سولر پینلز کو گھریلو انفراسٹرکچر میں ایک ضروری اضافہ تصور کیا جانے لگا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پٹرول کی قیمتوں میں اضافے، لوڈشیڈنگ اور سستے چینی ساختہ سولر ٹیکنالوجی نے زیادہ سے زیادہ نائیجرین خاندانوں کو سولر پاور کی جانب جانے پر مجبور کیا ہے۔ اس کے باعث ماحول دوست توانائی پر مبنی سولر پینلز خاندانی زندگی کا لازمی حصہ بنتے جا رہے ہیں۔ درحقیقت نائیجریا کے سب سے بڑے شہر لاگوس میں سولر پینلز، انورٹرز اور بیٹریز کی طلب جنریٹرز، ٹیلی ویژنز اور ریفریجریٹرز سے زیادہ بڑھ چکی ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ بیشتر نائیجرین جوڑوں کی نظر میں سولر سسٹم کی تنصیب شادی کے بعد نئی زندگی کے آغاز کی بنیاد ہے۔ اس طرح کے سسٹم کی بدولت انہیں مہنگے جنریٹرز پر انحصار نہیں کرنا پڑتا اور لوڈشیڈنگ کے دوران ضروری برقی مصنوعات کام کرتی رہتی ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 44

کیا جلاس میں کہا کہ طالبان کی ثقافت، زبان اور تعلیم پر پابندیاں افغان عوام کی تاریخی و ثقافتی شناخت اور تنوع کیلئے سنگین خطرہ بن گئی ہیں۔ ثقافتی حقوق انسانی حقوق کا بنیادی حصہ ہیں، طالبان رجیم کو افغان معاشرے پر اپنا مخصوص نظریہ مسلط کرنے کا حق نہیں، طالبان رجیم نے ثقافتی روایات، فنون اور عوامی اجتماعات پر پابندیاں عائد کی ہیں۔ طالبان رجیم میں جہادی مدارس کے پھیلاؤ سے انتہا پسندی کے فروغ اور جامع تعلیم کی تباہی کا خدشہ ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 45

شاہراہوں پر کشیدہ صورتحال نے کاروبار، تجارت اور روزگار کے مواقع محدود کر دیے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت اور روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کوئٹہ کے دوران اجلاس سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، انہیں محرومیوں اور احساس بیگانگی سے نکالنے کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات، جرگہ، انصاف اور عوامی اعتماد کی بحالی کو ترجیح دی جائے۔ لاپتہ افراد کا مسئلہ آئین و قانون کے مطابق حل کیا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور عوام کو خوف و ہراس سے نجات دلائی جائے۔ بدامنی کے باعث مائیں اپنے بچوں، بچے اپنے والدین اور خاندان اپنے پیاروں سے محروم ہو رہے ہیں، اس صورتحال کا خاتمہ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان میں سرحدی تجارت ہزاروں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ ہے، اس لیے پاک افغان اور پاک ایران سرحدوں کی بندش اور غیر ضروری پابندیوں پر نظرثانی کی جائے۔ مقامی تاجروں، مزدوروں، ٹرانسپورٹرز اور چھوٹے کاروباری افراد کو ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ عوام باعزت طریقے سے حلال روزی کما سکیں۔ صوبے میں معدنی وسائل، ساحل سمندر اور دیگر قدرتی ذخائر سے حاصل ہونے والے فوائد میں مقامی آبادی کو مناسب حصہ دیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں تعلیم اور صحت کے شعبوں کی بہتری، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، میرٹ کی بالادستی اور کرپشن کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ سرکاری اداروں میں شفافیت یقینی بنائی جائے اور عوامی وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے۔ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کیے بغیر صوبے میں ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 46

خان سے کراچی میں کورٹ میرج کر لی جبکہ ان کے اغواء ہونے کی اطلاعی رپورٹ سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی میں درج کر لی گئی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 47

کارروائیاں بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے اپنے بیان میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور منظم کارروائیاں دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کو محدود کرنے اور صوبے میں امن دشمن منصوبوں کو ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور عملی اقدامات قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ ان کے معاونین اور سہولت کاروں کے خلاف بھی قانون کے مطابق مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ صوبے میں امن و استحکام برقرار رکھنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے مزید کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں صوبے کے امن اور عوام کے تحفظ کے لیے ان کے عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ بلوچستان کے عوام امن و امان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کوششوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 48

امیر مولانا نیاز محمد، ضلعی جنرل سیکرٹری آغا ابراہیم شاہ، صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا محمد ابراہیم دارالعلوم صدیقیہ کے جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کہا دینی مدارس کا نصاب محض ایک تعلیمی نصاب نہیں بلکہ ایک زندہ تحریک ہے جس نے اس خطے کے مسلمانوں کی فکری، اخلاقی اور ملی بقا میں ہمیشہ کلیدی اور عملی کردار ادا کیا ہے۔ جو لوگ اس نصاب کی افادیت پر انگشت نمائی کرتے ہیں، وہ درحقیقت اس ملک کی تاریخ اور حقیقت سے ناواقف ہیں۔ مدارس کا نصاب آج بھی ہماری ملی سلامتی اور روشن مستقبل کا سب سے بڑا ضامن ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی معاشرے میں فکری بحران، اخلاقی انحطاط یا ملکی سطح پر کوئی کٹھن وقت آیا، تو دینی مدارس کے نصاب تعلیم اور اس کے تربیت یافتہ فضلاء نے ہمیشہ آگے بڑھ کر عملی میدان میں شاندار کردار ادا کیا۔ دینی مدارس کا نصاب محض کتابی علم کا مجموعہ نہیں ہے، بلکہ یہ ایک ایسا زندہ اور متحرک نظام تربیت ہے جس نے ہر دور میں عملی میدان میں اپنی افادیت، بقا اور قوت عمل کا لوہا منوایا ہے۔ مدارس کے نصاب نے نظریہ سے لے کر عمل تک ہمیشہ قوم و ملت کی بھرپور ترجمانی کی ہے یہ نہ صرف انسان کو صرف اخلاقی طور پر مضبوط بناتا ہے بلکہ عملی زندگی کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کا ہنر بھی سکھاتا ہے۔ ہر دور میں مساجد، مدارس، خانقاہوں اور معاشرتی پنچائیتوں سے لے کر قومی ایوانوں تک امن، بھائی چارے اور اعتدال کا عملی پرچار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تہذیبی، اخلاقی اور دینی تاریخ میں دینی مدارس روز درخشندہ مینار ہیں جنہوں نے کٹھن ترین حالات میں بھی اس خطے کے فکری اور ملی تشخص کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ ملک کی سلامتی کی آڑ میں حالیہ کچھ عرصے سے بعض مخصوص حلقے سرکاری سطح پر دینی مدارس کے خلاف ایک تنگ نظرانہ رویہ، غیر منصفانہ پالیسیاں اور تعصب پر مبنی رویے شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ مدارس کے خلاف یہ متعصبانہ اور تنگ نظرانہ رویہ کسی حادثاتی یا ناپختہ سوچ کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اس کے پیچھے کچھ ایسے محرکات کارفرما ہیں جو تعلیمی اور فکری آزادی کو سلب کرنا چاہتے ہیں مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے مدارس کے پرامن تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلامیہ اس خطے میں دینی، اخلاقی، تعلیمی اور فلاحی خدمات کا سب سے بڑا اور مستحکم قلعہ ہیں۔ یہ ادارے بغیر کسی سرکاری گرانٹ یا بھاری بجٹ کے، صرف عوامی مخیر حضرات کے تعاون سے لاکھوں بے سہارا اور غریب بچوں کو مفت تعلیم، رہائش اور خوراک فراہم کر رہے ہیں۔ دینی مدارس پر محض آڈٹ کے نام پر دباؤ بڑھانے اور ان کے فلاحی و دینی کردار کو سبوتاژ کرنے کے مترادف ہیں، جو کہ درحقیقت آڈٹ دشمنی اور تعصب کے سوا کچھ نہیں۔ دینی مدارس کا مالیاتی نظام پوری طرح رضاکارانہ جذبے، صدقات، زکوٰۃ اور عطیات پر منحصر ہے۔ ان کی مالی بنیادیں حکومتی امداد پر نہیں بلکہ خالصتاً عوامی تعاون پر کھڑی ہیں۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی کی آڑ میں دراصل مدارس کے نصاب، تشخص اور ان کے آزادانہ تشخص کو ختم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، جنہیں کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ مدارس کی نصاب اور خودمختاری کی کوئی کوشش کی جائے گی تو اس کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی اور اس کو کسی صورت بھی کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 49

سے براہ راست رابطے کی متعدد کوششیں کیں، کامیابی نہیں ہوئی۔ مختلف فورمز اور حکومتی نمائندوں کے ذریعے پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی پر تحفظات سے آگاہ کیا، حنا جاوید پر تشدد اور نعش مسخ کیے جانے کی شدت نفرت کی عکاسی کرتی ہے۔ اہل خانہ نے کہا کہ حنا جاوید کے گلے پر فیصل اور اس کے والد کا ڈی این اے ملا ہے، حنا جاوید کے سسر نے ابتدا میں گھر میں چوری کا بتایا تھا، حنا جاوید اور ملزمان کے موبائل فونز کی فرانزک رپورٹس تاحال زیر التوا ہیں، موبائل فون سے اہم پیغامات ڈیلیٹ کیے گئے، فورنزک رپورٹس اور فنگر پرنٹس کے نتائج آنے سے پہلے ہی تفتیش کا رخ گھریلو ملازم کی جانب موڑا گیا۔ حنا جاوید کے الخانہ کے مطابق گھریلو ملازم سفاک قتل میں ملوث ہے تاہم فیصل سے متعلق شواہد نظرانداز کیے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب قتل کیس کی فائل کا تفصیلی جائزہ لیں، ملزم فیصل اصغر سے متعلق شواہد کو نظرانداز کیے جانے کا نوٹس لیا جائے، مقدمہ عدالت میں جانے سے پہلے پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی کسی کو مجرم یا بے گناہ قرار نہیں دے سکتی۔ الخانہ کے مطابق کسی شخص کے قصوروار یا بے گناہ ہونے کا فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، خود ہی تفتیش اور خود ہی فیصلہ سنانا مفادات کے ٹکراؤ کے مترادف ہے، تحقیقاتی کمیٹی کے طریقہ کار سے انصاف ملنے کی توقع نہیں رہی۔ خط میں اہل خانہ نے کہا کہ حنا جاوید قتل کیس میں تحقیقاتی کمیٹی کے نتائج کو تسلیم نہیں کرتے، قتل کیس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کیلئے فوری جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے، خواتین کے خلاف ظلم اور تشدد پر آپ نے خود اسے اپنی ریڈ لائن قرار دیا تھا۔ اہل خانہ نے کہا کہ بطور صوبے کی سربراہ اور خاتون ہونے کے ناطے حنا جاوید کے الخانہ کو انصاف دلانے کیلئے کردار ادا کریں، ملزمان کو تحفظ نہ دیا جائے، الخانہ کو قانون کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا حنا جاوید قتل کیس سے متعلق سوشل میڈیا پر دوسرا بیان جاری ہوا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ حنا جاوید کے قتل کیس کی تحقیقات ابھی مکمل نہیں ہوئیں، انصاف کی فراہمی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں متاثرہ خاندان سے ذاتی طور پر خود ملاقات کروں گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 50

کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائیاں اور قربانیاں لائق تحسین ہیں فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کے خلاف کامیاب کارروائی امن دشمن عناصر کے خلاف مؤثر حکمت عملی کی عکاسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات اور قربانیاں قابل قدر ہیں۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں بلوچستان میں امن اور استحکام کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اس جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 51

نے کہا کہ افواج پاکستان کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور لازوال قربانیاں ملکی دفاع اور امن و استحکام کی روشن مثال ہیں، جبکہ حکومت اور تمام ریاستی اداروں کے مابین باہمی اعتماد، مؤثر رابطہ کاری اور قومی ہم آہنگی پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے سفر کو مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف قومی عزم، ملکی سرحدوں کا تحفظ اور عوام کے جان و مال کی حفاظت ریاست کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں عبدالرحمٰن خان کانجو نے کہا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت معاشی استحکام، توانائی کے شعبے میں بہتری، سرمایہ کاری کے فروغ اور عوامی ریلیف کے لیے عملی اقدامات آگے بڑھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے سیاسی استحکام، مضبوط قومی ادارے، قانون کی بالادستی اور تمام ریاستی ستونوں کے درمیان ہم آہنگی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت، تعلیم، عوامی سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں پر توجہ عوامی فلاح کے عزم کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، امن اور خوشحالی قومی اتحاد، قیادت کے وژن، افواج پاکستان کی خدمات اور ریاستی اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے وابستہ ہے۔ پوری قوم ملکی سلامتی، خودمختاری اور ترقی کے لیے متحد ہے اور قومی یکجہتی کے جذبے کے ساتھ پاکستان کو مضبوط، مستحکم اور معاشی طور پر خودمختار بنانے کے سفر میں آگے بڑھ رہی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 52

میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے اہم دہشت گرد کمانڈر کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہے۔ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بلوچستان میں امن کی بحالی کے حکومتی عزم کا اظہار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی مسلسل کوششیں اور قربانیاں قابل تحسین ہیں، جبکہ دہشت گردوں کے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے دہشت گردی کی معاونت کرنے والے تمام عناصر کے خلاف کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور قربانیاں صوبے میں امن کے روشن مستقبل کی بنیاد ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور امن دشمن عناصر کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ صوبے میں امن و امان خراب کرنے کی ہر کوشش کا قانون کے مطابق بھرپور مقابلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور صوبے میں دیرپا امن کے قیام تک جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 53

ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، ٹیکس ریٹرنز بروقت جمع کرائیں اور اپنی قانونی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے کاروباری برادری پر زور دیا ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کی پابندی کرتے ہوئے صوبے کے محصولات میں اضافے اور شفاف ٹیکس نظام کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان میں آگاہی بڑھانے، رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے اور قانونی تقاضوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ضروری رہنمائی اور سہولت فراہم کرنا ہے۔ اتھارٹی کے مطابق، نوٹسز کے بعد بھی قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والے اداروں کے خلاف مروجہ قانون کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 54

اور لیپ ٹاپ تعلیمی بحران کا حل نہیں۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکومت کی تعلیمی ترجیحات سوالیہ نشان ہیں، تعلیمی سہولیات حکومت کا احسان نہیں، ہر بچے کا بنیادی حق ہے، تعلیم کے شعبے میں طبقاتی تفریق ختم کیے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ اشرافیہ کے بچوں کے لئے فائیو اسٹار سہولیات والے اسکول ہیں جبکہ غریب کے بچوں کے اسکولوں میں واش روم تک نہیں، کروم بکس حاصل کرنے والے بچوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ جن ہاتھوں سے انہیں چند ہزار کا چیک ملا، انہی ہاتھوں سے پاکستان کا ہر پیدا ہونے والا بچہ لاکھوں کا مقروض ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان بچوں کو معلوم ہو کہ ان حکمرانوں کی پالیسیوں کی وجہ سے ہر سال لاکھوں ذہین دماغ اپنا اور فیملی کا پیٹ پالنے بیرون ملک جاتے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 55

خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک راکٹ کا گولہ غریب آباد حمید کالونی میں واقع قبائلی رہنما کے گھر کے مہمان خانے (بیٹھک) پر آ کر دھماکے سے لگا۔ دھماکے سے عمارت کے ایک حصے کو جزوی نقصان پہنچا، تاہم واقعے کے وقت مہمان خانے میں کسی فرد کی عدم موجودگی یا بروقت بچا کے باعث کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر جائے وقوعہ کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور مالی نقصانات کا جائزہ لیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے کی نوعیت، شواہد اور راکٹ داغنے کے محرکات سے متعلق مزید تحقیقات کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 56

آئی ایف سی کے تعاون سے فیصل آباد میں ڈیری پروسیسنگ پلانٹ کے قیام کے لیے 55 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے منصوبے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت انٹرلوپ ہولڈنگز اور ترکیہ کی کمپنی ریلا گیدا مشترکہ طور پر جدید ڈیری پروسیسنگ پلانٹ قائم کریں گی۔ پلانٹ میں پنیر، مکھن اور وہے پروٹین تیار کی جائے گی جس سے مقامی سطح پر ویلیو ایڈیشن اور جدید پراسیسنگ کو فروغ ملے گا۔ نئے پلانٹ کے فعال ہونے سے کمپنی کی سالانہ دودھ پراسیسنگ صلاحیت 180 ملین لیٹر تک پہنچ جائے گی۔ منصوبے سے پاکستان کی ویلیو ایڈڈ برآمدات میں اضافہ اور ڈیری صنعت کی ترقی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 57

کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کو آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار کے تحفظ اور پرامن سیاسی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے کی سزا دی جا رہی ہے، لیکن ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ آئین، قانون، پارلیمان اور عوام کے جمہوری حقوق کے تحفظ کی جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہمیشہ ملک میں آئین کی حکمرانی، قانون کی بالادستی، جمہوری نظام کے استحکام اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن سیاسی جدوجہد کرتی رہی ہے، مگر افسوس کہ جمہوری آواز بلند کرنے والوں کے لیے مشکلات پیدا کی جا رہی ہیں اور عوامی مسائل کی نشاندہی کرنے والوں کو دبانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنی ذخائر اور گیس جیسی عظیم نعمت سے مالا مال صوبہ ہے، لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ اپنے ہی وسائل رکھنے کے باوجود بلوچستان کے عوام آج بھی گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، سردیوں میں شدید مشکلات کا سامنا کرتے ہیں اور گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے مہنگے متبادل ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھنا اور صوبے کے وسائل سے حاصل ہونے والے ثمرات میں انہیں مناسب حصہ نہ دینا کسی صورت قابل قبول نہیں، وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے اور انہیں تعلیم، صحت، روزگار، بجلی، گیس، صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں گیس کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنایا جائے، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور گیس کی قلت کا خاتمہ کیا جائے اور صوبے کے عوام کے ساتھ روا رکھے جانے والے امتیازی سلوک کو ختم کر کے انہیں ان کے آئینی و قانونی حقوق دیے جائیں۔ صوبائی امیر نے مزید کہا کہ بلوچستان کے مسائل محض اعلانات اور وعدوں سے حل نہیں ہوں گے، بلکہ اس کے لیے سنجیدہ حکمت عملی، عملی اقدامات اور منتخب نمائندوں کو اعتماد میں لینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق، صوبے کے وسائل کے منصفانہ استعمال اور آئین و جمہوریت کی بالادستی کے لیے اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھے گی اور بلوچستان کے عوام کی آواز ہر فورم پر بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 58

بنیادی سہولت سے محروم شہریوں کے ساتھ سراسر ناانصافی قرار دیا ہے۔ پارٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ابھی سردی نے پوری شدت اختیار نہیں کی، لیکن سوئی سدرن گیس کمپنی نے صارفین کو بھاری بلوں کے ذریعے پریشان کرنا شروع کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بعض صارفین کو صرف 26 یونٹ گیس استعمال کرنے پر 18 ہزار 410 روپے کا بل بھیجا گیا ہے، جبکہ 100 یونٹ سے کم گیس استعمال کرنے والے صارفین کو بھی 18 ہزار روپے سے زائد کے بل موصول ہو رہے ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف تشویشناک ہے بلکہ گیس کی فراہمی اور بلنگ کے نظام پر بھی سنگین سوالات اٹھاتی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 59

بینڈیٹس یعنی ڈاکو کہا جاتا ہے، دیہات پر دھاوے بولتے، شہریوں کو تاوان کے لیے اغوا کرتے، مویشی چراتے اور املاک لوٹتے ہیں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز نے انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل کے حوالے سے بتایا کہ مسلح افراد نے حملہ جمعہ کی سہ پہر کیا، موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے شدید فائرنگ کی اور دکانوں سے اشیائے خورد و نوش لوٹ لیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کا کہنا ہے کہ پولیس نے ابتدائی طور پر 10 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی تھی تاہم ہفتے کے روز مزید لاشیں ملنے کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 40 ہو گئی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 60

رہنے والے تین بھائیوں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ مقتول کے والد کے مطابق یہ تینوں بھائی ان کے بیٹے کے دوست تھے۔ مقتول کی شناخت امیت سبھروال کے نام سے ہوئی ہے، جو ایک نجی کمپنی میں مارکیٹنگ کے شعبے میں کام کرتا تھا۔ ملزمان کی شناخت ابھی شاہ، سنی شاہ اور رینک شاہ کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس نے تینوں بھائیوں کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا ہے۔ علاقے میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 61

خصوصی کاوشیں بھی اس منصوبے کے آغاز میں شامل ہیں۔ پروگرام کا بنیادی مقصد نوجوانوں بالخصوص خواتین کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنا، انہیں باعزت روزگار کے حصول کے قابل بنانا اور خود روزگاری کے مواقع فراہم کر کے معاشی طور پر خودمختار بنانا ہے۔ اس سلسلے میں کوئٹہ کے نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں عملی تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ پروگرام کے تحت اس وقت 240 سے زائد طالبات بیوٹیشن، ہینڈ ایمبرائیڈری اور دیگر فنی شعبوں میں تربیت حاصل کر رہی ہیں۔ طالبات کو عملی مہارتوں کی فراہمی کے ساتھ ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ وہ تربیت مکمل کرنے کے بعد نہ صرف باعزت روزگار حاصل کر سکیں بلکہ اپنے چھوٹے کاروبار شروع کر کے خاندان کی معاشی خوشحالی میں بھی کردار ادا کر سکیں۔ حکومت بلوچستان کے اس منصوبے کے تحت کوئٹہ میں مجموعی طور پر 720 سے زائد نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 62

آج تک بدامنی کی صورت میں قوم بھگت رہی ہے۔ ملک میں آگ اور خون کا کھیل حکمرانوں کی ظالمانہ پالیسیوں کا شاخسانہ ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے کونے کونے کو انسانی خون سے رنگین کیا گیا۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کو بدامنی کی آگ میں جھونکنے کی ایک طے شدہ منصوبہ نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون اور بلوچ کو اپنے ساحل و وسائل کا سزا دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں کی جرم قلم کی انتہائی اقدامات نے چھوٹے صوبوں کو سالستان بنا دیا۔ حکومت کی ظلم و جبر کی باعث آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 63

مدارس و مساجد کے مقدس نام پر کسی کو دہشت گردی یا انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ علماء و مشائخ اور مدارس عربیہ کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی ذاتی کوششوں اور وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر اسلام آباد میں مدارس عربیہ کی رجسٹریشن اور بینک اکاؤنٹس کھولنے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 64

اجلاس میں ضلع بھر سے ورکروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ جہاں مختلف ایجنڈے زیر بحث آئے اور تنظیمی رپورٹس پارٹی کارکردگی پر تفصیلی غور خوص کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میراں بلوچ، چنگیز حئی بلوچ، غنی بلوچ، عبداللہ بلوچ، خدائے رحیم بلوچ و دیگر کا کہنا تھا کہ نیشنل پارٹی ایک جمہوری سیاسی جماعت ہے جہاں سیاسی کارکن کو تنظیمی اور پارٹی فیصلوں کا مکمل اختیار حاصل ہے گھٹن زدہ ماحول میں جمہوری سیاست کو اپنائے رکھنا اور سیاسی پروگرام اور نظریے پر قائم دائم رہے کا سیاسی جدوجہد کے ذریعے صوبے سمیت ملک بھر کے پسے ہوئے طبقات اور عوام کی آواز بلند کرنا نیشنل پارٹی اور اسکی قیادت کا خاصا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 65

ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مغویوں میں کوئٹہ کے رہائشی شیخ شان رضا کے تین بیٹے اور دو بھتیجے شامل ہیں، جنہیں تقریباً ڈھائی سال قبل ہرنائی کے علاقے شعبان سے اغوا کیا گیا تھا۔ طویل عرصہ گزرنے کے باوجود مغویوں کے بارے میں کوئی واضح اطلاع نہ ملنے پر اہل خانہ کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ شیخ شان رضا کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مغویوں کے اہل خانہ کو وزیراعلیٰ ہاؤس طلب کیا تھا، جہاں انہیں ابتدا میں بچوں کے شہید ہونے کے بارے میں بتایا گیا۔ تاہم ان کے بقول اسی رات وزیراعلیٰ نے فون کر کے آگاہ کیا کہ تازہ اطلاعات کے مطابق بچے زندہ ہیں اور انہیں جلد بازیاب کرا لیا جائے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 66

گلی محلے میں موجود واٹر فلٹریشن پلانٹ کیلئے عوامی کمیٹی قائم ہوگی، ہر تحصیل میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مرمت و بحالی کے لئے کیلئے موبائل مینٹیننس یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا واٹر فلٹریشن پلانٹ موبائل ورکشاپ میں پلمبر اور دیگر ٹیکنیکل سٹاف متعین ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاسٹ مائل واٹر سپلائی پراجیکٹ کی منظوری بھی دی، لاسٹ مائل واٹر سپلائی پراجیکٹ کے تحت چکوال، راجن پور اور راولپنڈی کے زیادہ متاثرہ علاقوں میں پانی مہیا کیا جائے گا۔ چکوال میں 256 کلومیٹر اور راجن پور میں 1780 کلومیٹر تک واٹر سپلائی پراجیکٹ ترجیح جائے گا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 67

خودسوزی پر مجبور زندہ درگور کرنے والی عوام دشمن پالیسی پر گامزن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ زندہ رہنے کا حق چھیننا کہاں کی حکمرانی ہے۔ بارڈرز و سڑکوں کی بندش، بدامنی اور سخت سردی میں گیس بجلی لوڈشیڈنگ ایل پی جی قلت نے بلوچستان کو ریگستان و تو گوابریا بنا دیا ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 68

نیم خودمختار خطے میں ایرانی کرد کمیونسٹ پسندوں کے کئی گروہوں کے کیمپ اور ٹھکانے موجود ہیں جنہیں ایران نے فروری میں شروع اوسط جنگ شروع ہونے کے بعد سے بار ہا نشانہ بنایا ہے۔ آئی آر جی سی نے ان حملوں کی فوری طور پر ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 69

رویے نے بھی منتخب ایرانی قیادت کا کام مشکل اور دشمن کا کام آسان کیا ہے، اگر جنگ دوبارہ چھڑی تو یہ پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی لیکن امریکی استعمار کو اپنی اجارہ داری کے علاوہ انسانیت سے کوئی دلچسپی نہیں۔

بقیہ بلوچستان نیوز 70

انہوں نے کہا کہ شہباز شریف حکومت کی پالیسیوں اور حکومت نے دن رات محنت کر کے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا، انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے خلیجی جنگ کے باعث حکومتی کوششوں کو نقصان پہنچا اور عوام کو وہ ریلیف فراہم نہیں کیا جا سکا جو حکومت دینا چاہتی تھی۔

بقیہ بلوچستان نیوز 71

فصلوں کے مناسب معاوضے کی عدم دستیابی کے باعث کسانوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے، ایسے مشکل حالات میں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے گندم کا نرخ 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا اعلان کسانوں کے لیے امید کی ایک نئی کرن ہے۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ کسانوں کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈیزل، پٹرول اور بجلی کے نرخوں میں کمی کی جائے جبکہ ڈی اے پی اور یوریا کھاد کی قیمتوں میں بھی کم کی جائیں تاکہ کسان کم اخراجات میں بہتر فصلیں کاشت کر سکیں اور انہیں اپنی محنت کا مناسب معاوضہ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں سے کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنائے اور زرعی شعبے کی بہتری کیلئے مؤثر اقدامات کرے۔ گنے کا نرخ 600 روپے فی من جبکہ مکئی کا نرخ 4500 روپے فی من مقرر کیا جائے تاکہ کسانوں کو ان کی پیداوار کا مناسب معاوضہ مل سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہر ضلع میں ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے جو کسانوں کے مسائل سنے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 72

مرد، 2 خواتین اور ایک بچہ شامل ہے جبکہ حادثے میں 2 خواتین اور 2 بچے زخمی بھی ہوئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں نے فوری موقع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا جہاں زخمیوں کا علاج جاری ہے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 73

ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا۔ نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی ہلاک اور زخمی ہونے والا دونوں بھائی بتائے جاتے ہیں۔ زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی ریفر کر دیا گیا۔

بقیہ بلوچستان نیوز 74

مقدمات درج ہوئے، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 575 مقدمات رپورٹ ہوئے تھے۔ اعداد و شمار کے مطابق سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال 96 مقدمات درج ہوئے، جبکہ رواں سال یہ تعداد بڑھ کر 110 ہو گئی۔ کینٹ ڈویژن میں نسبتاً کمی کا ریکارڈ کی گئی جہاں گزشتہ سال 166 کے مقابلے میں رواں سال 148 مقدمات درج ہوئے۔

بقیہ بلوچستان نیوز 75

اور اس کے نامعلوم ساتھیوں نے دلہن صبا پر اندھا دھند فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں اسے سینے اور پیٹ میں گولیاں لگیں۔ زخمی دلہن کو اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکی۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم سرفراز، صبا سے شادی کرنا چاہتا تھا، جس کی پاداش میں اس نے یہ جرم کیا۔ دلہن کے قتل کے باعث خوشیوں بھرے گھر میں صف ماتم بچھ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ سی ڈی میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

بعدالت مجلس شوریٰ خضدار

اپیل نمبر 36/2026 متدائرہ 02/09/2026

اشتہار زیر آرڈر 41 رول 14 ضابطہ دیوانی مجریہ 1908

1۔ بلال احمد 2۔ طلال احمد پسران حاجی احمد راہی اقوام گنگو ساکنان صالح آباد تحصیل و ضلع خضدار (پسماندگان، مرحوم حاجی احمد راہی) 3۔ مسماۃ کلثوم زوجہ عبیداللہ 4۔ مسماۃ حلیمہ زوجہ محمد عمر دختران حاجی احمد راہی اقوام گنگو ساکنان صالح آباد تحصیل و ضلع خضدار (پسماندگان، مرحوم حاجی احمد راہی) 5۔ مسماۃ کوثر بلوچ زوجہ سلطان بلوچ دختر حاجی احمد راہی قوم گنگو ساکن صالح آباد تحصیل و ضلع خضدار سکنہ حال ساؤ پالو برازیل (پسماندہ، مرحوم حاجی احمد راہی) 6۔ لعل بی بی زوجہ صالح محمد دختر حاجی احمد راہی قوم گنگو ساکن تحصیل حب ضلع لسبیلہ موجودہ ضلع حب (پسماندہ، مرحوم حاجی احمد راہی) 7۔ مسماۃ سکینہ بیوہ مرحوم جلال قوم جام سکنہ صالح آباد تحصیل خضدار 8۔ مسماۃ راحیلہ، نابالغ 9۔ مسماۃ لاجبہ، نابالغ 10۔ ریحان راہی، نابالغ پسر و دختران جلال احمد اقوام گنگو ساکنان صالح آباد تحصیل و ضلع خضدار، مدعیان نمبر 8 تا 10 بذریعہ قدرتی ولی مدعیہ نمبر 7 (پسماندگان، مرحوم جلال احمد ولد مرحوم حاجی احمد راہی) 11۔ مسماۃ بلقیس بانو بیوہ حاجی احمد راہی قوم مینگل سکنہ صالح آباد تحصیل و ضلع خضدار۔ (پسماندہ، مرحوم حاجی احمد راہی) ۔۔۔۔۔۔۔مرافعہ گزاران

بنام

1 غوث بخش ولد بھادین قوم گنگو ساکنان فیروز آباد تحصیل خضدار 2۔ حق نواز ولد احمد یار خان قوم قمبرانی سکنہ تحصیل و ضلع خضدار حال کراچی 3۔ تحصیلدار خضدار 4۔ خلیل احمد 5۔ رابعہ زوجہ محمد اسماعیل 6۔ رشیدہ زوجہ سرور پسر و دختران حضور بخش اقوام گنگو ساکنان فیروز آباد تحصیل ضلع خضدار (پسماندگاہ حضور بخش ولد بھادین) 7۔ نسیمہ زوجہ عبدالخالق دختر حضور بخش قوم گنگو ساکن زیدی تحصیل و ضلع خضدار (پسماندگاہ حضور بخش ولد بھادین) 8۔ محمد قاسم ولد لعل بخش قوم گنگو سکنہ فیروز آباد تحصیل خضدار ۔۔۔۔۔۔۔مرافعہ علیہم A۔ خان محمد ولد محمد یوسف (حذف شد بوجہ انتقال) بذریعہ حکم محررہ 21/05/2024 قوم گنگو ساکنان فیروز آباد تحصیل خضدار B۔ غلام حیدر ولد خان محمد قوم جاموٹ سکنہ کوئٹہ حال تحصیل و ضلع خضدار (بعد از انتقال کر گیا)۔

اپیل زیر دفعہ 96 ض د برخلاف فیصلہ و ڈگری عدالت قاضی جھالاوان 2 خضدار محررہ 15/05/2026 بشمول زیر دفعہ 24 دستور العمل دیوانی قلات۔

دعویٰ: استقرار حق بذریعہ و خلیابی اراضیات و منسوخی اندراجات واقع موضع گنگو شرقی فیروز آباد تحصیل خضدا۔۔۔۔۔۔۔ (وغیرہ)

ہرگاہ کہ عنوان بالا اپیل عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے آپ کے اس عدالت سے متعدد بار نوٹس / سمعنات برائے حاضری جاری ہو چکے ہیں مگر مروجہ طریقہ کار کے مطابق تم مرافعہ علیہم 1۔ غوث بخش ولد بھادین قوم گنگو ساکنان فیروز آباد تحصیل خضدار 2۔ حق نواز ولد احمد یار خان قوم قمبرانی سکنہ تحصیل و ضلع خضدار حال کراچی 3۔ تحصیلدار خضدار 4۔ خلیل احمد 5۔ رابعہ زوجہ محمد اسماعیل 6۔ رشیدہ زوجہ سرور پسر و دختران حضور بخش اقوام گنگو ساکنان فیروز آباد تحصیل ضلع خضدار (پسماندگاہ حضور بخش ولد بھادین) 7۔ نسیمہ زوجہ عبدالخالق دختر حضور بخش قوم گنگو ساکن زیدی تحصیل و ضلع خضدار (پسماندگاہ حضور بخش ولد بھادین) 8۔ محمد قاسم ولد لعل بخش قوم گنگو سکنہ فیروز آباد تحصیل خضدار پر نوٹس / سمعنات تعمیل نہیں ہو پا رہے ہیں آپ مرافعہ علیہم کو اس اشتہار کے ذریعے حکم ہوتا ہے کہ مقرر تاریخ پیشی 05/11/2026 کو جو تمہارے حاضری کیلئے مقرر ہے اصالتاً وکالتاً یا مختار حاضر آ کر جواب دہی و پیروی اپیل کرو۔ بصورت دیگر تمہارے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور اپیل یکطرفہ طور پر فیصلہ ہوگا۔

آج بتاریخ 22 اکتوبر 2026 کو یہ اشتہار ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

ممبر مجلس شوریٰ خضدار

بعدالت مجلس شوریٰ خضدار

اپیل نمبر 26/2026 متدائرہ 12/08/2026

اشتہار زیر آرڈر 41 رول 14 ضابطہ دیوانی مجریہ 1908

1۔ مسماۃ زلیخہ زوجہ رحیم بخش اقوام نقوانی ساکنان اکرو سب تحصیل کرخ ضلع خضدار (مرافعہ گزاران / مدعیان)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(وغیرہ)

بنام

عقیل احمد پسران رحیم بخش قوم نقوانی ساکنان اکرو کرخ ضلع خضدار۔۔۔۔۔۔(مرافعہ / مدعا علیہم)۔ اپیل زیر دفعہ 96 دستور العمل دیوانی قلات و دفعہ 24 ضابطہ دیوانی قلات برخلاف فیصلہ و ڈگری

مصدرہ 18/05/2026 عدالت قاضی جھالاوان (ii) خضدار

دعویٰ: استقرار حق و حکم امتناعی دوامی بذریعہ پختہ تقسیم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(وغیرہ)

اشتہار بنام

8۔ غوث بخش 9۔ عمر بذریعہ محمد رفیق 10۔ نور احمد بذریعہ عبدالغفور 11۔ امین بذریعہ محمد نواز 12۔ محمد اشرف 13۔ اللہ داد 14۔ علی نواز 15۔ شاہنواز 16۔ محمد اعظم 17۔ گزبانو 18۔ زاہد دختران و پسران محمد امین اقوام آجبانی ساکنان کلی آجبانی کرخ تحصیل و ضلع خضدار۔

ہرگاہ عنوان بالا اپیل عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے آپ کے اس عدالت سے متعدد بار نوٹس / سمعنات برائے حاضری جاری ہو چکے ہیں مگر مروجہ طریقہ کار کے مطابق تم مرافعہ علیہم 8۔ غوث بخش 9۔ عمر بذریعہ محمد رفیق 10۔ نور احمد بذریعہ عبدالغفور 11۔ امین بذریعہ محمد نواز 12۔ محمد اشرف 13۔ اللہ داد 14۔ علی نواز 15۔ شاہنواز 16۔ محمد اعظم 17۔ گزبانو 18۔ زاہد دختران و پسران محمد امین اقوام آجبانی ساکنان کلی آجبانی کرخ تحصیل و ضلع خضدار پر نوٹس / سمعنات تعمیل نہیں ہو پا رہے ہیں آپ مرافعہ علیہم کو اس اشتہار کے ذریعے حکم ہوتا ہے کہ مقرر تاریخ پیشی 02/11/2026 کو جو تمہارے حاضری کیلئے مقرر ہے اصالتاً وکالتاً یا مختار حاضر آ کر جواب دہی و پیروی اپیل کرو۔ بصورت دیگر تمہارے خلاف حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور اپیل یکطرفہ طور پر فیصلہ ہوگا۔

آج بتاریخ 17 اکتوبر 2026 کو یہ اشتہار ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

ممبر مجلس شوریٰ خضدار

طلبہ سیاست پر پابندیوں کا خاتمہ لازمی ہے، پشتونخوامیپ/پشتونخوا ایس او

ملک اس وقت شدید سیاسی، آئینی، معاشی اور جمہوری بحران سے گزر رہا ہے، رہنماؤں کا خطاب

غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری اقدام سے اجتناب کرنا ہوگا، عبدالرحیم زیارتوال، سید لیاقت آغا، عبدالقہار خان ودان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کی جنرل باڈی میٹنگ ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں 27 اکتوبر کو ہونے والی صوبائی کانفرنس کی تیاریوں، تنظیمی فعالیت، طلبہ سیاست کی بحالی اور موجودہ ملکی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخواملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، سراج الحق

بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

کوئٹہ (آن لائن) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے بلوچستان میں امن وامان کی مخدوش صورتحال، سرحدوں کی بندش اور

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، سردار کھیتران

عوام سیکیورٹی اداروں کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف مؤثر

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مدارس کا نصاب دینی بقاء کا ضامن ہے، مولانا عبدالقادر لونی

پرامن تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، مرکزی امیر جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ضلعی

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، شاہد رند

قلعہ سیف اللہ میں دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت فورسز کی مؤثر کارروائی کا مظہر ہے

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، اے این پی کے سربراہ ایمل ولی خان تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

ملک کو غیروں کی جنگ میں جھونکا جارہا ہے، مولانا محمود الحسن

آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے کہا کہ حکمران غیروں کے ڈالرز کی خاطر ملک کو ایک بار پھر آپریشنز سے غیروں کی جنگ میں جھونکا جارہا ہے۔ غیروں کی جنگ میں 80 ہزار سے زائد قیمتی جانوں کی ضیاع اور 150 ارب ڈالر سے زائد کا معاشی نقصان اٹھایا ہے۔ اس کی نتائج

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے خلاف ریاست کے شانہ بشانہ ہیں، طاہر اشرفی

انتہا پسندی اور فرقہ وارانہ تشدد پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مدارس عربیہ اسلام اور پاکستان کی خدمت کر رہے ہیں۔ دہشت گردی، انتہا پسندی اور فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف مدارس عربیہ ماضی میں بھی ریاست کے ساتھ کھڑے تھے اور آج بھی ریاست پاکستان کے شانہ بشانہ ہیں۔

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مراد جمالی سے اغواء طالبہ نے کراچی میں کورٹ میرج کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے اغواء ہونے والی طالبہ نے کراچی میں ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی نوجوان سے کورٹ میرج کرلی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ایریگیشن کالونی سے 22 اکتوبر کو ٹیوشن سے واپسی پر گھر جاتے ہوئے اغواء ہونے والی طالبہ اقراء نے ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی نوجوان ہزار

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حنا جاوید کے اہلخانہ کا مریم نواز کو خط، جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

راولپنڈی (این این آئی) حنا جاوید قتل کیس میں متاثرہ خاندان نے تحقیقات کیلئے فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ مقتولہ حنا جاوید کے اہلخانہ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو کھلا خط لکھ کر پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی کے نتائج کو مسترد کرتے ہوئے تحقیقات کیلئے فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہلخانہ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب

بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں چوروں اور علاقہ مکینوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز مستونگ گرڈ اسٹیشن کے قریب نامعلوم ملزمان نے گاڑی چھیننے کی کوشش کی ملزمان اور علاقہ مکینوں کے درمیان فائرنگ ہوئی ملزمان موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ پولیس نے موٹر سائیکل قبضے میں لیکر کارروائی شروع کر دی۔

پنجاب بار کونسل کا بار ووکیشنل کورس کی کلاسز لائیو کرانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے قانون کی ڈگری مکمل کرنے والے طلبہ کے لیے بار ووکیشنل کورس کی کلاسز لائیو کرانے کا فیصلہ کیا ہے جس سے پنجاب بھر کے دور دراز علاقوں میں مقیم لاء گریجویٹس کو پیشہ ورانہ قانونی تربیت کے حصول میں سہولت ملے گی، اس اقدام سے طلبہ کو کلاسز میں براہ راست شرکت کا موقع ملے گا جبکہ ان کے وقت اور سفری اخراجات کی بھی بچت ہوگی۔ پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نائیجیریا میں نو بیاہتا جوڑوں کو تحفے میں سولر پینلز دیئے جانے لگے

ابوجہ (این این آئی) سولر پینلز کا استعمال کافی عام ہو چکا ہے مگر ایک ملک میں تو اسے شادی کے تحفے کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔ سولر پینلز، انورٹرز اور لیتھیم بیٹریز کو افریقی ملک نائیجیریا میں شادی کے تحفے کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس افریقی ملک میں پٹرول کی قیمت مسلسل بڑھ رہی ہے جبکہ بجلی کی سپلائی گھٹ رہی ہے۔ امریکی

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کی بجائے دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم کرے، طارق فضل چوہدری

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے قیام کی بات کی، جب بھی جارحیت مسلط کی گئی، اس کا منہ توڑ جواب دیا گیا

اگر افغان سرزمین دہشتگردی کے لیے استعمال ہوتی رہی تو پاکستان کو تمام ضروری اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ افغان حکام کی پاکستان کے خلاف الزام تراشی کو مسترد کرتے ہیں، افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان پر لگائے جانے والے افغان الزامات کی کوئی حقیقت نہیں، افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تشدد کا نشانہ بننے والے آفیسر شفقت تنویر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے

نیلم (آئی این پی) آزاد کشمیر کے علاقے وادی نیلم میں مبینہ طور پر درختوں کی کٹائی روکنے پر تشدد کا نشانہ بننے والے بلاک آفیسر شفقت تنویر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے۔ واقعے کے خلاف لواحقین اور مظاہرین نے میت شاہراہ نیلم پر رکھ کر احتجاج کیا اور تمام ذمہ داروں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ پولیس تھانہ شاردہ نے کارروائی کرتے ہوئے خواجہ لیاقت سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ واقعے میں ملوث مزید 8 ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ملوث تمام افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

وفاقی وزیر امیر مقام جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

امریکہ کا سپر پاور کا گھمنڈ اسے ٹکنے نہیں دے رہا' سعد رفیق

پاسداران انقلاب کے بے لچک رویے نے دشمن کا کام آسان کیا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ مڈل ایسٹ پر جنگ کے منڈلاتے بادل پریشان کن ہیں، عالمی امریکی غنڈہ گردی اور صیہونی جارحانہ سازشیں عالمی امن کی تباہی کی بنیاد ہیں، امریکہ کا سپر پاور کا گھمنڈ اسے ٹکنے نہیں دے رہا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران کے پاسداران انقلاب کے بے لچک

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومتی پالیسیوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے، رانا تنویر

حکومت کسانوں کو فصلوں کی پوری قیمت ادا کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے، مشکل حالات کے بعد بہتری آئے گی۔ اپنے آبائی علاقے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کم عمر بچوں سے بدفعلی کے واقعات میں 16 فیصد اضافہ

رواں سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران بدفعلی کے 670 مقدمات درج ہوئے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں کم عمر بچوں کے ساتھ بدفعلی کے واقعات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران بدفعلی کے 670

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹریفک حادثہ، نوجوان جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کا رہائشی نوجوان محمد اکبر عمرانی ڈیرہ اللہ یار زیرو پوائنٹ کے مقام پر ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگیا جن کو تشویش ناک حالت میں ڈیرہ اللہ یار سول اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ واقعے کے بارے میں تحقیقات سٹی پولیس ڈیرہ اللہ یار کررہی ہے۔

گوجرانوالہ، ولیمے کی تقریب سے واپسی پر دلہن قتل

گوجرانوالہ (آئی این پی) گوجرانوالہ میں ولیمے کی تقریب سے واپس گھر جاتے ہوئے دلہن صبا کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق قتل کا واقعہ گن آباد چونگی کے قریب پیش آیا، جہاں موٹر سائیکل سوار دو ملزمان نے دلہا سفیان کی گاڑی کو روکا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم سرفراز

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

غزہ یونیورسٹی پر اسرائیلی حملہ 4 افراد جاں بحق

غزہ شہر میں واقع اسلامی یونیورسٹی کو ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا، طلبہ کلاسز لے رہے تھے

طلبہ اور تعلیمی اداروں پر حملوں کے حوالے سے عالمی برادری کی خاموشی ایسے واقعات کے تسلسل کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، وزارت تعلیم

غزہ (بلوچستان نیوز) غزہ شہر کی ایک یونیورسٹی پر اسرائیلی حملے میں 4 افراد جاں بحق جبکہ آٹھ زخمی ہوگئے اسپتال انتظامیہ اور یونیورسٹی کے عملے نے تصدیق کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کے روز غزہ شہر میں واقع اسلامی یونیورسٹی کو ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ حملے کے وقت طلبہ یونیورسٹی میں کلاسز لے رہے تھے۔ اسلامی یونیورسٹی کے عملے سے وابستہ دو ذرائع نے بتایا کہ حملے میں

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت اور افواج کا اشتراک قابل تحسین ہے، عبدالرحمٰن

افواج کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور لازوال قربانیاں امن و استحکام کی روشن مثال ہیں

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ترقی، خوشحالی کیلئے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، بابر یوسفزئی

صوبے میں دیرپا امن کے قیام تک جدوجہد جاری رہے گی، معاون برائے داخلہ

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بی آر اے کی ٹیم کا ریسٹورنٹس اور کیفیز کا دورہ

رجسٹریشن اور دیگر قانونی ٹیکس تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے نوٹسز جاری

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کروم بکس اور لیپ ٹاپ بانٹنا تعلیمی بحران کا حل نہیں، اسلم غوری

تعلیمی سہولیات حکومت کا احسان نہیں، ہر بچے کا بنیادی حق ہے

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

یوتھ ووکیشنل اسکل ٹریننگ پروگرام، 240 طالبات زیر تربیت

وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایات پر 720 سے زائد نوجوانوں کو فنی تربیت فراہم کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو سے سابق صوبائی مشیر میر خالد لانگو ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس

جون 2027 تک 5734 واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل کرنے کا ہدف

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صاف پانی اتھارٹی کا خصوصی اجلاس ہوا جس میں انہوں نے جون 2027 تک 5734 واٹر فلٹریشن پلانٹ مکمل کرنے کا ہدف دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مانیٹرنگ متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر کو سونپ دی، اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام سے زندہ رہنے کا حق چھیننا کہاں کی حکمرانی ہے، ہدایت الرحمٰن

بدامنی، گیس بجلی کے ناجائز بلز اور گندم، آٹا، ایل پی جی بحران عوام دشمن پالیسی ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی، گیس بجلی بھاری ناجائز بلز، 18، 20 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کیساتھ گندم، آٹا، ایل پی جی بحران بھی جاری ہیں جس کی وجہ سے عوام پریشان مشکلات کا شکار ہیں۔ اسلام آباد کے حکمران بلوچستان کے عوام کو خودکشی،

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عراق میں ایرانی کرد گروپ کے ٹھکانے پر ڈرون حملہ

امریکہ کی جانب سے عراق میں ممکنہ حملوں کا انتباہ، شہریوں کو سفر سے گریز کی ہدایت

واشنگٹن/بغداد/تہران (این این آئی) ایران کی مسلح افواج نے عراقی کردستان میں ایرانی کرد اپوزیشن گروپ کے ٹھکانوں پر ڈرون حملہ کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق بالیسان کے علاقے میں گذشتہ رات کومالا نامی دہشت گرد اور علیحدگی پسند گروپ کے ہیڈکوارٹر کو نشانہ بنایا گیا جو پاسداران انقلاب کی زمینی افواج کے ایک ڈرون آپریشن کا حصہ تھا۔ اس

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیراعلیٰ مریم نواز اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اوتھل ٹریفک حادثات، ایک شخص جاں بحق، 12 افراد زخمی

زخمیوں میں خواتین اور بچے بھی شامل، فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا

لسبیلہ (نامہ نگار) اوتھل کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اوتھل کے علاقے میں بیلہ سے وندر جانے والی تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا ایران کے خلاف ممکنہ حملے کی تیاری کر رہا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی جریدے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف ممکنہ حملے کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی جریدے کے مطابق امریکا کی مسلح افواج نے طیارہ بردار بحری جہاز جارج واشنگٹن کو ہتھیاروں اور میزائلوں کے ذخیرے کی سپلائی پہنچادی ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق بحری جہاز میں ایسے ہتھیار بھی لوڈ کیے جا رہے ہیں جو ایران کی زیر زمین ایٹمی تنصیبات اور مضبوط فوجی انفرا اسٹرکچر کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

فریال تالپور سے پروفیسر طاہر ملک کی ملاقات، کتاب پیش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی صدر و ممبر صوبائی اسمبلی فریال تالپور سے پروفیسر طاہر ملک نے ملاقات کی اور انہیں معروف دانشور پروفیسر فتح محمد ملک کی تصنیف "دخترِ ملت بے نظیر شہید" پیش کی۔ ملاقات کے دوران شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی سیاسی جدوجہد، جمہوریت کے لیے خدمات اور پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ان کے کردار کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ کتاب "دخترِ ملت بے نظیر شہید" شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی شخصیت اور سیاسی جدوجہد کو موضوع بناتی ہے۔ پروفیسر طاہر ملک کی جانب سے کتاب کی پیشکش اس عظیم سیاسی ورثے اور تاریخ کو محفوظ رکھنے کی اہمیت کی عکاس ہے۔

سبی، کلہاڑیوں سے وار کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا

لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، مزید تفتیش شروع

کوئٹہ (آن لائن) سبی کے علاقے میں ایک شخص کو قتل کر دیا گیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز سبی کے علاقے کڑک گاؤں کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں سے وار کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت وزیر خان کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

طلبہ سیاست پشتون قومی تحریک کا اہم حصہ ہے، خوشحال کاکڑ

نوجوانوں کو جمہوری، سیاسی اور قومی شعور سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت، پنجاب میں مقیم پشتون طلبہ، مزدوروں اور محنت کشوں سے امتیازی سلوک بند کیا جائے

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن طلبہ کے مسائل اجاگر، ان حقوق کے تحفظ اور نوجوانوں میں سیاسی و فکری شعور بیدار کرنے کے لیے کردار ادا کرے

لاہور/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین و رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ طلبہ سیاست پشتون قومی تحریک کا اہم حصہ ہے اور نوجوانوں کو جمہوری، سیاسی اور قومی شعور سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پنجاب میں مقیم پشتون طلبہ، مزدوروں اور محنت کشوں کو درپیش مسائل، امتیازی سلوک اور روزگار کی مشکلات کا خاتمہ اور ان کے بنیادی انسانی، شہری و آئینی حقوق

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جمہوری جدوجہد سے دستبردار نہیں ہونگے، مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام کو پُرامن سیاسی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے کی سزا دی جارہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دوحہ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

نوشکی، غریب آباد میں قبائلی رہنما کے گھر پر راکٹ حملہ

نوشکی (یو این اے) ضلع نوشکی کے علاقے غریب آباد حمید کالونی میں ایک سرکردہ قبائلی رہنما کے گھر پر نامعلوم سمت سے داغا گیا راکٹ کا گولہ جا گرا، تاہم

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستانی ڈیری سیکٹر میں اہم پیشرفت

فیصل آباد (آئی این پی) اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹی کونسل) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان کے ڈیری سیکٹر میں اہم پیش رفت ہورہی ہے۔ ایس

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نال، مسلح افراد موبائل فون چھین کر فرار

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کی تحصیل نال کے مرکز نال سٹی میں بدامنی اور چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں تشویشناک اضافہ دیکھا جارہا ہے، جہاں دن دہاڑے نامعلوم مسلح افراد ایک دکاندار کے فرزند سے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھین کر باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نال سٹی کے مصروف علاقے باب ہوٹل ایریا میں واقع پرچون کی دکان کے مالک مراد کے فرزند شعیب پر نامعلوم مسلح ملزمان نے اچانک حملہ کر دیا اور اس سے قیمتی موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔

صارفین کو گیس کے بھاری بل بھیجنا ظلم ہے، پشتونخوا نیپ

صارفین کو 18 ہزار روپے سے زائد کے بل موصول ہونا تشویشناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ شہر میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے انتہائی کم گیس استعمال کرنے والے صارفین کو ہزاروں روپے کے بھاری بل بھیجنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عوام پر معاشی بوجھ ڈالنے اور

بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نائیجیریا میں مسلح افراد کا گاؤں پر حملہ، 40 افراد ہلاک

دکانوں سے اشیائے خوردونوش لوٹ لیں، پولیس کی آمد سے پہلے حملہ آور فرار

ابوجا (آئی این پی) نائیجیریا کی شمال مشرقی ریاست ترابا کے گاؤں بناری میں مسلح افراد کے حملے میں کم از کم 40 افراد ہلاک ہو گئے۔ نائیجیریا کے شمال مغربی علاقوں خصوصاً زمفارا، کاتسینا، کدونا اور سوکوتو میں مسلح جرائم پیشہ گروہ، جنہیں مقامی طور پر

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

غزہ، اسلامی یونیورسٹی پر اسرائیلی حملے کے بعد آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

بھارت، اسکوٹر کھڑی کرنے کے تنازع پر فائرنگ سے دوست قتل

امرتسر (این این آئی) بھارتی ریاست پنجاب کے شہر امرتسر میں 27 سالہ نوجوان کو اس کے گھر کے باہر گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ واقعہ گلی میں کھڑی اسکوٹر کو راستے سے ہٹانے کے معاملے پر ہونے والے جھگڑے کے بعد پیش آیا۔ پولیس نے اسی محلے میں

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فلپائن، مارکیٹ میں آتشزدگی سے 5 افراد ہلاک

منیلا (این این آئی) فلپائن کے جزیرے لوزون کی مارکیٹ میں آتشزدگی سے 5 افراد ہلاک ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق آگ گزشتہ رات سورسوگون شہر کی ایک عوامی مارکیٹ میں لگی جو تیزی سے پوری مارکیٹ میں پھیل گئی، تاہم شعبہ ہنگامی حالات کے عملے نے بھرپور کوشش سے اس پر قابو پالیا۔

کچھی میں امن و امان کی صورتحال خراب ہے، چنگیز حئی

عوامی مسائل کے حل کیلئے جمہوری جدوجہد جاری رہے گی، اجلاس سے خطاب

ڈھاڈر (آن لائن) نیشنل پارٹی کچھی کے کونسل کا اجلاس ڈھاڈر میں ضلعی صدر ملک اسد اللہ بنگلزئی کی صدارت میں منعقد ہوا جسکے مہمان خاص مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برائے بلوچستان میراں بلوچ اور صوبائی جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ تھے

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

طالبان رجیم کی پالیسیاں افغانستان کی تاریخی وثقافتی شناخت کیلئے خطرہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں افغان نمائندہ نصیر احمد فائق نے طالبان رجیم کی ثقافتی پابندیوں اور امتیازی پالیسیوں کو آشکار کردیا۔ اقوام متحدہ میں افغان نمائندہ نصیر احمد فائق نیا قوام متحدہ

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شعبان سے اغواء 5 افراد ڈھائی سال بعد بھی بازیاب نہ ہوسکے

مغویوں کے اہل خانہ کا کور کمانڈر کوئٹہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے شعبان سے اغوا کیے گئے ایک خاندان کے پانچ افراد اڑھائی سال گزرنے کے باوجود بازیاب نہ ہوسکے، جس کے باعث مغویوں کے اہل خانہ شدید ذہنی اذیت اور اضطراب کا شکار

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کے پی کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کر دی، امیر مقام

تحریک انصاف کے 13 سالہ دور حکومت کے خاتمے پر صوبے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا، نجات ملنے پر خوش ہیں، خطاب

پی ٹی آئی کے ساتھ 12 گھنٹے تک مذاکرات کیے، سابق وزیراعلیٰ صرف جھوٹ بولتے رہے، عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی ایجنڈا پیش نہ کرسکے

بشام (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و سیفران امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کردی، صوبے میں جلد تبدیلی نظر آئے گی۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے لوٹ مار اور کرپشن کے دور کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے 13 سالہ دور حکومت کے خاتمے پر

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال ناصر سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

امریکی ریاست فلوریڈا میں فائرنگ سے 12 افراد زخمی

فلوریڈا (این این آئی) امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر ٹیلاہاسی میں فائرنگ سے 12 افراد زخمی ہوگئے۔ امریکی پولیس حکام کا کہنا تھا کہ زخمیوں میں 6 بچے بھی شامل ہیں جبکہ 3 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق فائرنگ سے پہلے کچھ افراد کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ امریکی پولیس کا یہ بھی کہنا تھا کہ واقعے کے حوالے سے ابھی کوئی گرفتاری نہیں ہوئی ہے۔

ڈیزل، پٹرول اور بجلی کے نرخوں میں کمی کی جائے، کسان اتحاد

گندم کا نرخ 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا اعلان امید کی ایک نئی کرن ہے

ہری پور (این این آئی) پاکستان کسان اتحاد کے رہنما چوہدری محبوب منہاس نے کہا ہے کہ کسانوں کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈیزل، پٹرول اور بجلی کے نرخوں میں کمی کی جائے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک کا کسان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہے، گزشتہ تین سال کے دوران مہنگائی، زرعی اخراجات میں اضافے اور

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سانگھڑ، بس اور کار کی ٹکر، بچے سمیت 5 افراد جاں بحق

حادثے میں 2 خواتین اور 2 بچے زخمی بھی ہوئے، ہسپتال منتقل

سانگھڑ (آئی این پی) صوبہ سندھ کے شہر سانگھڑ میں بس اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق افسوسناک واقعہ سانگھڑ کے علاقے ٹنڈو آدم جھول روڈ پر پیش آیا جہاں کراچی سے سانگھڑ جانے والی مسافر بس کی کار سے ٹکر ہوگئی، حادثے میں کار میں سوار 4 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ بعدازاں زخمیوں کو حیدرآباد منتقل کرتے ہوئے ایک اور زخمی خاتون دم توڑ گئی، جاں بحق ہونے والوں میں 2

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نامعلوم مسلح افراد پانچ موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد ڈکیتی اور رہزنی کی مختلف وارداتیں پانچ موٹر سائیکلز نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے ڈکیتی اور رہزنی کے واقعات سے عوام سخت پریشان پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود پٹ فیڈر پل ریلوے پھاٹک کے مقام پر تین نقاب پوش مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر عابد علی ابڑو سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین

بقیہ نمبر صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نشتر ہسپتال میں سی ٹی اسکین نہ کرنے پر تنازع، ویڈیو وائرل

ملتان (این این آئی) نشتر ہسپتال کی ایمرجنسی میں مریض کے سی ٹی اسکین اور علاج کے معاملے پر لواحقین اور ڈاکٹر کے درمیان تنازع پیدا ہوگیا جس کے بعد مریض کے بھائی کلیم اللہ نے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کر دی۔ مریض کے بھائی کلیم اللہ نے الزام عائد کیا کہ ان کے بڑے بھائی کا سی ٹی اسکین نہیں کیا جارہا تھا، تاہم ڈی ایم ایس اور ایم ایس نے تعاون کیا لیکن ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر کا رویہ نامناسب تھا۔ دوسری جانب نشتر ہسپتال کے ترجمان کے مطابق ڈیوٹی پر موجود پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹر فہد نے مریض کا معائنہ کرنے کے بعد علاج تجویز کیا تھا، تاہم کلیم اللہ مسلسل سی ٹی اسکین کرانے پر اصرار کرتے رہے۔

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار

قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، موٹر سائیکل چوروں، غیر قانونی طور پر رہائش پذیر اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر سٹیلائٹ ٹاؤن پولیس نے اختر محمد سے 2 کلو چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا اسی طرح زین اللہ سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی اور عبدالسلام کو فارن ایکٹ کے تحت گرفتار کرلیا۔



لاہور، پشتونخوا نیپ کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ و دیگر پشتونخوا ایس او کے زیر اہتمام کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

معروف ادویات کے 7 نمونوں میں اصل موثر اجزا موجود نہ ہونے کا انکشاف

متعلقہ دواساز کمپنیوں، ادویات کی تیاری اور ان کی ترسیل کے ذرائع کی جانچ پڑتال اہم ہوگئی

ویلوسیف، آگمینٹن، نو-سپا فورٹ، میوکین سسپنشن اور بریکمین کے مخصوص بیچ کے نمونے جعلی قرار دیے گئے، لیگز و برون بھی جانچ میں جعلی نکلا

کراچی (بلوچستان نیوز) سندھ میں 6 معروف ادویات کے 7 بیچز کو جعلی قرار دے دیا گیا۔ ادویات کی جانچ کرنے والی سرکاری تجربہ گاہ کی رپورٹس میں مختلف ادویات کے نمونوں میں اصل مؤثر اجزا موجود نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد متعلقہ دواساز کمپنیوں، ادویات کی تیاری اور ان کی ترسیل کے ذرائع کی جانچ پڑتال لازم ہوگئی ہے۔ رپورٹس کے مطابق ویلوسیف، آگمینٹن،

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر ملاحظہ فرمائیں